النكتة: جمعهُ النكات، وهي مسئلةٌ لطيفةٌ أخرجت بدقة نظرٍ أو إمعانِ فكرٍ، وبعبارةٍ أخرى: هي الدقيقة التي تُحَصَّلُ بإمعان النظرِ، سميت بها لتأثيرها في النفوس. (دستور)

اللطيفة: هي كل إشارةٍ دقيقةِ المعنى تلوح للفهم لاتسعها العبارةُ كطعوم الأذواق. (دستور)

الوجود : بديهيُّ التصور، فلا يجوز أن يُعرَّف إلا تعريفاً لفظياً، يقال وجد من عدم فهو موجود. (مبادي)

الوجود الحقيقي: وهو حقيقتهُ الموجودةُ في نفسها(أي في الخارج).(دستور)

الوجود الذهني: وهو وجوده الظِّلّيُّ المثاليُّ الموجود في الذهن. (دستور)

الوجود اللفظي: وهو وجود لفظهٖ الدالّ على الوجود الخارجي والمثال الذهنيّ. (دستور)

الوجود الكتابي: وهو وجود النقوش الدالة على اللفظِ الدالّ على الشيءِ. (دستور)

الوهم: تصوُّر النسبة مع رجحان جانب مخالفها، فهو الإدراک المرجوح. (حاشیه ش)

الهداية الموصلة :(عند الأشاعرة)إراء طة الطريق الموصل فی نفس الا مر الی المطلوب.(وعند المعتزلة) هی الدلالة الموصلة أی الإ يصال إلی المطلوب. (دستور)

هلم جرا : تعبيرٌ يقصد به الاستمرار وليس المقصود الجَرُّ الحِسّيُّ بل التعميم (دستور)

الهوية : هي عبارة عن التشخص. (کشاف)

الهيولىٰ لغةً : لفظ يونانيٌّ بمعنى الأصل و المادّة.

واصطلاحاً : هي جوهر في الجسم قابل لما يعرض لذلک الجسم من الاتصال و الانفصال محل للصورتين الجسمية و النوعية. (ک)

اليقين:هو اعتقاد الشيء بأنه كذا ،مع اعتقاده بأنه لا يمكن أن يكو ن إلا كذا اعتقادا مطابقا ثابتا غير ممكن الزوال .(دستور)

مقدمة العلم

علم: کسی چیز کی وہ صورت جو عقل میں آئے میں اسے علم کہتے ہیں، جیسے کسی نے بولا زید، اور ذہن میں اس کی صورت آ گئی تو یہ زید کا علم ہے۔

علم کی دو قسمیں ہیں؛(۱) علم حصولی (۲) علم حضوری

علم حصولی: وہ علم ہے جو عقل مند، سمجھ دار کو کسی چیز کی صورت سے حاصل ہو، اس کو علم انطباعی (نقشی علم) بھی کہتے ہیں کیوں کہ یہ علم شیء کے مُدرِک کے پاس محض پائے جانے سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ اس کی صورت ذہن میں لانے کے بعد حاصل ہوتا ہے، جیسے جب ہم اپنی ذات کے علاوہ دیگر خارج میں پائی جانے والی چیزوں کو جاننا چاہتے ہیں تو اس کی صورتیں ہمارے ذہن میں آتی ہیں، یہ "صُوَرِ علمیہ" ہیں، پھر صور علمیہ کے ذہن میں آنے کے بعد حالتِ ادراکیہ یعنی جاننے کی صلاحیت اس سے مل جاتی ہے اور وہ صورتیں نقش ہو جاتی ہیں پس چیزوں کا علم ہوتا ہے۔

علم حضوری: وہ علم ہے جو اشیاء کے مُدرِک کے پاس بہ ذاتِ خود موجود ہونے سے حاصل ہوتا ہے، جیسے ہماری ذوات اور اس کے متعلقات کا علم، نیز باری تعالی کا اپنی ذات اور دیگر تمام معلومات کا علم بھی علمِ حضوری کے قبیل سے ہے۔

نوٹ: جو چیز خود بہ خود مدرک کے پاس موجود نہ ہو، اور اس میں کسب کا دخل نہ ہو تو اس علم کو "علم حضوری" کہتے ہیں، اور اگر شیء معلوم خود بہ خود موجود نہ ہو بلکہ اس میں کسب کا دخل ہو، تو اس علم کو "علم حصولی" کہا جاتا ہے، پھر اگر علم حاصل کرنے والا قدیم ہو تو اس علم کو "قدیم" کہا جاتا ہے، اور اگر حاصل کرنے والا حادث ہو تو اس علم کو "حادث" کہا جاتا ہے، جیسے

انسان کو اپنے نفس کا علم "علم حضوری حادث" اور اپنے غیر کا علم "علم حصولی" حادث ہے، اور باری تعالیٰ کے جمیع علوم "علم حضوری قدیم" ہیں اور ملائکہ کا علم "حصولی قدیم" ہے۔

علم کی دو قسمیں اور ہیں؛ (۱) تصور (۲) تصدیق

تصور: وہ ایسا علم ہے جس میں نسبت خبریہ کا اعتقاد نہ ہو، جیسے عالم زید، وسیع مکان، مدرسہ کی عمارت وغیرہ۔

تصدیق: وہ ایسا علم ہے جس میں نسبت خبریہ کا اعتقاد ہو خواہ وہ نسبت ایجابی ہو یا سلبی ہو، جیسے زید عالم ہے، دیو بند میں بڑا مدرسہ ہے۔

تصور اور تصدیق میں سے ہر ایک کی دو قسمیں ہیں: (۱) بدیہی (۲) نظری

تصور بدیھی: وہ ایسا تصور ہے جو بغیر غور وفکر کے سمجھ میں آجائے، یعنی اسے سمجھنے کے لیے کسی دلیل کی ضرورت نہ پڑے، جیسے آگ، پانی، مٹی، ہوا کیوں کہ انہیں سمجھنے کے لیے کسی قسم کی غور وفکر اور دلیل کی ضرورت نہیں ہوتی۔

تصور نظری: وہ ایسا تصور ہے جس کو حاصل کرنے کے لیے غور وفکر کی ضرورت ہو، جیسے کسی فن کی اصطلاح؛ مثلاً اسم، فعل اور حرف یا کوئی انجانی چیز جیسے فرشتہ وغیرہ۔

تصدیق بدیھی: وہ ایسا اعتقاد (یقین) ہے جس کے لیے دلیل بنانے کی ضرورت نہ ہو، جیسے اس بات کا یقین کہ آگ گرم ہے، پانی ٹھنڈا ہے۔

تصدیق نظری: وہ ایسا اعتقاد (یقین) ہے جو بلا دلیل حاصل نہ ہو، جیسے اس بات کا یقین کہ تمام دنیا پہلے نہیں تھی بعد میں موجود ہوئی ہے۔

تعریف کی تعریف: وہ چیز جس کے ذریعہ کسی شئے کی حقیقت واضح ہو جائے اسے تعریف کہتے ہیں، جیسے کوئی کہے کہ انسان کون ہے؟ تو آپ جواب میں کہیں کہ وہ ایسا حیوان ہے جو عقل والا اور بولنے والا ہے، تو یہ انسان کی تعریف ہے۔

ھر علم کا موضوع: موضوع ایسی چیز ہے جس کے عوارض ذاتیہ سے کسی علم میں بحث کی جاتی ہے، جیسے فن طب کا موضوع انسان کا بدن ہے، کیوں کہ اس فن میں انسان کے

بدن کی ذاتیات یعنی اس کے اجزاء ہاتھ، پیر، ناک، مونھ وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے، اس طور پر کہ یہ اجزاء صحیح وسالم ہیں یا ان میں کوئی بیماری ہے۔

عوارض کی دو قسمیں ہیں؛(۱)عوارض ذاتیہ (۲) عوارض غریبہ

عوارض ذاتیہ کی پھر تین قسمیں ہیں؛

(۱) وہ عوارض ہیں جو شئی کے بلا واسطہ عارض ہوتے ہیں جیسے انسان کو تعجب بلا واسطہ عارض ہوتا ہے۔

(۲) وہ عوارض ہیں جو شئی کو بواسطۂ امر مساوی داخل کے عارض ہوتے ہیں جیسے انسان کو ادراک عارض ہوتا ہے بواسطہ ناطق کے، اور ناطق انسان کا مساوی ہے اور اس کی حقیقت میں داخل ہے۔

(۳) وہ عوارض ہیں جو شئی کے عارض ہوتے ہیں بواسطہ امر مساوی خارج کے جیسے انسان کو ضحک (ہنسی) عارض ہے بواسطہ تعجب کے اور تعجب میں اور انسان میں تساوی کی نسبت ہے، مگر تعجب انسان کی حقیقت میں داخل نہیں ہے بلکہ خارج ہے۔

اسی طرح عوارض غریبہ کی بھی تین قسمیں ہیں؛

(۱) وہ عوارض ہیں جو شئی ءکو بواسطۂ امر اعم عارض ہوتے ہیں جیسے انسان کو مَشْیٌ (چلنا) عارض ہوتا ہے بواسطہ حیوان کے، اور حیوان انسان سے اعم ہے۔

(۲) وہ عوارض ہیں جو شئی کو بواسطۂ امر اخص عارض ہوتے ہیں، جیسے حیوان کو ضحک بواسطۂ انسان عارض ہوتا ہے اور انسان حیوان سے اخص ہے۔

(۳) وہ عوارض ہیں جو شئی کو بواسطۂ امر مبائن عارض ہوتے ہیں، جیسے پانی کو حرارت بواسطۂ نار (آگ) عارض ہوتی ہے، اور آگ اور پانی میں تباین کی نسبت ہے۔

نوٹ: فن میں بحث عوارض ذاتیہ کی تینوں قسموں سے کی جاتی ہے، عوارض غریبہ سے فن میں بحث نہیں کی جاتی ہے۔ (مفتاح التہذیب)

غرض: وہ نتیجۂ مطلوبہ ہے جس کی وجہ سے فاعل سے فعل صادر ہوتا ہے۔

نوٹ: غایت کی تعریف بھی یہی ہے، البتہ دونوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ غرض میں نتیجہ صرف مطلوب ہوتا ہے، اس نتیجہ کا ترتب اور حصول ضروری نہیں ہے، اور غایت میں نتیجہ مطلوب بھی ہوتا ہے اور اس کا ترتب اور حصول بھی ہوتا ہے، جیسے رہنے کے لیے مکان بنایا، تو سکونت وہ نتیجہ ہے جو مطلوب ہے اور مکان بنانے کی غرض ہے مگر ضروری نہیں کہ مکان بنانے کے بعد وہ اس میں رہے بھی، شداد نے جنت بنائی تھی، مگر اسے دیکھ نہ سکا، اور مکان بنانے کے بعد اس میں سکون پذیر ہو جائے تو یہ مکان بنانے کی غایت ہے۔ (مفتاح التہذیب)

منطق کی تعریف: منطق ایسا قانون ہے جس کی رعایت ذہن کو غور وفکر میں غلطی کرنے سے بچائے۔

منطق کا موضوع: معرف اور حجت ہے۔

معرف اورقول شارح: ایسے نامعلوم تصورات کو جاننا جو مجہول تصورات تک پہنچانے والے ہوں انہیں معرف اور حجت کہتے ہیں، جیسے کسی شخص کو حیوان اور ناطق کا علم ہے، اس نے دونوں کو ملایا تو حیوانٌ ناطقٌ ہوا، یعنی وہ جاندار مخلوق جو عقل کامل رکھنے والی ہو، اس سے اس کو انسان نامعلوم کا علم حاصل ہو گیا۔

حجت: ایسے نامعلوم تصدیقات کو جاننا جو مجہول تصدیقات تک پہنچانے والے ہوں انہیں حجت کہتے ہیں، جیسے کسی شخص کو معلوم ہے کہ انسان جاندار ہے اور اسے یہ بھی معلوم ہے کہ ہر جاندار جسم والا ہے، پس جب وہ دونوں کو ملائے گا تو اسے اس بات کا علم ہو جائے گا کہ انسان جسم والا ہے۔

نظر وفکر: چند جانی ہوئی باتوں کو اس طور پر ترتیب دینا کہ وہ کسی نامعلوم بات تک پہنچائے۔

ترتیب کی لغوی تعریف: ہر چیز کو اس کے مرتبے میں رکھنا۔

اصطلاحی تعریف: متعدد چیزوں کو اس طرح کر دینا کہ ان پر ایک ہی نام بولا جائے اور بعض اجزاء کو دوسرے بعض اجزاء کے اعتبار سے تقدم وتأخر کی نسبت حاصل ہو، جیسے ہینڈل، ٹائر، ٹیوب، گھنٹی وغیرہ سب کو اس طرح ملا دیا جائے اور ترتیب دیا جائے کہ اس کا

نام سائیکل ہو جائے۔

منطق کی غرض و غایت: ذہن کو غور و فکر میں غلطی سے محفوظ رکھنا۔

تصورات

مقدمۃ الکتاب

وضع کی لغوی تعریف: لفظ کو کسی معنی کے مقابلے میں رکھنا۔

وضع کی اصطلاحی تعریف: ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ اس طور پر خاص کر دینا کہ جب پہلی چیز بولی جائے تو دوسری چیز خود بخود معلوم ہو جائے، جیسے لفظ ''قلم'' لکھنے کے آلے کے لیے مقرر کیا گیا ہے، اسی وجہ سے جب لفظ ''قلم'' بولا جاتا ہے تو خود بخود سمجھ میں آ جاتا ہے کہ وہ لکھنے کا آلہ ہے۔

دلالت کے لغوی معنی: راہ دکھانا، راہ نمائی کرنا۔

دلالت کے اصطلاحی معنی: دو چیزوں کے درمیان ایسا جوڑ کہ ایک چیز کے جاننے سے دوسری چیز کو جان لیا جائے، جیسے دھواں دیکھ کر آگ کو جان لیا جاتا ہے، پہلی چیز کو دال اور دوسری چیز کو مدلول کہتے ہیں۔

دلالت کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) دلالت لفظیہ (۲) دلالت غیر لفظیہ

دلالت لفظیہ: وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ ہو، جیسے لفظ ''زید'' کی دلالت اس کی ذات پر۔

دلالت غیر لفظیہ: وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ نہ ہو، جیسے دھویں کی دلالت آگ پر۔

دلالت لفظیہ کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) لفظیہ وضعیہ (۲) لفظیہ طبعیہ (۳) لفظیہ عقلیہ

دلالت لفظیہ وضعیہ: وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ ہو، اور دلالت وضع کی وجہ سے ہو، جیسے لفظ ''زید'' کی دلالت اس شخص پر جس کا نام زید ہے۔

دلالت لفظیہ طبعیہ: وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ ہو، اور دلالت طبیعت کے تقاضے سے ہو، جیسے آہ آہ کی دلالت تکلیف پر، کیوں کہ انسان کی طبیعت تکلیف کے وقت

اس سے آہ آہ کرنے کا تقاضہ کرتی ہے۔

دلالت لفظیہ عقلیہ: وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ ہو، اور دلالت محض عقل کی وجہ سے ہو، جیسے دیوار کے پیچھے سے سنے ہوئے کسی لفظ کی دلالت بولنے والے کے وجود پر۔ ؎۱

دلالت غیر لفظیہ کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) غیر لفظیہ وضعیہ (۲) غیر لفظیہ طبعیہ (۳) غیر لفظیہ عقلیہ

دلالت غیر لفظیہ وضعیہ: وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ نہ ہو، اور دلالت وضع کی وجہ سے ہو، جیسے مدرسہ میں صبح کو گھنٹہ بجنے کی دلالت سبق کا وقت ہونے پر۔

دلالت غیر لفظیہ طبعیہ: وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ نہ ہو، اور دلالت طبیعت کے تقاضے سے ہو، جیسے گرم آنسوں بہنے کی دلالت غم پر۔

دلالت غیر لفظیہ عقلیہ: وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ نہ ہو، اور دلالت محض عقل کی وجہ سے ہو، جیسے دھوپ کی دلالت سورج کے نکلا ہوا ہونے پر۔

دلالت لفظیہ وضعیہ کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) دلالت مطابقی (۲) دلالت تضمنی (۳) دلالت التزامی

دلالت مطابقی: وہ دلالت لفظیہ وضعیہ ہے جس میں لفظ اپنے پورے معنیٰ موضوع لہ پر دلالت کرے، جیسے انسان کی دلالت حیوان ناطق پر، اور جیسے میں نے سائکل خرید لی یعنی پوری سائیکل۔

دلالت تضمنی: وہ دلالت لفظیہ وضعیہ ہے جس میں لفظ اپنے معنیٰ موضوع لہ کے جز پر دلالت کرے، جیسے انسان کی دلالت صرف حیوان پر یا صرف ناطق پر، اور جیسے سائکل پنچر ہوگئی یعنی اس کی ٹیوب۔

دلالت التزامی: وہ دلالت لفظیہ وضعیہ ہے جس میں لفظ اپنے معنیٰ موضوع لہ کے

؎۱ **دلالت عقلیہ**: ایسی دلالت کو کہا جاتا ہے جس میں دال اور مدلول کے درمیان ایسا علاقہ ذاتیہ پایا جائے جس کی وجہ سے ذہن دال سے مدلول کی جانب منتقل ہو جائے۔

لازم پر دلالت کرے، جیسے لفظ عمی کی دلالت بصر پر، اور جیسے نوکر گدھا ہے یعنی بے وقوف ہے۔

لازم: وہ چیز ہے کہ ذہن معنیٔ موضوع لہ سے اس کی طرف منتقل ہو جائے، جیسے انسان کی دلالت قابلیت علم پر اور صنعتِ کتابت پر اور جیسے لفظِ عمی کا دلالت کرنا بصر پر۔

لفظ کا بیان

لفظ: وہ آواز جو انسان کے منہ سے نکلتی ہے اسے لفظ کہتے ہیں جیسے کسی نے بولا زید، مدرسہ، گاؤں وغیرہ، تو یہ سب الفاظ ہیں۔

وہ لفظ جو اپنے معنی پر مطابقۃً دلالت کرتا ہے اس کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) مفرد (۲) مرکب

مفرد: وہ ایسا لفظ ہے جس کے جز سے معنی کے جز پر دلالت مقصود نہ ہو۔

مفرد کے پائے جانے کی چار صورتیں ہیں؛

اول: لفظ کا جز نہ ہو، جیسے ہمزۂ استفہام۔

دوم: لفظ کا جز ہو مگر معنی کا جز نہ ہو، جیسے زید، کیوں کہ "ز، ی، د" کے الگ الگ کوئی معنی نہیں ہیں۔

سوم: لفظ کا جز ہو، معنی کا بھی جز ہو، مگر معنیٔ مقصود پر دلالت نہ کرتا ہو، جیسے عبد اللہ۔

چہارم: لفظ کا جز ہو، معنی کا بھی جز ہو اور معنیٔ مقصود پر دلالت بھی کرتا ہو مگر وہ دلالت مراد نہ ہو، جیسے حیوان ناطق جب کہ کسی کا نام رکھ دیا جائے۔

مرکب: وہ ایسا لفظ ہے جس کے جز سے معنی کے جز پر دلالت مقصود ہو، جیسے زید قائم کی دلالت اس کے معنی (زید کے کھڑے ہونے) پر۔

استقلال اور عدم استقلال کے اعتبار سے لفظ مفرد کی تقسیم

لفظ مفرد کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) اسم (۲) کلمہ (۳) ادات

اسم: وہ ایسا لفظ مفرد ہے جس کے معنی خود بخود سمجھ میں آجائیں اور وہ معنی تینوں زمانوں (ماضی، حال، مستقبل) میں سے کسی کے ساتھ ملے ہوئے نہ ہوں، جیسے زید، عمرو وغیرہ۔

کلمہ: وہ ایسا لفظ مفرد ہے جس کے معنی خود بخود سمجھ میں آ جائیں اور وہ معنی تینوں زمانوں (ماضی، حال، مستقبل) میں سے کسی ایک زمانے کے ساتھ ملے ہوئے ہوں، جیسے ضرب اور فعل وغیرہ۔

ادات: وہ ایسا لفظ مفرد ہے جس کے معنی کسی دوسرے لفظ سے ملے بغیر سمجھ میں نہ آئیں، جیسے لفظ في (میں)، الی (تک) وغیرہ۔

اسم متحد المعنی کی تقسیم

اسم متحد المعنی کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) علَم (۲) متواطی (۳) مشکک

علَم: وہ ایسا اسم مفرد ہے جس کے معنی متعین اور مشخص ہوں، جیسے زید، دیوبند وغیرہ۔

متواطی: وہ ایسا اسم مفرد ہے جس کے کثیر افراد ہوں اور وہ معنی اپنے تمام افراد پر برابر برابر صادق آئے، اولیت، اولویت، اشدیت اور ازیدیت کا فرق نہ ہو، جیسے انسان کیوں کہ اس کے بہت سارے افراد ہیں؛ مثلاً احمد، اسعد، ارشد وغیرہ اور لفظ انسان ہر ایک پر برابر برابر صادق آتا ہے یعنی ہر ایک کو انسان کہنا صحیح ہے۔

تفاوت کی چار قسمیں ہیں؛

(۱) تفاوت فی الاولیت (۲) تفاوت فی الاولویت (۳) تفاوت فی الشدت (۴) تفاوت فی الزیادت

(۱) کلی کا ثبوت بعض افرد کے لئے علت ہو اس کے دوسرے بعض افراد کے ثبوت کے لئے جیسے وجود اسکا ثبوت واجب کے لئے بھی ہے اور ممکن کے لئے بھی ہے، البتہ وجود کا ثبوت واجب کے لئے یہ علت ہے ممکن کے وجود کے ثبوت کے لئے۔

(۲) کلی کا ثبوت اپنے بعض افراد کے لئے بالذات ہو اور دوسرے بعض افرد کے لئے بالواسطہ ہو جیسے روشنی کا ثبوت سورج کے لئے بالذات اور زمین کے لئے بالواسطہ ہے۔

(۳) کلی کا ثبوت بعض افراد کے لئے اس طرح ہو کہ ہم عقل کے ذریعہ وہم کی مدد سے اشد

سے اضعف جیسے کئی گنا افراد نکال سکیں، یعنی ایسا معلوم ہوتا ہو کہ اشد میں اضعف جیسے کئی گنا افراد جمع ہیں، جیسے برف کی سفیدی اور ہلکے سفید کاغذ کی سفیدی، یہ شدت اور ضعف کا تفاوت ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اشد میں اضعف جیسے کئی گنا افراد جمع ہیں۔

(۴) کلی کا اپنے بعض افراد کے لیے ثبوت اس طرح ہو کہ ہم عقل کے ذریعہ وہم کی مدد سے ازید سے انقص جیسے کئی گنا افراد نکال سکیں یعنی ایسا معلوم ہوتا ہو کہ ازید میں انقص جیسے کئی گنا افراد جمع ہیں جیسے بڑا پہاڑ اور چھوٹا پہاڑ، ان میں زیادتی اور نقصان کی تفاوت ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بڑے پہاڑ میں چھوٹے پہاڑ کے کئی گنا افراد جمع ہیں۔

مشکک: وہ ایسا اسم مفرد ہے جس کے کثیر افراد ہوں اور وہ معنی اپنے تمام افراد پر باہمی فرق کے ساتھ صادق آئے جیسے نرم، گرم وغیرہ۔

اسم متکثر المعنی کی تقسیم

اسم متکثر المعنی کی چار قسمیں ہیں؛ (۱) مشترک (۲) منقول (۳) حقیقت (۴) مجاز

مشترک: وہ ایسا اسم مفرد ہے جس کے معنی کثیر ہوں اور وہ لفظ ہر معنی کے لیے جدا جدا وضع کیا گیا ہو، جیسے لفظ چشمہ، کہا جاتا ہے کہ چشمہ بہتا ہے اور میرے چشمہ کا شیشہ نکل گیا۔

منقول: وہ ایسا اسم مفرد ہے جو پہلے کسی معنی کے لیے بولا جاتا ہو لیکن بعد میں دوسرے معنی کے لیے بولا جانے لگا ہو اور پہلے معنی کا رواج ختم ہو گیا ہو، جیسے لفظ نماز، حج اور لفظ دابہ کیوں کہ لفظ دابہ پہلے زمین پر چلنے والے ہر جانور کے لیے وضع کیا گیا تھا پھر اس کا استعمال صرف چوپائے کے لیے ہونے لگا اور پہلے معنی متروک ہو گئے۔

ناقل کے اعتبار سے منقول کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) منقول شرعی (۲) منقول عرفی (۳) منقول اصطلاحی

منقول شرعی: وہ لفظ ہے جس کے ناقل اہل شرع ہوں، جیسے لفظ "صلوۃ" کے اصلی معنی دعا کے ہیں، پھر اہل شرع نماز کے معنی میں استعمال کرنے لگے، کیوں کہ اس میں بھی

دعاء ہوتی ہے۔

منقول عرفی: وہ لفظ ہے جس کے ناقل عام تعلیم یافتہ اہل زبان ہوں، جیسے لفظ کوفتہ کے اصلی معنی ہیں ''کوٹا ہوا'' پھر عام اہل زبان اس کو ''گول کباب'' کے معنی میں استعمال کرنے لگے کیوں کہ وہ بھی کوٹ کر بنایا جاتا ہے۔

منقول اصطلاحی: وہ لفظ ہے جس کے ناقل اہل شرع اور عام اہل زبان کے علاوہ کوئی مخصوص علمی جماعت ہو، جیسے فعل کے اصلی معنی کام کے ہیں پھر صرفیوں نے اس کو مخصوص معنی کی طرف منتقل کرلیا۔

حقیقت: وہ ایسا اسم مفرد ہے جس کو اپنے معنی موضوع لہ میں استعمال کیا جائے، جیسے لفظ اسد کا استعمال جنگل میں رہنے والے جانور شیر کے لیے۔

مجاز: وہ ایسا اسم مفرد ہے جس کو کسی مناسبت کی وجہ سے اپنے معنی موضوع لہ کے علاوہ کسی دوسرے معنی میں استعمال کیا جائے، جیسے لفظ اسد کو بہادر آدمی کے لیے استعمال کیا جائے دونوں کے درمیان بہادری کی مناسبت سے۔

علاقہ کے اعتبار سے مجاز کی تقسیم

مجاز کی دو قسمیں ہیں؛(۱) استعارہ (۲) مجاز مرسل

استعارہ: وہ ایسا مجاز ہے جس میں مشابہت کا علاقہ ہو، جیسے لفظ اسد کسی بہادر آدمی کے لیے استعمال کیا جائے۔

مجاز مرسل: ایسا مجاز ہے جس میں مشابہت کے علاوہ کوئی اور علاقہ ہو، جیسے انگلی بول کر پورے مراد لینا۔

نوٹ: مناطقہ نے مجاز مرسل کو علاقہ کے اعتبار سے چوبیس قسموں میں منحصر کیا ہے جو عنقریب بیان کی جائیں گی۔ ان شاء اللہ تعالی

مرتجل: وہ ایسا اسم ہے جس کو اپنے اصلی معنی سے دوسرے معنی کی طرف بغیر کسی مناسبت

کے منتقل کردیا گیا ہو، جیسے جعفر، کیوں کہ اصل میں چھوٹی نہر کو کہا جاتا تھا پھر کسی انسان کا نام رکھ دیا گیا۔

لفظ کے متعدد اور معنی کے ایک ہونے کا بیان

ترادف کے لغوی معنی: ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔

اصطلاحی معنی: معنی موضوع لہ کے ایک ہوتے ہوئے الفاظ کا زیادہ ہونا، گویا دونوں لفظ ایک ہی سواری پر یکے بعد دیگرے سوار ہیں۔

مرکب کی تقسیم

مرکب کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) مرکب تام (۲) مرکب ناقص

مرکب تام: ایسا مرکب ہے جس پر متکلم کا خاموش ہونا صحیح ہو (یعنی بات ادھوری نہ ہو) جیسے سبق ہو رہا ہے، مدرسہ کھلا ہوا ہے۔

مرکب ناقص: ایسا مرکب ہے جس پر متکلم کا خاموش ہونا صحیح نہ ہو (یعنی بات ابھی تک پوری نہ ہوئی ہو) جیسے کالی بلی، تمہاری کتاب، میرا قلم۔

مرکب تام کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) خبر (۲) انشاء

خبر: ایسا مرکب تام ہے جس میں سچ یا جھوٹ کا احتمال ہو، جیسے کتاب کھوگئی ہے، محمود آگیا ہے۔

انشاء: ایسا مرکب تام ہے جس میں سچ یا جھوٹ کا احتمال نہ ہو، جیسے تم کون ہو، لڑائی مت کرو، کاش بارش ہو جائے۔

انشاء کی اقسام

انشاء کی چند قسمیں ہیں؛ (۱) امر (۲) نہی (۳) تمنی (۴) ترجی (۵) استفہام (۶) نداء (۷) دعاء (۸) التماس (۹) تنبیہ (۱۰) تعجب (۱۱) قسم (۱۲) سوال

امر: ایسا انشاء ہے جس میں مخاطب سے کسی کام کو طلب کیا جائے، جیسے تو مار۔

نھی:ایسا انشاء ہے جس میں مخاطب کوکسی کام کی طلب سے روکا جائے، جیسے تو مت مار۔

تمنی :ایسا انشاء ہے جس میں کسی ایسی محبوب شئے کو طلب کیا جائے جس کے حصول کی امید نہ ہو،اس کے محال یا بعید الوقوع ہونے کی وجہ سے، جیسے کاش کہ جوانی لوٹ آئے۔

ترجی :ایسا انشاء ہے جس میں کسی ممکن شئے کے حصول کو طلب کیا جائے ،جیسے شاید کہ زید حاضر ہوتا۔

استفھام :ایسا انشاء ہے جس میں کسی چیز کے علم (جانکاری) کو طلب کیا جائے، جیسے تم کیا کر رہے ہو؟

نداء :ایسا انشاء ہے جس میں کسی کی توجہ کو طلب کیا جائے ایسے لفظ سے جو **ادعو** کے قائم مقام ہو،جیسے **یازید** (اے زید)

ندا کی دوسری تعریف :ایسا انشاء ہے جس میں کسی آدمی کو آواز دی جائے، جیسے اے زید۔

دعاء :ایسا انشاء ہے جسم میں عاجزی کے ساتھ کسی فعل کو طلب کیا جائے، جیسے یا اللہ میری مغفرت فرما۔

التماس :ایسا انشاء ہے جس میں تساوی کے ساتھ کسی فعل کو طلب کیا جائے، جیسے کسی شخص نے اپنے دوست کو کہا مجھے پانی دو۔

تنبیہ:ایسا انشاء ہے جس میں مخاطب کو متکلم کے مافی الضمیر سے باخبر کیا جائے۔

تعجب :ایسا انشاء ہے جس میں کسی چیز پر حیرت (تعجب) کا اظہار کیا جائے، جیسے اللہ تعالی کا ارشاد "قُتِلَ الْإِنْسَانُ مَا أَكْفَرَهُ"(ہائے افسوس انسان کتنا ناشکرا ہے)۔

قسم :ایسا انشاء ہے جس میں حرف قسم اور مقسم بہ کے ذریعہ کلام کو مضبوط بنایا جائے، جیسے اللہ کی قسم میں ضرور مدرسہ میں جاؤں گا۔

سوال کے لغوی معنی: کم قدر آدمی کا بلند رتبہ سے دریافت کرنا،مطالبہ کرنا۔

اصطلاحی معنی: بہ غرضِ استفادہ کسی چیز کے حقائق اور باریکیاں حل کرنے کی فرمائش

کرنا، نہ کہ بہ غرضِ آزمائش، گویا سوال، مناظرے کے ہم معنی ہے، کیوں کہ مناظرہ کہتے ہیں کسی چیز کی حقیقت و ماہیت کے واسطے باہم فکر کرنا۔

مرکب ناقص کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) مرکب ناقص تقییدی (۲) مرکب ناقص غیر تقییدی

مرکب ناقص تقییدی :ایسا مرکب ہے جس کا دوسرا جز پہلے جز کے لیے قید ہو، جیسے غلام زید (زید کا غلام)، رجل عالم (عالم مرد)

مرکب ناقص غیر تقییدی:ایسا مرکب ہے جس کا دوسرا جز پہلے جز کے لیے قید نہ ہو، جیسے خمسة عشر (پندرہ) في الدار (گھر میں)

معنی کا بیان

مفهوم :ہر وہ چیز جو ذہن میں آئے اسے مفہوم کہتے ہیں، جیسے زید کا تصور کرنا، یا اس بات کا تصور کرنا کہ زید کھڑا ہے۔

مفہوم کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) جزئی (۲) کلی

جزئی:ایسا مفہوم ہے جس کا کثیرین پر صادق آنے کو فرض کرنا محال ہو، جیسے زید، راشد وغیرہ۔

کلی:ایسا مفہوم ہے جس کا کثیرین پر صادق آنے کو فرض کرنا محال نہ ہو، جیسے لڑکا، شہر، عمارت وغیرہ۔

کلی اور جزئی کی دوسری تعریف

اس تعریف کے مطابق دونوں کو اضافی کہتے ہیں۔

جزئی اضافی :ایسا مفہوم ہے جس کے افراد دوسرے مفہوم کے افراد سے کم ہوں، جیسے اسم کے افراد کلمہ کے افراد سے کم ہیں، یا انسان کے افراد حیوان کے افراد سے کم ہیں، لہذا دونوں کو جزئی اضافی کہا جائے گا۔

کلی اضافی :ایسا مفہوم ہے جس کے افراد دوسرے مفہوم کے افراد کے مقابلے میں زیادہ ہوں، جیسے کلمہ کے افراد اسم یا فعل کے افراد سے زیادہ ہیں، یا انسان کے افراد عورت یا مرد کے افراد سے زیادہ ہیں، لہذا دونوں کو کلی اضافی کہا جائے گا۔

مصداق کے اعتبار سے کلی کی تقسیم

مصداق کے اعتبار سے کلی کی چند قسمیں ہیں؛

اول: ایسی کلی جس کے افراد کا خارج میں پایا جانا ممتنع ہو، جیسے لاشی ء، لاممکن، لاموجود اور انہیں کلیات فرضیہ بھی کہتے ہیں۔

دوم: ایسی کلی جس کے افراد کا خارج میں پایا جانا ممکن تو ہو لیکن پائے نہ جاتے ہوں، جیسے عنقاء (پرندہ) اور موتی کا پہاڑ۔

سوم: ایسی کلی جس کے افراد کا خارج میں پایا جانا ممکن تو ہو مگر اس کا صرف ایک ہی فرد پایا جاتا ہو اور دوسرے فرد کا وجود ممکن ہو، جیسے سورج۔

چہارم: ایسی کلی جس کے افراد کا خارج میں پایا جانا ممکن تو ہو مگر اس کا صرف ایک ہی فرد پایا جاتا ہو، جبکہ دوسرے فرد کا وجود ممتنع ہو جیسے واجب تعالیٰ۔

پنجم: ایسی کلی جس کے خارج میں متناہی افراد پائے جاتے ہوں، جیسے سات سیارے۔

ششم: ایسی کلی جس کے خارج میں غیر متناہی افراد پائے جاتے ہوں، جیسے انسان کے افراد۔

نسبت کا بیان

ہر دو کلیوں کے درمیان چار نسبتوں میں سے کسی ایک کا ہونا ضروری ہے وہ چار نسبتیں یہ ہیں؛

(۱) تساوی (۲) تباین (۳) عموم خصوص مطلق (۴) عموم خصوص من وجہ

تساوی: یہ ہے کہ دو کلیوں میں سے ہر ایک کلی دوسری کلی کے ہر ہر فرد پر صادق آئے، جیسے تعلیم گاہ اور مدرسہ، چشمہ اور عینک، ناطق اور انسان ایسی دو کلیوں کو متساویین کہتے ہیں۔

تباین: یہ ہے کہ دو کلیوں میں سے کوئی بھی کلی دوسری کلی کے کسی بھی فرد پر صادق نہ آئے، جیسے رات اور دن، جنگل اور مدرسہ ایسی دو کلیوں کو متبائنین کہتے ہیں۔

عموم خصوص مطلق: یہ ہے کہ ایک کلی تو دوسری کلی کے تمام افراد پر صادق آئے لیکن دوسری کلی پہلی کلی کے بعض افراد پر صادق آئے اور بعض پر صادق نہ آئے، جیسے پھل

اور سیب، انسان اور مرد، ایسی دو کلیوں کو عام خاص مطلق کہتے ہیں۔

عموم خصوص من وجہ: یہ ہے کہ دو کلیوں میں سے ہر ایک کلی دوسری کلی کے بعض افراد پر صادق آئے اور بعض پر صادق نہ آئے، جیسے سفید اور جانور ایسی دو کلیوں کو عام خاص من وجہ کہتے ہیں۔

کلی کی تقسیم

کلی کی دو قسمیں ہیں: (۱) کلی ذاتی (۲) کلی عرضی

کلی ذاتی: وہ کلی ہے جو اپنے افراد کی پوری حقیقت ہو یا حقیقت کا جز ہو، جیسے انسان اپنے افراد زید، عمر بکر وغیرہ کی پوری حقیقت ہے کیوں کہ زید عمر بکر وغیرہ کی پوری حقیقت ہے حیوان ناطق، اور انسان بھی حیوان ناطق ہی کا دوسرا نام ہے، یا جیسے حیوان اپنے افراد انسان، فرس وغیرہ کی حقیقت کا جز ہے کیوں کہ انسان کی حقیقت ہے ''حیوان ناطق'' اور فرس کی حقیقت ہے ''حیوان صاہل'' لہذا معلوم ہوا کہ دونوں کی حقیقت کا ایک جز حیوان بھی ہے۔

کلی عرضی: وہ کلی ہے جو اپنے افراد کی حقیقت سے خارج ہو، جیسے شعیب کا نیک ہونا، کیوں کہ نیکی شعیب کی نہ تو حقیقت ہے اور نہ ہی حقیقت کا جز ہے بل کہ ایک خارجی چیز ہے جس پر شعیب کا وجود موقوف نہیں ہے۔

کلی ذاتی کی تقسیم

کلی ذاتی کی تین قسمیں ہیں: (۱) جنس (۲) نوع (۳) فصل

جنس: ایسی کلی ذاتی ہے جو ایسے افراد پر بولی جائے جن کی حقیقتیں الگ الگ ہوں، جیسے حیوان، جسم نامی، پھل، ترکاری۔

جنس کی تقسیم

جنس کی دو قسمیں ہیں: (۱) جنس قریب (۲) جنس بعید

جنس قریب: ایسی جنس ہے کہ اگر اس کی جزئیات میں سے بعض افراد کو لے کر سوال کیا جائے تو جواب میں وہی جنس آئے جو اس کی جزئیات میں شریک تمام چیزوں کے بارے میں سوال کے جواب میں آئے، جیسے اگر انسان کی جنس قریب معلوم کرنی ہے تو حیوان ہونے میں جتنی چیزیں انسان کے ساتھ شریک ہیں ان تمام کو لے کر سوال کریں گے، مثلاً؛ **الانسان والفرس والبقر ماھی ؟** تو جواب میں حیوان آئے گا، اسی طرح بعض چیزوں کو لے کر سوال کریں گے، مثلا؛ **الانسان والفرس ما ھما؟** تو بھی جواب میں حیوان ہی آئے گا، لہذا معلوم ہوا کہ حیوان انسان کی جنس قریب ہے۔

جنس بعید: ایسی جنس ہے کہ اگر اس کی جزئیات میں سے بعض کو لے کر سوال کیا جائے تو جواب میں اس کے علاوہ کوئی اور جنس آئے جو اس جزئیات میں شریک تمام چیزوں کے بارے میں سوال کے جواب میں آئے، مثلا؛ اگر ہمیں انسان کی جنس بعید معلوم کرنی ہے تو جسم نامی ہونے میں جو چیزیں انسان کے ساتھ شریک ہیں سب کو لے کر سوال کریں گے مثلا **الانسان الفرس والبقر والشجر ما ھی**؟ تو جواب میں جسم نامی آئے گا لیکن اگر بعض کو لے کر سوال کیا جائے، مثلا؛ **الانسان والفرس والبقر ماھی**؟ تو جواب میں حیوان آئے گا، لہذا معلوم ہوا کہ جسم نامی انسان کے لیے جنس بعید ہے۔

نوع: ایسی کلی ذاتی ہے جو ایک یا ایسے کثیر افراد پر بولی جائے جن کی حقیقتیں ایک ہوں، جیسے انسان، خرگوش، گائے وغیرہ۔

نوع اضافی: ایسی کلی ذاتی ہے جس پر اور اس کے علاوہ پر "**ما ھو**" کے جواب میں جنس بولی جائے، یعنی جو بلا واسطہ کسی جنس کے تحت ہو، جیسے کلمہ نوع اضافی ہے، کیوں کہ وہ لفظ کے تحت ہے، اسی طرح حیوان نوع اضافی ہے، کیوں کہ وہ جسم نامی کے تحت ہے، اور جسم نامی بھی نوع اضافی ہے، کیوں کہ وہ جسم مطلق کے تحت ہے۔

مرتبے کے اعتبار سے جنس کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) جنس سافل (۲) جنس متوسط (۳) جنس عالی

جنس سافل: وہ جنس ہے جس کے اوپر تو جنس ہو لیکن اس کے نیچے جنس نہ ہو، بلکہ اس کے نیچے

نوع ہو، جیسے حیوان اس لیے کہ اس کے نیچے انسان ہے جو نوع ہے اور اس کے اوپر جسم نامی ہے جو جنس ہے۔

جنس متوسط: وہ جنس ہے جس کے اوپر اور نیچے جنس ہو، جیسے جسم نامی کیوں کہ اس کے اوپر جسم مطلق ہے اور نیچے حیوان ہے۔

جنس عالی: وہ جنس ہے جس کے اوپر تو کوئی جنس نہ ہو لیکن اس کے نیچے جنس ہو، جیسے جوہر کیوں کہ اس کے اوپر کوئی جنس نہیں ہے لیکن اس کے نیچے جسم مطلق اور جسم نامی وغیرہ ہیں۔

اور جنس عالی کو جنس الاجناس بھی کہتے ہیں۔

اجناس عالیہ کا بیان

اجناس عالیہ دس ہیں اور انہیں مقولات عشر اور محمولات بھی کہتے ہیں، ایک ان میں سے جوہر ہے اور باقی نو اعراض ہیں۔

جوھر: وہ ایسی موجود شئے ہے جو اپنے وجود میں کسی کی محتاج نہ ہو، جیسے مٹی اور دیگر اجسام۔

عرض: وہ ایسی موجود شئے ہے جو اپنے وجود میں دوسرے کی محتاج ہو، جیسے کسی کپڑے کی سفیدی اور سیاہی جو اپنے وجود میں کپڑے کی محتاج ہوتی ہے۔

اعراض کا بیان

اعراض نو ہیں؛

کم: بمعنی مقدار؛ ایسا عرض ہے جس کی تقسیم ہو سکے، جیسے اعداد، خط، سطح وغیرہ

کم کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) کم متصل (۲) کم منفصل

کم متصل: ایسا کم ہے جس کے اجزاء کے درمیان کوئی حد مشترک ہو، جیسے خط۔

کم منفصل: ایسا کم ہے جس کے اجزاء کے درمیان کوئی حد مشترک نہ ہو، جیسے عدد۔

کیف: ایسا عرض ہے جس کی تقسیم نہ ہو سکے اور نہ ہی کسی دوسرے کی طرف نسبت کرتے ہوئے اس کا وجود ہو، جیسے شرمندہ کی سرخی اور ترسندہ کی زردی۔

اضافت :دو چیزوں کے درمیان ایسی نسبت کہ ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف ہو، جیسے باپ اور بیٹے اور محبوب اور محب کے درمیان نسبت۔

این: وہ ہیئت جو کسی کو جگہ کے لحاظ سے حاصل ہوتی ہے، جیسے تخت نشیں بادشاہ کی ہیئت۔

ملک: وہ ہیئت جو کسی چیز کو دوسری چیز کا احاطہ کرنے سے حاصل ہو اور اس کے منتقل ہونے سے منتقل ہو جائے، جیسے عمامہ بندھا ہوئے ہونے کے وقت کی ہیئت۔

فعل :وہ ہیئت جو کسی کو دوسری چیز میں اثر انداز ہونے کے وقت حاصل ہوتی ہے، جیسے مارتے وقت مارنے والے کی ہیئت۔

انفعال :وہ ہیئت جو کسی کو دوسرے کے فعل سے متأثر ہونے کے وقت حاصل ہوتی ہے، جیسے مارتے وقت پٹنے والے کی ہیئت۔

متی :وہ ہیئت جو کسی چیز کو زمانہ کے لحاظ سے حاصل ہوتی ہے، جیسے اب اور ایک سال پہلے کسی شخص کی ہیئت۔

وضع :وہ ہیئت جو کسی کو اپنے اجزاء کے لحاظ سے حاصل ہوتی ہے، جیسے اٹھتے بیٹھتے وقت کسی شخص کی ہیئت۔

مرتبے کے اعتبار سے نوع کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) نوع عالی (۲) نوع متوسط (۳) نوع سافل

نوع عالی: وہ نوع ہے جس کے نیچے نوع ہو اور اس کے اوپر کوئی نوع نہ ہو، جیسے جسم۔

نوع متوسط: وہ نوع ہے جس کے اوپر اور نیچے نوع ہو، جیسے جسم نامی، حیوان۔

نوع سافل: وہ نوع ہے جس کے نیچے کوئی نوع نہ ہو، جیسے انسان۔

فصل :وہ ایسی کلی ذاتی ہے جو أی شيء هو في ذاته کے جواب میں کسی چیز پر بولی جائے اور اپنے افراد کو اس کی جنس میں شریک دیگر جزئیات سے جدا کر دے، جیسے ناطق، انسان کا فصل ہے کیوں کہ حیوان ہونے میں انسان کے ساتھ جتنی چیزیں شریک ہیں ناطق انسان کو ان تمام چیزوں سے جدا کر دیتا ہے، بایں طور کہ حیوان ناطق صرف انسان ہی ہے

تا کہ دیگر مخلوق نیز فصل کا دوسرا نام ممیز ذاتی بھی ہے۔
فصل کی دو قسمیں ہیں؛(۱) فصل قریب (۲) فصل بعید
فصل قریب: وہ فصل ہے جو جنس قریب میں شریک جزئیات سے ماہیت کو ممتاز کرے، جیسے ناطق انسان کی فصل قریب ہے، کیوں کہ حیوان ہونے میں انسان کے ساتھ جو چیزیں شریک ہیں مثلا؛ فرس، بقر وغیرہ، تو ناطق انسان کو ان تمام چیزوں سے ممتاز کرتا ہے۔
فصل بعید : وہ فصل ہے جو جنس بعید میں شریک جزئیات سے ماہیت کو ممتاز کرے، جیسے حساس انسان کی فصل بعید ہے، کیوں کہ جسم نامی ہونے میں انسان کے ساتھ جو چیزیں شریک ہیں مثلا؛ شجر وغیرہ تو حساس انسان کو اس سے جدا کرتا ہے، مگر جاندار ہونے میں جو چیزیں شریک ہیں ان سے جدا نہیں کرتا۔

اصطلاح ما ہو؟

ما ھو؟ : (وہ کیا ہے) ما ھو ایسا لفظ ہے جس کے ذریعہ کسی چیز کی حقیقت یعنی ماہیت دریافت کی جاتی ہے۔
ماھو؟ کے ذریعہ تین چیزوں میں سے کسی ایک کو طلب کیا جاتا ہے:(۱) کسی چیز کی حقیقت (کے کل اجزاء) (۲) نوع (۳) جنس
(۱) جب ماھو؟ کے ذریعہ ایک کلی چیز کے متعلق سوال کیا جائے تو جواب میں پوری حقیقت آئے گی، جیسے الانسان ماھو؟ تو جواب ہوگا ھو حیوان ناطق، یاالاسم ماھو؟ تو جواب ہوگا کلمة معناها کامل ما فیها زمن.
(۲) جب ما ھو؟ کے ذریعہ ایک جزئی چیز یا چند متفق الحقائق چیزوں کے متعلق سوال کیا جائے تو جواب میں نوع آئے گی، جیسے زید ما ھو؟ یازید و عمر و بکر ماھم؟ تو جواب ہوگا ھم انسان.
(۳) جب ما ھو؟ کے ذریعہ چند مختلف الحقائق چیزوں کے متعلق سوال کیا جائے تو جواب

میں جنس آئے گی، جیسے **الانسان والبقر والغنم ما ھی؟** تو جواب ہوگا **ھی حیوان.**

ماہیت کی دو قسمیں ہیں؛(۱) ماہیت مختصہ (۲) ماہیت مشترکہ

ماھیت مختصه: وہ ماہیت ہے جو ایک چیز کے ساتھ خاص ہو، جیسے انسان کی ماہیت مختصہ حیوان ناطق ہے۔

ماھیت مشترکه: وہ ماہیت ہے جو چند افراد کے ساتھ خاص ہو، جیسے انسان کی ماہیت مشترکہ صرف حیوان ہے۔

کلی عرضی کی تقسیم

کلی عرضی کی دو قسمیں ہیں؛(۱) خاصہ (۲) عرض عام

خاصه: ایسی کلی عرضی ہے جو صرف ایک حقیقت کے افراد پر بولی جائے، جیسے ضاحک ہونا انسان کا خاصہ ہے۔

عرض عام: ایسی کلی عرضی ہے جو ایسے افراد پر بولی جائے جن کی حقیقتیں مختلف ہوں، جیسے چلنا، پھرنا، کھانا، سونا وغیرہ۔

خاصہ کی دو قسمیں ہیں؛(۱) خاصۂ شاملہ (۲) خاصۂ غیر شاملہ

خاصۂ شامله: وہ خاصہ ہے جو ایک حقیقت کے تمام افراد کو شامل ہو، جیسے صلاحیت ضحک؛ جو تمام افراد انسان کے ساتھ لاحق ہے۔

خاصۂ غیر شامله: وہ خاصہ ہے جو ایک حقیقت کے صرف بعض افراد کو شامل ہو، جیسے ضحک کا ظاہری طور پر پایا جانا؛ صرف بعض افراد انسان کے ساتھ لاحق ہے یعنی صرف بعض انسان ہی ایک وقت میں ہنستے ہیں نہ کہ تمام انسان۔

خاصه کی دوسری تقسیم

خاصہ کی دو قسمیں ہیں؛(۱) خاصۂ نوع (۲) خاصۂ جنس

خاصة النوع: وہ خاصہ ہے جو نوع کے تحت افراد پر بولا جائے، یعنی نوع کے افراد کے

ساتھ خاص ہو جیسے ہنسنا۔

خاصۃ الجنس :وہ خاصہ ہے جو جنس کے تحت افراد پر بولا جائے، یعنی جنس کے افراد کے ساتھ خاص ہو جیسے چلنا، پھرنا۔

کلی عرضی کی تقسیم

کلی عرضی کی دو قسمیں ہیں؛(۱)عرض لازم (۲)عرض مفارق

عرض لازم :ایسی کلی عرضی ہے جس کا اپنے معروض سے جدا ہونا محال ہو، جیسے انسان کا سانس لینا اور مچھلی کا تیرنا وغیرہ۔

عرض مفارق :ایسی کلی عرضی ہے جس کا اپنے معروض سے جدا ہونا محال نہ ہو، جیسے چائے کی گرمی اور پانی کی ٹھنڈک وغیرہ۔

لازم کی تقسیم

لازم کی دو قسمیں ہیں؛(۱)لازم ماہیت (۲)لازم وجود

لازم ماہیت :ایسا عرض لازم ہے جس کا اپنے ملزوم کی ماہیت سے جدا ہونا محال ہو، جیسے مچھلی کا تیرنا اور شیطان کا بہکانا وغیرہ۔

لازم وجود :ایسا عرض لازم ہے جس کا اپنے ملزوم کے وجود سے جدا ہونا محال ہو، جیسے انسان کا چلنا پھرنا اور حبشی کا کالا ہونا وغیرہ۔

لازم وجود کی دو قسمیں ہیں؛(۱)لازم وجود ذہنی (۲)لازم وجود خارجی

لازم وجود ذھنی :ایسا عرض لازم ہے جس کا اپنے ملزوم کے وجود سے ذہن میں جدا ہونا محال ہو، جیسے انسان کا کلی ہونا اور ناطق کا فصل ہونا۔

لازم وجود خارجی :ایسا عرض لازم ہے جس کا اپنے ملزوم کے وجود سے خارج میں جدا ہونا محال ہو، جیسے آگ کی تپش اور پانی کی ٹھنڈک۔

لازم کی دو قسمیں ہیں؛(۱)لازم بین (۲)لازم غیر بین

لازم بین: ایسا عرض لازم ہے کہ لازم اور ملزوم کے درمیان لزوم کا یقین کرنے کے لیے محض لازم اور ملزوم کا تصور کافی ہو کسی خارجی دلیل کی حاجت نہ ہو، جیسے فردیت؛ واحد کے لیے، خوبصورتی؛ مور کے لیے۔

لازم غیر بین: ایسا عرض لازم ہے کہ لازم اور ملزوم کے درمیان لزوم کا یقین کرنے کے لیے کسی خارجی دلیل کی حاجت ہو، جیسے عالَم کے لیے حادث ہونا۔

لازم بین اور لازم غیر بین میں سے ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں، لہٰذا کل چار قسمیں ہوئیں؛ (۱) لازم بین بالمعنی الأخص (۲) لازم بین بالمعنی الأعم (۳) لازم غیر بین بالمعنی الأخص (۴) لازم غیر بین بالمعنی الأعم

لازم بین بالمعنی الاخص: ایسا عرض لازم ہے کہ ملزوم کے تصور سے لازم کا تصور ضروری ہو، جیسے عمی (اندھے پن) کے تصور سے بینا کا تصور۔

لازم بین بالمعنی الاعم: لازم اور ملزوم اور ان کے درمیان نسبت کے تصور سے لزوم کا یقین حاصل ہو جائے، جیسے چار جفت ہے، مذکورہ مثال میں چار، جفت اور ان کے درمیان نسبت کے تصور سے ان کے درمیان لزوم کا یقین حاصل ہوتا ہے۔

لازم غیر بین بالمعنی الاخص: ایسا عرض لازم ہے کہ ملزوم کے تصور سے لازم کا تصور ضروری نہ ہو، جیسے انسان کے تصور سے کتابت بالقوۃ کا تصور ضروری نہیں ہے۔

لازم غیر بین بالمعنی الاعم: لازم اور ملزوم اور ان کے درمیان نسبت کے تصور سے لزوم کا یقین حاصل نہ ہو، جیسے عالَم کے لیے حدوث کیوں کہ عالم اور حدوث اور ان کے درمیان نسبت کے تصور سے لزوم کا یقین حاصل نہیں ہوتا، ورنہ اس مسئلہ میں اختلاف نہ ہوتا۔

عرض مفارق کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) عدیم الزوال (۲) سریع الزوال (۳) بطیئ الزوال

عدیم الزوال: ایسا عارض ہے جس کا اپنے معروض سے جدا ہونا ممتنع تو نہ ہو، لیکن کبھی جدا نہ ہوتا ہو بل کہ ہمیشہ عارض معروض کے ساتھ رہتا ہو، جیسے افلاک کے لیے حرکت، ستاروں کی روشنی۔

سریع الزوال: ایسا عارض ہے جو اپنے معروض سے بہت جلدی جدا ہو جائے، جیسے چائے کی گرمی، شرمندہ کی سرخی اور ترسندہ کی زردی۔

بطیئ الزوال: ایسا عارض ہے جو اپنے معروض سے جدا تو ہو مگر لمبی مدت کے بعد، جیسے بال کی سیاہی اور جوانی۔

کلی کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) کلی منطقی (۲) کلی طبعی (۳) کلی عقلی

کلی منطقی: کلی کے مفہوم یعنی کلی کی تعریف کو کلی منطقی کہتے ہیں؛ "أی لا یمتنع فرض صدقه علی کثیرین"، جیسے جنس، نوع اور فصل کسی مخصوص مادہ کی طرف اشارہ کیے بغیر۔

کلی طبعی: کلی کا مفہوم جس پر صادق آئے اسے کلی طبعی کہتے ہیں، جیسے انسان، حیوان، ہرن وغیرہ۔

کلی عقلی: عارض اور معروض دونوں کے مجموعہ کا نام کلی عقلی ہے، جیسے الإنسان الکلي اور الحیوان الکلي.

معرّف (تعریف)

معرف الشيء: کسی شئے کا معرف ایسی چیز ہے جس کا اس شئے پر حمل ہو، تاکہ اس کی منظرکشی کی جائے، یا اس کو حاصل کیا جائے، یا اس کی وضاحت طلب کی جائے، جیسے انسان کا معرف حیوان ناطق ہے، اور حیوان ناطق کا انسان پر حمل ہوتا ہے، تاکہ انسان کا علم حاصل ہو جائے، مثلاً کہا جاتا ہے الانسان حیوان ناطق.

تعریف کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) تعریف حقیقی (۲) تعریف لفظی

تعریف حقیقی: ایسی تعریف ہے جس سے ایسی صورت حاصل ہو پہلے سے جس کا علم نہ ہو، جیسے انسان کی تعریف کی جائے حیوان ناطق سے، تو یہ انسان کی تعریف حقیقی ہے۔

تعریف لفظی: ایسی تعریف ہے جس سے کسی لفظ کے معنی کی وضاحت مطلوب ہو یعنی کسی لفظ کے مصداق کے لیے دوسرا لفظ بتا دینا، جیسے سگ بمعنی کتا، ارض بمعنی زمین غضنفر بمعنی اسد وغیرہ۔

تعریف لفظی کا مقصد :یہ ہے کہ ذہن میں موجود صورتوں میں سے کوئی ایک متعین ہوکر ذہن اس کی جانب متوجہ ہوجائے اور یہ معلوم ہوجائے کہ اس لفظ کے معنی یہ ہیں۔

تعریف حقیقی کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) تعریف حقیقی بحسب الحقیقت (۲) تعریف حقیقی بحسب الاسم

تعریف حقیقی بحسب الحقیقت :ایسی تعریف ہے جس کے ذریعے ایسی غیر حاصل شدہ صورت حاصل ہو کہ اس کا وجود خارجی معلوم ہوجائے، جیسے انسان کی تعریف حیوان ناطق سے کی جائے۔

تعریف حقیقی بحسب الاسم :ایسی تعریف ہے جس کے ذریعے غیر حاصل شدہ صورت حاصل کی جائے اور اس کا وجود خارجی معلوم نہ ہوخواہ وہ موجود ہو یا معدوم ہو، جیسے کہا جائے العنقاء طائر (عنقاء پرندہ ہے)

تعریف حقیقی کی چار قسمیں ہیں؛(۱) حد تام (۲) حد ناقص (۳) رسم تام (۴) رسم ناقص

حد :ایسی تعریف ہے جو کلی ذاتی (جنس اور فصل) سے کی جائے۔

رسم:ایسی تعریف ہے جو کلی عرضی (خاصہ اور عرض عام) سے کی جائے۔

حد تام :ایسی تعریف ہے جو جنس قریب اور فصل قریب سے مرکب ہو، جیسے انسان کی تعریف کرنا حیوان ناطق سے۔

حد ناقص :ایسی تعریف ہے جو یا تو صرف فصل قریب سے ہو یا جنس بعید اور فصل قریب سے مرکب ہو، جیسے انسان کی تعریف کرنا صرف ناطق سے یا جسم ناطق سے۔

رسم تام :ایسی تعریف ہے جو جنس قریب اور خاصہ سے مرکب ہو، جیسے انسان کی تعریف کرنا حیوان ضاحک سے۔

رسم ناقص:ایسی تعریف ہے جو یا تو صرف خاصہ سے ہو یا جنس بعید اور خاصہ سے مرکب ہو، جیسے انسان کی تعریف کرنا صرف ضاحک سے یا جسم ضاحک سے۔

تصدیقات

باب الحملیات

قضیه: ایسی مرکب بات جس میں سچ اور جھوٹ کا احتمال ہو اسے قضیہ کہتے ہیں، جیسے وہاں آندھی آئی تھی، ارشد نیک طالب علم ہے۔

قضیہ کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) قضیہ حملیہ (۲) قضیہ شرطیہ

قضیہ حملیہ: وہ قضیہ ہے جس میں ایک چیز کے لیے دوسری چیز کے ثبوت یا نفی کا حکم لگایا گیا ہو، جیسے بارش ہوئی، آج دھوپ نہیں ہے۔

قضیہ شرطیہ: وہ قضیہ ہے جس میں ایک چیز کے لیے دوسری چیز کے ثبوت یا نفی کا حکم نہ لگایا گیا ہو، جیسے من یحفظ الدرس ینجح (جو سبق یاد کرے گا کامیاب ہو جائے گا) یہاں دونوں نسبتوں میں جوڑ ہے اور نفی کی مثال جیسے الانسان شقی او سعید (انسان بد بخت ہے یا نیک بخت ہے) یہاں دونوں نسبتوں میں جدائی ہے۔

قضیہ حملیہ کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) قضیہ حملیہ موجبہ (۲) قضیہ حملیہ سالبہ

حملیہ موجبہ: وہ قضیہ ہے جس میں ایک چیز کو دوسری چیز کے لیے ثابت کیا گیا ہو، جیسے میں نے کھانا کھایا۔

حملیہ سالبہ: وہ قضیہ ہے جس میں ایک چیز سے دوسری چیز کی نفی کی گئی ہو، جیسے راشد مدرسہ میں نہیں گیا۔

قضیہ حملیہ تین اجزاء سے مرکب ہوتا ہے؛ (۱) موضوع (۲) محمول (۳) رابطہ

موضوع: قضیہ حملیہ کے پہلے جز کو موضوع یا محکوم علیہ کہتے ہیں۔

محمول: قضیہ حملیہ کے دوسرے جز کو محمول یا محکوم بہ کہتے ہیں۔

رابطہ: وہ لفظ جو موضوع اور محمول کے درمیان نسبت پر دلالت کرتا ہے اسے رابطہ کہتے ہیں۔

رابطہ کی دو قسمیں ہیں؛(۱) رابطۂ زمانیہ (۲) رابطۂ غیر زمانیہ

رابطۂ زمانیہ :وہ ایسا حرف ربط ہے جو نسبت حکمیہ کے کسی زمانے کے ساتھ ملنے پر دلالت کرے، جیسے لفظ "کان" ہے "زید کان قائما" میں۔

رابطۂ غیر زمانیہ :وہ ایسا حرف ربط ہے جو نسبت حکمیہ کے کسی زمانے کے ساتھ ملنے پر دلالت نہ کرے، جیسے لفظ "هو" ہے "زیدهو قائم" میں۔

قضیہ شرطیہ دو جزؤں سے مرکب ہوتا ہے؛(۱) مقدم (۲) تالی

مقدم: قضیہ شرطیہ کے پہلے جز کو مقدم کہتے ہیں۔

تالی: قضیہ شرطیہ کے دوسرے جز کو تالی کہتے ہیں۔

قضیہ حملیہ کی تقسیمات

قضیہ حملیہ کی چار اعتبار سے تقسیم ہوتی ہے؛ (۱) ذات موضوع کے اعتبار سے (۲) وجود موضوع کے اعتبار سے (۳) حرف سلب کے اعتبار سے (۴) جہت کے اعتبار سے

ذات موضوع کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی تقسیم

ذات موضوع کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی چار قسمیں ہیں؛ (۱) شخصیہ یا مخصوصہ (۲) طبعیہ (۳) محصورہ یا مسورہ (۴) مہملہ

شخصیہ یا مخصوصہ :وہ قضیہ حملیہ ہے جس کا موضوع جزئی یا شخص معین ہو، جیسے محمد رسول اللہ ہیں، احمد آ گیا۔

طبعیہ :وہ قضیہ حملیہ ہے جس کا موضوع کلی ہو اور حکم کلی کے مفہوم پر ہو افراد پر نہ ہو، جیسے انسان نوع ہے اور حیوان جنس ہے۔

محصورہ یا مسورہ :وہ قضیہ حملیہ ہے جس کا موضوع کلی ہو اور حکم کلی کے افراد پر ہو، اور یہ

بھی بیان کیا گیا ہو کہ حکم ہر ہر فرد پر ہے یا بعض افراد پر، جیسے سب مہمان آ گئے، کچھ پھل لے لو۔

مھملہ: وہ قضیہ حملیہ ہے جس کا موضوع کلی ہو اور حکم کلی کے افراد پر ہو، مگر یہ نہ بیان کیا گیا ہو کہ حکم ہر ہر فرد پر ہے یا بعض افراد کے لیے، جیسے انسان خسارے میں ہے اور روپے کھو گئے۔

قضیہ محصورہ کی چار قسمیں ہیں؛(۱) موجبہ کلیہ (۲) موجبہ جزئیہ (۳) سالبہ کلیہ (۴) سالبہ جزئیہ

موجبہ کلیہ: وہ قضیہ محصورہ ہے جس میں موضوع کے ہر ہر فرد کے لیے محمول کو ثابت کیا گیا ہو، جیسے سب لوگ چلے گئے۔

موجبہ جزئیہ: وہ قضیہ محصورہ ہے جس میں موضوع کے بعض افراد کے لیے محمول کو ثابت کیا گیا ہو، جیسے چند کتابیں کھو گئیں۔

سالبہ کلیہ: وہ قضیہ محصورہ ہے جس میں موضوع کے ہر ہر فرد سے محمول کی نفی کی گئی ہو، جیسے کسی طالب علم نے کھانا نہیں کھایا۔

سالبہ جزئیہ: وہ قضیہ محصورہ ہے جس میں موضوع کے بعض افراد سے محمول کی نفی کی گئی ہو، جیسے چند طلبا مجلس میں نہیں آئے۔

سور: وہ لفظ ہے جس کے ذریعہ کل یا بعض افراد کی وضاحت کی جائے، (یعنی افراد کی مقدار بیان کی جائے) جیسے لفظ ''کل'' اور لفظ ''بعض'' وغیرہ۔

موجبہ کلیہ کا سور: عربی زبان میں لفظ ''کل'' (کل افرادی) اور وہ ''الف لام'' جو کل کے معنی میں ہو (لام استغراق) ہے اور اردو زبان میں لفظ ''ہر'' یا ''تمام'' یا وہ لفظ جو ان کے معنی میں ہو۔ جیسے کل مؤمن تقي (ہر مؤمن پرہیزگار ہے) إن الإنسان لفي خسر (تمام انسان نقصان میں ہے)

موجبہ جزئیہ کا سور: عربی زبان میں لفظ ''بعض'' اور ''واحد'' ہے اور اردو زبان میں لفظ ''بعض'' اور ''کوئی نہ کوئی'' ہے، جیسے بعض الطلاب ذكي (بعض طلبہ ذہین ہیں) واحد من الطلاب ناجح (کوئی نہ کوئی طالب علم کامیاب ہے)

سالبہ کلیہ کا سور: عربی زبان میں "لاشيء، لاواحد" یا کوئی بھی اسم نکرہ جس کی نفی کی جارہی ہو، اور اردو میں لفظ "کوئی نہیں" وغیرہ، جیسے لاشئ من النعم مکروہ (کوئی نعمت ناپسندیدہ نہیں ہے) اور لاواحد من الکافرین ناجح (کوئی کافر کامیاب نہیں ہے)

سالبہ جزئیہ کا سور: عربی زبان میں "لیس کل، لیس بعض اور بعض لیس" ہے اور اردو میں لفظ "بعض نہیں، ہر ایک نہیں" وغیرہ، جیسے لیس کل مؤمن مطیعا (ہر مؤمن فرماں بردار نہیں ہے) بعض الناس لیس بجواد (بعض لوگ سخی نہیں ہیں)

حمل کا بیان

حمل کی لغوی تعریف: ثبوت یا نفی کا حکم لگانا۔

اصطلاحی تعریف: دو چیزیں جو مفہوم میں ایک دوسرے دوسرے کے مخالف ہیں ان کا وجود ذہنی یا وجود خارجی کے اعتبار سے متحد ہونا، جیسے زیدٌ کاتبٌ ان دونوں لفظوں کا مفہوم ایک دوسرے کے مخالف ہے لیکن وجود خارجی کے اعتبار سے دونوں متحد ہوگئے۔

حمل کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) حمل اولی (۲) حمل شائع

حمل اولی: ایسا حمل ہے جس میں موضوع اور محمول بعینہ ایک ہوں، جیسے الانسان انسانٌ.

حمل شائع: ایسا حمل ہے جس میں موضوع اور محمول بعینہ ایک نہ ہوں، بلکہ ان میں صرف وجود کے اعتبار سے اتحاد ہو، جیسے الانسان حیوان اور اس حمل کا نام حملِ متعارف بھی ہے اس لیے کہ یہ علوم میں معتبر اور مستعمل ہے۔

حملِ اولی کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) حمل اولی بدیہی (۲) حمل اولی نظری

حمل اولی بدیھی: ایسا حمل ہے جس میں موضوع اور محمول بعینہ ایک ہوں ان کے الفاظ اور مفہوم میں مغایرت نہ ہو، جیسے الانسان انسانٌ.

حمل اولی نظری: ایسا حمل ہے جس میں موضوع اور محمول میں ظاہراً تو مغایرت ہو، البتہ دقیق نظر کے اعتبار سے ان میں اتحاد ہو، جیسے الوجود ھو الماھیة.

حمل شائع کی دو قسمیں ہیں؛(۱)حمل شائع بالذات (۲)حمل شائع بالعرض

حمل شائع بالذات :ایسا حمل ہے جس میں محمول موضوع کے لیے ذاتی ہو، یعنی محمول موضوع کی حقیقت کا جز ہو، جیسے ہر انسان ناطق ہے۔

حمل شائع بالعرض :ایسا حمل ہے جس میں محمول موضوع کے لیے عرضی ہو، یعنی محمول موضوع کی حقیقت سے خارج ہو، جیسے ہر انسان کاتب ہے۔

حمل کی دو قسمیں اور ہیں؛(۱)حمل بالاشتقاق (۲)حمل بالمواطاۃ

حمل بالاشتقاق :ایسا حمل ہے جس میں محمول کی نسبت موضوع کی طرف لفظ "في، ذو" یا "له" کے واسطے سے ہو، جیسے زید في الدار، له الحمد اور خالد ذو مالٍ.

حمل بالمواطاۃ :ایسا حمل ہے جس میں محمول کی نسبت موضوع کی طرف بلا واسطہ ہو اگر چاہیں تو "علی" حرف جر بھی استعمال کر سکتے ہیں جیسے کل انسان حیوان یا الحیوان محمول علی الناس.

وجودِ موضوع کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی تقسیم

وجود موضوع کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی تین قسمیں ہیں؛(۱)حملیہ خارجیہ (۲)حملیہ ذہنیہ (۳)حملیہ حقیقیہ

حملیہ خارجیہ :ایسا قضیہ حملیہ ہے جس میں محمول کا ثبوت ایسے موضوع کے لیے ہو جو خارج میں موجود ہو اور واقعی ہو، جیسے زید کاتب ہے، آگ جل رہی ہے۔

حملیہ ذہنیہ : ایسا قضیہ حملیہ ہے جس میں محمول کا ثبوت ایسے موضوع کے لیے ہو جو ذہن میں موجود ہو اور واقعی ہو، جیسے انسان کلی ہے۔

حملیہ حقیقیہ :ایسا قضیہ حملیہ ہے جس میں محمول کا ثبوت موضوع کے لیے ہو، خواہ وہ خارج میں ہو یا ذہن میں، واقعی ہو یا فرضی ہو یعنی فی الحال موجود ہو یا موجود ہو سکتا ہو، جیسے لومڑی چالاک ہوتی ہے، یہ حکم اس لومڑی پر بھی ہے جو آج موجود ہے اور اس لومڑی پر

بھی صحیح ہوگا جو آئندہ موجود ہوگی۔

حرف سلب کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی تقسیم

طرفین قضیہ میں حرف سلب کے ہونے یا نہ ہونے کے لحاظ سے قضیہ حملیہ کی تین قسمیں ہیں:(۱) قضیہ معدولہ (۲) قضیہ محصلہ (۳) قضیہ بسیطہ

قضیہ معدولہ: وہ قضیہ ہے جس میں حرف سلب موضوع، محمول یا دونوں کا جز بن رہا ہو۔
قضیہ معدولہ کی تین قسمیں ہیں:(۱) معدولۃ الموضوع (۲) معدولۃ المحمول (۳) معدولۃ الطرفین

معدولۃ الموضوع: وہ قضیہ معدولہ ہے جس میں حرف سلب موضوع کا جز بن رہا ہو، جیسے غیر الکریم دنیٌّ (بے مروت برا ہوتا ہے)

معدولۃ المحمول: وہ قضیہ معدولہ ہے جس میں حرف سلب محمول کا جزء بن رہا ہو، جیسے ھذا القلم غیر مفید (یہ قلم بے فائدہ ہے)

معدولۃ الطرفین: وہ قضیہ معدولہ ہے جس میں حرف سلب موضوع اور محمول دونوں کا جز بن رہا ہو، جیسے کل غیر مؤمن غیر کریم (ہر بے ایمان بے مروت ہے)

قضیہ محصلہ: وہ قضیہ حملیہ ہے جس میں حرف سلب طرفین میں سے کسی کا جزء نہ ہو اور وہ قضیہ موجبہ ہو، جیسے عذاب القبر حق (قبر کا عذاب یقینی ہے)

قضیہ بسیطہ: وہ قضیہ حملیہ ہے جس میں حرف سلب طرفین میں سے کسی کا جز نہ ہو اور وہ قضیہ سالبہ ہو، جیسے محمد لیس بساحر (محمد جادوگر نہیں ہیں)

نوٹ: قضیہ کے موجبہ اور سالبہ ہونے کا مدار نسبت کے ایجاب وسلب پر ہے طرفین قضیہ میں حرف سلب کے ہونے یا نہ ہونے پر نہیں ہے۔

موجہات کا بیان

جہت کے اعتبار سے قضیہ حملیہ کی دو قسمیں ہیں:(۱) قضیہ موجہہ (۲) قضیہ مطلقہ

قضیہ موجهه: وہ قضیہ حملیہ ہے جس میں قضیہ کی نسبت کی کیفیت (جہت) بیان کی جائے، جیسے کل انسان حیوان بالضرورۃ اور لا شيء من الانسان بحجر بالضرورۃ.

قضیہ مطلقه یا مهمله: وہ قضیہ حملیہ ہے جس میں نسبت کی کیفیت (جہت) مذکور نہ ہو، جیسے کل انسان حیوان اور لا شيء من الانسان بحجر.

جهت: قضیہ کی نفس الامری کیفیت پر جو لفظ یا صورت عقلیہ دلالت کرتی ہے، اسے جہت کہتے ہیں، جیسے مذکورہ بالا مثال میں بالضرورۃ۔

جہت کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) جہت قضیہ معقولہ (۲) جہت قضیہ ملفوظہ

جهت قضیہ معقوله: وہ صورت عقلیہ جو قضیہ معقولہ میں کیفیت پر دلالت کرتی ہے اسے جہت قضیہ معقولہ کہتے ہیں۔

جهت قضیہ ملفوظه: وہ لفظ جو قضیہ ملفوظہ میں کیفیت پر دلالت کرتا ہے اسے جہت قضیہ ملفوظہ کہتے ہیں، جیسے بالضرورۃ اور بالدوام وغیرہ۔

مادۂ قضیہ: نسبت کی نفس الامری کیفیت کا نام مادۂ قضیہ ہے۔

نوٹ: مادہ وہ چیز کہلاتی ہے جس سے مل کر کوئی دوسری چیز بنے، اور قضیہ موضوع، محمول اور نسبت سے مل کر بنتا ہے، لہذا یہ تینوں قضیہ کے مادہ ہوئے، لیکن ان تینوں میں سب سے اشرف نسبت ہے اور وہ کیفیت جو نفس الامر میں ثابت ہوتی ہے اس نسبت کے لیے لازم ہوتی ہے لہذا اشرف جز (نسبت) کے لازم (نفس الامری کیفیت) کو کل (مادہ) کا حکم دے دیا گیا۔

قضیہ موجہہ کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) قضیہ موجہہ صادقہ (۲) قضیہ موجہہ کاذبہ

قضیہ موجهه صادقه: وہ قضیہ ہے جس میں جہت قضیہ، مادۂ قضیہ کے موافق ہو، جیسے کل انسان حیوان بالضرورۃ، انسان کے لیے حیوانیت نفس الامر میں بھی ضروری ہے اور قضیہ میں جو جہت ذکر کی گئی ہے وہ بھی بالضرورت ہے، پس مادۂ قضیہ اور جہت قضیہ ایک دوسرے کے موافق ہوئے۔

قضیہ موجھہ کاذبہ :وہ قضیہ ہے جس میں جہت قضیہ مادۂ قضیہ کے موافق نہ ہو، جیسے کل انسان حجر بالضرورۃ، اس قضیہ میں جہت قضیہ بالضرورۃ ہے، یعنی انسان کے لیے پتھر ہونا ضروری ہے اور نفس الامر میں انسان کے لیے پتھر ہونا نہ صرف یہ کہ ضروری نہیں ہے بلکہ ممتنع ہے پس اس قضیہ میں جہت اور مادہ ایک دوسرے کے موافق نہیں ہیں۔

قضیہ موجہہ کی دو قسمیں ہیں؛(۱) قضیہ موجہہ بسیطہ (۲) قضیہ موجہہ مرکبہ

قضیہ موجھہ بسیطہ :وہ قضیہ ہے جس میں نسبت کی صرف ایک کیفیت ایجابی یا سلبی مذکور ہو۔

قضیہ موجھہ مرکبہ :وہ قضیہ ہے جس میں نسبت کی دو کیفیتیں ایجاب وسلب ایک ساتھ مذکور ہوں، اس میں دو قضیے ہوتے ہیں ایک صراحۃً مذکور ہوتا ہے اور دوسرے کی طرف لاضرورۃ یا لادوام وغیرہ سے اشارہ ہوتا ہے۔

کیفیت کا بیان

کیفیت کی چھ قسمیں ہیں؛(۱) وجوب (۲) امتناع (۳) امکان (۴) ضرورۃ (۵) دوام (۶) فعلیت

لیکن فن منطق میں صرف اخیر کی چار نسبتوں سے بحث کی جاتی ہے۔

وجوب :اس نسبت کا نام ہے جس میں کسی شئے کا وجود ضروری ہو اور عدم ممتنع ہو، جیسے اللہ تعالی موجود ہے۔

امتناع:اس نسبت کا نام ہے جس میں کسی شئے کا عدم ضروری ہو اور وجود محال ہو، جیسے ابولہب جنت میں داخل ہوگا۔

امکان:اس نسبت کا نام ہے جس میں کسی شئے کا وجود ضروری نہ ہو، جیسے گنہگار مؤمن جہنم میں داخل ہوگا یہ ضرورت کی ضد ہے اور اس نسبت کا دوسرا نام لاضرورت بھی ہے۔

امکان کی دو قسمیں ہیں:(۱) امکان عام (۲) امکان خاص

امکان عام: اس نسبت کا نام ہے جس میں موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب اس طرح ہو کہ اس کی جانب مخالف ضروری نہ ہو، جیسے کل نار حارۃ بالإمکان العام (یعنی آگ اس طرح گرم ہے کہ عدمِ حرارت اس کے لیے ضروری نہیں ہے)

امکان خاص: اس نسبت کا نام ہے جس میں حکم کی نہ جانب موافق ضروری ہو اور نہ جانب مخالف ضروری ہو، جیسے کل انسان موجود بالإمکان الخاص (یعنی انسان ایک ایسا موجود ہے جس کے لیے نہ وجود ضروری ہے اور نہ عدمِ وجود ضروری ہے)

ضرورت: وہ ایسی نسبت ہے جس میں محمول کی نسبت کا موضوع سے جدا ہونا محال ہو، جیسے اللہ واحد میں ''احدیت'' (ایک ہونے) کی جو نسبت اللہ تعالی کی طرف ہے وہ کبھی بھی اللہ تعالی سے جدا نہیں ہو سکتی۔

دوام: وہ ایسی نسبت ہے جس میں محمول کی نسبت جو موضوع کے ساتھ ہے وہ تمام زمانوں میں اور ہر وقت موجود رہتی ہو یعنی محمول کا ثبوت یا سلب موضوع سے ضروری تو نہ ہو مگر پھر بھی کسی وجہ سے ایسا التزام پایا جاتا ہو کہ موضوع محمول کی صفت سے کبھی خالی نہ ہوتا ہو، جیسے الحیوان متنفس (جاندار سانس لینے والا ہے) اس قضیہ میں سانس لینا اگرچہ موضوع کی ذات کا تقاضہ نہیں ہے مگر پھر بھی تمام زمانوں میں موضوع، محمول کی صفت کے ساتھ متصف رہتا ہے۔

فعلیت: وہ ایسی نسبت ہے جس میں محمول کی نسبت جو موضوع کی طرف کی گئی ہے وہ تینوں زمانوں میں سے کسی زمانے میں پائی جائے، جیسے کل إنسان ضاحک بالفعل یعنی ہنسا کسی وقت پایا جاتا ہے یہ دوام کی ضد ہے اس لیے اس نسبت کی طرف لا دوام اور بالاطلاق العام سے بھی اشارہ ہوتا ہے۔

بالقوۃ اور بالفعل: فعلیت قوت کا مقابل ہے بالقوۃ کے معنی ہیں نسبت کسی وقت پائی جا سکتی ہے اور بالفعل کے معنی ہیں نسبت پائی جا رہی ہے۔

ضرورت اور اس کی ضد امکان کی چار قسمیں ہیں: (۱) ذاتی (۲) وصفی (۳) وقتی معین (۴)

وقتی غیر معین

دوام اور اس کی ضد لا دوام یا فعلیت کی دو قسمیں ہیں؛(۱) ذاتی (۲) وصفی

ذاتی :موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب اس وقت تک ضروری، یا دائمی، یا بالفعل، یا بالامکان ہو جب تک موضوع کی ذات موجود رہے، جیسے كل إنسان حيوان بالضرورة و كل فلك متحرك دائما و كل إنسان ضاحك بالفعل و كل نار حارة بالإمكان العام.

وصفی: موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب اس وقت تک ضروری، یا دائمی، یا بالفعل، یا بالامکان ہو جب تک موضوع کی ذات وصف عنوانی کے ساتھ متصف رہے، جیسے كل كاتب متحرك الأصابع بالضرورة مادام كاتبا و كل كاتب متحرك الأصابع دائما مادام كاتبا و كل كاتب متحرك الأصابع بالفعل مادام كاتبا و كل كاتب متحرك الأصابع بالإمكان العام مادام كاتبا.

وقتی معین :موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب کسی خاص وقت میں ضروری ہو یا ضروری نہ ہو، جیسے كل قمر منخسف بالضرورة وقت حيلولة الأرض و كل قمر منخسف بالإمكان العام وقت حيلولة الأرض.

وقتی غیر معین :موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب کسی غیر معین وقت میں ضروری ہو یا ضروری نہ ہو، جیسے كل إنسان متنفس بالضرورة في وقت ما و كل إنسان متنفس بالإمكان العام في وقت ما.

وصف عنوانی :وہ لفظ ہے جس کے ذریعہ موضوع کو تعبیر کیا جائے، جیسے الحیوان کلی میں لفظ حیوان اور اسے وصف موضوع بھی کہتے ہیں۔

ذات موضوع: ان افراد کو کہا جاتا ہے جن پر لفظ موضوع صادق آئے، جیسے الانسان جسمٌ میں افراد انسان یعنی زید عمر خالد وغیرہ۔

نوٹ: جاننا چاہئے کہ اگر قضیہ حملیہ میں ضرورت ذاتی کا ذکر ہے تو وہ قضیہ ضروریہ مطلقہ ہے

اور اگر ضرورت وصفی کا ذکر ہے تو وہ مشروطہ عامہ ہے، اور اگر ضرورت وقتی معین کا ذکر ہے تو وہ وقتیہ مطلقہ ہے، اور اگر ضرورت وقتی غیر معین کا ذکر ہے تو وہ منتشرہ مطلقہ ہے، اور اگر دوام ذاتی کا ذکر ہے تو وہ دائمہ مطلقہ ہے، اور اگر دوام وصفی کا ذکر ہے تو وہ عرفیہ عامہ ہے، اور اگر فعلیت ذاتی کا ذکر ہے تو وہ مطلقہ عامہ ہے، اور اگر فعلیت وصفی کا ذکر ہے تو وہ حینیہ مطلقہ ہے، اور اگر امکان ذاتی کا ذکر ہے تو وہ ممکنہ عامہ ہے، اور اگر امکان وصفی کا ذکر ہے تو وہ حینیہ ممکنہ ہے، اور اگر امکان وقتی معین کا ذکر ہے تو وہ وقتیہ ممکنہ ہے، اور اگر امکان وقتی غیر معین کا ذکر ہے تو وہ منتشرہ ممکنہ ہے۔ (مفتاح التہذیب)

یہ کل بارہ قضیہ ہوئے ان میں سے متقدمین کے نزدیک چھ قضیوں سے فن میں بحث کی جاتی ہے اور متاخرین کے نزدیک آٹھ قضیوں سے بحث کی جاتی ہے۔

قضیہ بسیطہ کا بیان

قضیہ بسیطہ کی آٹھ قسمیں ہیں: (۱) ضروریہ مطلقہ (۲) مشروطہ عامہ (۳) وقتیہ مطلقہ (۴) منتشرہ مطلقہ (۵) دائمہ مطلقہ (۶) عرفیہ عامہ (۷) مطلقہ عامہ (۸) ممکنہ عامہ

ضروریہ مطلقہ: وہ قضیہ موجہہ ہے جس میں یہ حکم ہو کہ موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب اس وقت تک ضروری ہے جب تک موضوع کی ذات موجود ہے، جیسے کل إنسان حیوان بالضرورۃ و لا شيء من الإنسان بحجر بالضرورۃ.

مشروطہ عامہ: وہ قضیہ موجہہ ہے جس میں یہ حکم ہو کہ موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب اس وقت تک ضروری ہے جب تک موضوع کی ذات وصف عنوانی کے ساتھ متصف ہے، جیسے کل کاتب متحرک الأصابع بالضرورۃ ما دام کاتباً و لا شيء من الکاتب بساکن الأصابع بالضرورۃ ما دام کاتباً.

وقتیہ مطلقہ: وہ قضیہ موجہہ ہے جس میں یہ حکم ہو کہ موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب وقت معین میں ضروری ہے، جیسے کل قمر منخسف بالضرورۃ وقت

حیلولة الأرض بینه و بین الشمش و لا شيء من القمر بمنخسف بالضرورة وقت التربیع.

منتشرہ مطلقہ: وہ قضیہ موجہہ ہے جس میں یہ حکم ہو کہ موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب کسی غیر معین وقت میں ضروری ہے، جیسے کل حیوان متنفس بالضرورة وقتاً ما و لا شيء من الإنسان بمتنفس بالضرورة وقتا ما.

دائمہ مطلقہ: وہ قضیہ موجہہ ہے جس میں یہ حکم ہو کہ موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب اس وقت تک دائمی ہے جب تک موضوع کی ذات موجود ہے، جیسے کل فلک متحرک بالدوام و لا شيء من الفلک بساکن بالدوام .

عرفیہ عامہ: وہ قضیہ موجہہ ہے جس میں یہ حکم ہو کہ موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب اس وقت تک دائمی ہے جب تک موضوع کی ذات وصف عنوانی کے ساتھ متصف ہے، جیسے بالدوام کل کاتب متحرک الأصابع ما دام کاتباً و لا شيء من النائم بمستیقظ مادام نائماً.

مطلقہ عامہ: وہ قضیہ موجہہ ہے جس میں یہ حکم ہو کہ موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب تینوں زمانوں میں سے کسی زمانے میں ہے، جیسے کل إنسان متنفس بالفعل و لا شيء من الإنسان بمتنفس بالفعل.

ممکنہ عامہ: وہ قضیہ موجہہ ہے جس میں یہ حکم ہو کہ موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب اس طرح ہے کہ اس کی جانب مخالف ضروری نہ ہو، جیسے کل نار حارة بالإمکان العام و لا شيء من النار ببارد بالإمکان العام.

قضیہ مرکبہ کا بیان

نوٹ: لا دوام سے مطلقہ عامہ اور لا ضرورت سے ممکنہ عامہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے لہذا کل إنسان متعجب بالفعل لا دائماً کا مطلب ہوگا کل إنسان متعجب بالفعل و لا

شيء من الإنسان بمتعجب بالفعل، اور کل حیوان ماشٍ بالفعل لا بالضرورة کا مطلب ہوگا کل حیوان ماش بالفعل و لا شيء من الحیوان بماش بالإمکان.

قضیہ موجہہ مرکبہ کی سات قسمیں ہیں؛(۱) مشروطہ خاصہ (۲) عرفیہ خاصہ (۳) وجودیہ لاضروریہ (۴) وجودیہ لادائمہ (۵) وقتیہ (۶) منتشرہ (۷) ممکنہ خاصہ

مشروطه خاصه : وہ بعینہ مشروطہ عامہ ہے لا دوام ذاتی کی قید کے ساتھ، جیسے کل کاتب متحرک الأصابع بالضرورة ما دام کاتباً لا دائمًا و لا شيء من الکاتب بساکن الأصابع بالضرورة ما دام کاتباًلا دائماً.

عرفیه خاصه : وہ بعینہ عرفیہ عامہ ہے لا دوام ذاتی کی قید کے ساتھ، جیسے بالدوام کل کاتب متحرک الأصابع ما دام کاتباً لا دائماً وبالدوام لا شيء من الکاتب بساکن الأصابع مادام کاتباً لا دائماً.

وجودیه لاضروریه : وہ بعینہ مطلقہ عامہ ہے لاضرورت ذاتی کی قید کے ساتھ، جیسے کل إنسان کاتب بالفعل لا بالضرورة و لا شيء من الإنسان بکاتب بالفعل لا بالضرورة.

وجودیه لا دائمه : وہ بعینہ مطلقہ عامہ ہے لا دوام ذاتی کی قید کے ساتھ، جیسے کل إنسان ضاحک بالفعل لادائماً و لا شيء من الإنسان بمتنفس بالفعل لا دائماً.

وقتیه : وہ بعینہ وقتیہ مطلقہ ہے لا دوام ذاتی کی قید کے ساتھ، جیسے کل قمر منخسف بالضرورة وقت حیلولة الأرض بینه و بین الشمس لادائماًو لا شيء من القمر بمنخسف بالضرورة وقت التربیع لادائماً.

منتشره : وہ بعینہ منتشرہ مطلقہ ہے لا دوام ذاتی کی قید کے ساتھ، جیسے کل حیوان متنفس بالضرورة وقتًاما لادائماًو لا شيء من الإنسان بمتنفس بالضرورة وقتاما لادائماً.

ممکنہ خاصہ :وہ ایسا قضیہ موجہہ ہے جس میں یہ حکم ہو کہ قضیہ کی دونوں جانب ضروری نہیں ہے، جیسے کل إنسان ضاحک بالإمکان الخاص و لا شيء من الإنسان بضاحک بالإمکان الخاص.

قضیہ شرطیہ کا بیان

قضیہ شرطیہ کی دو قسمیں ہیں:(۱) شرطیہ متصلہ (۲) شرطیہ منفصلہ

شرطیہ متصلہ:وہ قضیہ شرطیہ ہے جس میں ایک شئے کے ثبوت یا عدم ثبوت کا حکم لگایا جائے دوسری شئے کے ثبوت کی تقدیر پر، جیسے اگر زید انسان ہے تو وہ حیوان بھی ہے اور ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا کہ اگر زید انسان ہے تو وہ گھوڑا بھی ہو۔

شرطیہ منفصلہ:وہ قضیہ شرطیہ ہے جس میں دو چیزوں میں تضاد یا عدم تضاد کا حکم ہو جیسے یہ چیز یا تو درخت ہے یا حیوان ہے۔

متصلہ کی دو قسمیں ہیں:(۱) متصلہ لزومیہ (۲) متصلہ اتفاقیہ

متصلہ لزومیہ :وہ قضیہ ہے جس میں مقدم اور تالی کے درمیان حکم کسی علاقے کی وجہ سے ہو یعنی مقدم اور تالی میں ایسا تعلق ہو جس کی بنا پر جدائی نہ ہو سکتی ہو، جیسے إن کانت الشمس طالعة فالنهار موجود (اگر سورج نکلا ہوا ہے تو دن موجود ہوگا)

متصلہ اتفاقیہ :وہ قضیہ ہے جس میں مقدم اور تالی کے درمیان حکم کسی علاقے کی وجہ سے نہ ہو یعنی مقدم اور تالی کے درمیان جدائی ہو سکتی ہو، جیسے إن کان الإنسان ناطقاً فالحمار ناهق (اگر انسان ناطق ہے تو گدھا ڈھینچو ڈھینچو کرنے والا ہے)

علاقہ :وہ ایسی چیز ہے جس کی وجہ سے مقدم تالی کی مصاحبت چاہتا ہو، جیسے طلوع شمس کا وجود نہار کے لیے علت ہونا۔

علاقۂ علیت :وہ ایسا علاقہ ہے جس میں مقدم تالی کے لیے علت ہو، یا تالی مقدم کے لیے علت ہو، یا مقدم اور تالی کسی دوسری علت کے معلول ہوں، جیسے إن کانت الشمس

طالعة فالنهار موجود و إن كان النهار موجوداً فالشمس طالعة فكلما كان النهار موجوداً كان العالم مضيئاً.

علاقۂ تضایف: وہ ایسا علاقہ ہے جس میں ایک چیز کا سمجھنا دوسری چیز پر موقوف ہو اور ایسی دو چیزوں کو متضائفین کہتے ہیں، جیسے إن كان زيد أبا عمرو كان عمرو ابنه (اگر زید عمرو کا باپ ہے تو عمرو زید کا بیٹا ہے)

قضیہ منفصلہ کی تین قسمیں ہیں؛ (۱) منفصلہ حقیقیہ (۲) منفصلہ مانعۃ الجمع (۳) منفصلہ مانعۃ الخلو

منفصلہ حقیقیہ: وہ شرطیہ منفصلہ ہے جس کے مقدم اور تالی کے درمیان منافات یا عدم منافات کا حکم صدق اور کذب دونوں میں ایک ساتھ ہو، یعنی نہ تو دونوں ایک ساتھ جمع ہو سکتے ہوں اور نہ ہی جدا ہو سکتے ہوں، جیسے ہر موجود چیز خالق ہے یا مخلوق، لہذا ایسا نہیں ہو سکتا کہ کوئی چیز نہ تو خالق ہو اور نہ ہی مخلوق ہو اور نہ ہی یہ ہو سکتا کہ ایک ہی چیز خالق بھی ہو اور مخلوق بھی ہو۔

منفصلہ مانعۃ الجمع: وہ قضیہ منفصلہ ہے جس میں مقدم اور تالی کے درمیان صرف صدق میں منافات یا عدم منافات کا حکم ہو، یعنی دونوں ایک ساتھ جمع نہ ہو سکتے ہوں مگر ایک ساتھ جدا ہو سکتے ہوں، جیسے وہ حیوان یا تو بکری ہے یا ہرن ہے، مذکورہ مثال میں ایسا نہیں ہو سکتا کہ وہ حیوان بکری بھی ہو اور ہرن بھی ہو، لیکن ایسا ہو سکتا ہے کہ وہ نہ بکری ہو اور نہ ہرن بل کہ کوئی اور جانور ہو۔

منفصلہ مانعۃ الخلو: وہ قضیہ منفصلہ ہے جس میں مقدم اور تالی کے درمیان صرف کذب میں منافات یا عدم منافات کا حکم ہو، یعنی دونوں ایک ساتھ جمع تو ہو سکتے ہیں مگر جدا نہیں ہو سکتے، جیسے مہمانوں کا کھانا میٹھا ہوگا یا نمکین مذکورہ مثال میں یہ تو ہو سکتا ہے کہ کھانا میٹھا بھی ہو اور نمکین بھی یعنی دو یا تین طرح کا کھانا ہو لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ نہ تو کھانا میٹھا ہو اور نہ ہی نمکین۔

انفصال کی قوت وضعف کے اعتبار سے شرطیہ منفصلہ کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) عنادیہ (۲) اتفاقیہ

عنادیه: وہ قضیہ منفصلہ ہے جس میں مقدم اور تالی کی ذات ہی دونوں کے درمیان جدائی کو چاہتی ہو، جیسے یہ مرد یا تو مؤمن ہے یا کافر۔

اتفاقیه: وہ قضیہ منفصلہ ہے جس میں مقدم اور تالی کی ذات جدائی کو نہ چاہتی ہو بلکہ اتفاقاً جدائی ہوگئی ہو، جیسے ہمارا روز کا کھانا یا تو روٹی ہے یا چاول۔

مقدم کے اعتبار سے قضیہ شرطیہ کی چار قسمیں ہیں؛ (۱) محصورہ کلیہ (۲) محصورہ جزئیہ (۳) شخصیہ (۴) مہملہ

محصوره كليه: وہ شرطیہ ہے جس میں حکم مقدم کے جمیع حالات کے اعتبار سے ہو، جیسے کلما کانت الشمس طالعة کان النهار موجوداً.

محصوره جزئيه: وہ شرطیہ ہے جس میں حکم مقدم کی بعض حالات کے اعتبار سے ہو، جیسے قد یکون إذا کان الشيء حیوانا کان إنساناً.

شخصيه يا مخصوصه: وہ شرطیہ ہے جس میں حکم مقدم کی کسی متعین حالت کے اعتبار سے ہو، جیسے إن جئتني الیوم أکرمک.

مهمله: وہ شرطیہ ہے جس میں حکم مقدم پر مطلق ہو تمام حالات یا بعض حالات کا کوئی ذکر نہ ہو، جیسے إن کان زید إنسانا کان حیوانا.

تقادیر كی مراد: وہ حالات ہیں مقدم کے ساتھ جن کا جمع ہونا ممکن ہے اگرچہ بالذات وہ حالات محال ہوں۔

موجبه كليه كا سور: متصلہ میں "کلما، مهما" اور "متیٰ" ہے جیسے کلما کانت الشمس طالعة فالنهار موجود یا متی کانت إلخ یا مهما کانت إلخ اور منفصلہ میں "دائماً" ہے، جیسے دائماإما تکون الشمس طالعة أو لا یکون النهار موجودا.

سالبہ کلیہ کا سور: متصلہ اور منفصلہ میں ''لیس البتۃ'' ہے جیسے لیس البتة إذاكانت الشمس طالعة فالليل موجود و ليس البتة إما أن تكون الشمس طالعة وإما أن يكون النهار موجودا.

موجبہ جزئیہ کا سور: متصلہ اور منفصلہ میں ''قد یکون'' ہے جیسے قد يكون إذا كانت الشمس طالعة كان النهار موجودا و قد يكون إما أن تكون الشمس طالعة أو يكون الليل موجودا.

سالبہ جزئیہ کا سور: متصلہ اور منفصلہ میں ''قد لا یکون'' ہے جیسے قد لا يكون إذا كانت الشمس طالعة كان الليل موجودا و قد لا يكون إما أن تكون الشمس طالعة أو يكون النهار موجودا اور حرف سلب کو موجبہ کلیہ کے سور پر داخل کرنا ہے جیسے ليس كلما و ليس مهما وليس متى متصلہ میں اور ليس دائما منفصلہ میں۔

تناقض کا بیان

تناقض: دو قضیوں کا ایجاب اور سلب میں اس طرح مختلف ہونا کہ بلا واسطہ ایک کا صدق دوسرے کے کذب کو یا ایک کا کذب دوسرے کے صدق کو مستلزم ہو، جیسے زید کھڑا ہے اور زید کھڑا نہیں ہے۔

نقیض: ہر شے کے سلب کو اس کی نقیض کہتے ہیں، جیسے جاندار کی نقیض غیر جاندار، لائق کی نقیض نالائق۔

تناقض کا حکم: یہ ہے کہ جن دو قضیوں میں تناقض ہوتا ہے وہ دونوں نہ تو ایک ساتھ جمع ہو سکتے ہیں اور نہ ہی جدا ہو سکتے ہیں۔

قضیہ مخصوصہ میں تناقض کی شرطیں

تناقض کے لیے شرط یہ ہے کہ:

(۱) دونوں قضیے کیف (ایجاب وسلب) میں مختلف ہوں یعنی اگر ایک قضیہ موجبہ ہوتو دوسرا سالبہ ہو۔

(۲) اور اگر دونوں قضیے موجہہ ہوں تو جہت میں بھی اختلاف ضروری ہے یعنی اگر ایک قضیہ میں ضرورت کی جہت ہوتو دوسرے قضیہ میں امکان کی جہت ہو۔

ان باتوں کے علاوہ دو مخصوصہ قضیوں میں تناقض کے لیے آٹھ باتوں میں اتحاد بھی ضروری ہے، جو وحدات ثمانیہ کہلاتی ہیں:

(۱) **وحدت موضوع**: دونوں قضیوں کا موضوع ایک ہو: پس حماد کھڑا ہے اور حسان کھڑا نہیں ہے ان دو قضیوں میں تعارض نہیں ہے کیوں کہ موضوع ایک نہیں ہے۔

(۲) **وحدت محمول**: دونوں قضیوں کا محمول ایک ہو: پس احمد حاضر ہے اور احمد پڑھ نہیں رہا ہے ان دو قضیوں میں تعارض نہیں ہے کیوں کہ محمول ایک نہیں ہے۔

(۳) **وحدت مکان**: دونوں قضیوں کی جگہ ایک ہو: پس راشد گھر میں ہے اور راشد بازار میں نہیں ہے ان دو قضیوں میں تعارض نہیں ہے کیوں کہ مکان ایک نہیں ہے۔

(۴) **وحدت زمان**: دو قضیوں کا زمانہ ایک ہو: پس اصغر پڑھتا ہے ''یعنی دن میں'' اور افضل پڑھتا نہیں ہے ''یعنی رات میں'' ان دو قضیوں میں تعارض نہیں ہے کیوں کہ زمانہ ایک نہیں ہے۔

(۵) **وحدت قوۃ وفعل**: دونوں قضیوں میں قوت اور فعل کا اختلاف نہ ہو: پس از ہر عالم ہے ''یعنی بالقوۃ'' اور زاہد عالم نہیں ہے ''یعنی بالفعل'' ان دو قضیوں میں تعارض نہیں ہے کیوں کہ قوت و فعل کا اختلاف ہے۔

(۶) **وحدت شرط**: دونوں قضیوں کی شرط ایک ہو: پس جسم نگاہ کو خیرہ کرتا ہے بشرطیکہ سفید (چمکدار) ہو اور جسم نگاہ کو خیرہ نہیں کرتا بشرطیکہ سیاہ ہو ان دو قضیوں میں تعارض نہیں ہے کیوں کہ شرط (سفید ہونا اور سیاہ ہونا) ایک نہیں ہے۔

(۷) **وحدت جزوکل**: دونوں قضیوں میں جزو کل کا اختلاف نہ ہو: پس یہ کمرہ سفید

ہے ''یعنی اس کا مرمری فرش'' اور یہ کمرہ سفید نہیں ہے ''یعنی تمام'' ان دو قضیوں میں تعارض نہیں ہے کیوں کہ سفید ہونے کا حکم صرف فرش پر ہے اور سفید نہ ہونے کا حکم پورے کمرے پر ہے۔

(۸) وحدت اضافت: دونوں قضیوں کی نسبت ایک ہو: پس ارشد باپ ہے یعنی سلمان کا اور ارشد باپ نہیں ہے یعنی خالد کا ان دو قضیوں میں تعارض نہیں ہے کیوں کہ نسبت ایک نہیں ہے۔

کسی شاعر نے وحدت ثمانیہ کو نظم کیا ہے۔

در تناقض ہشت وحدتِ شرط داں
وحدتِ موضوع و محمول و مکاں
وحدتِ شرط و اضافت جزء و کل
قوۃ و فعل است در آخر زماں

قضیہ محصورہ میں تناقض کی شرطیں

دو محصورہ قضیوں میں تناقض پائے جانے کے لیے وحداتِ ثمانیہ کے علاوہ کلیت اور جزئیت کا اختلاف بھی ضروری ہے یعنی ان میں سے ایک قضیہ کلیہ ہو اور دوسرا جزئیہ۔

لہذا موجبہ کلیہ کی نقیض سالبہ جزئیہ آئے گی، جیسے ''ہر انسان جاندار ہے'' موجبہ کلیہ ہے اس کی نقیض ''بعض انسان جاندار نہیں ہے'' سالبہ جزئیہ آئے گی، اور سالبہ کلیہ کی نقیض موجبہ جزئیہ آئے گی جیسے ''کوئی انسان پتھر نہیں ہے'' سالبہ کلیہ ہے اس کی نقیض ''بعض انسان پتھر ہیں'' موجبہ جزئیہ آئے گی۔

شرطیات کی نقیضیں: دو قضیہ شرطیہ میں تناقض کے لیے ان کا جنس اور نوع میں متفق ہونا اور کیف میں مختلف ہونا ضروری ہے۔

جنس سے مراد: متصلہ اور منفصلہ ہونا ہے، یعنی اصل قضیہ اگر متصلہ ہے تو نقیض بھی متصلہ

ہوگی، اور اصل قضیہ اگر منفصلہ ہے تو اس کی نقیض بھی منفصلہ ہی ہوگی۔

نوع سے مراد: لزومیہ، عنادیہ اور اتفاقیہ ہونا ہے، یعنی اصل قضیہ اگر لزومیہ، عنادیہ یا اتفاقیہ ہے تو اس کی نقیض بھی لزومیہ، عنادیہ یا اتفاقیہ ہوگی۔

کیف سے مراد: ایجاب اور سلب ہے، یعنی اصل قضیہ اگر موجبہ ہے تو اس کی نقیض سالبہ ہوگی، اور اصل قضیہ اگر سالبہ ہے تو اس کی نقیض موجبہ ہوگی۔

تینوں کی مثالیں؛

متصله لزومیه موجبه: كلما كان زيد انسانا كان حيوانًا.

متصله لزومیه سالبه: ليس كلما كان زيد انسانا كان حيوانًا.

منفصله عنادیه موجبه : دائما اما أن يكون هذا العدد زوجا أو فردًا.

منفصله عنادیه سالبه: ليس دائما اما أن يكون هذا العدد زوجا أو فردًا.

عکس کا بیان

عکس کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) عکس مستوی (۲) عکس نقیض

عکس مستوی کا بیان

عکس مستوي یا عکس مستقیم : قضیہ کے پہلے جز کو دوسرا اور دوسرے جز کو پہلا بنا دینا اس طور پر کہ صدق اور کیفیت علی حالہ باقی رہے، یعنی پہلا قضیہ اگر سچا ہے یا سچا مانا ہے تو دوسرا بھی سچا ہی ماننا پڑے گا اور پہلا اگر موجبہ ہے تو دوسرا بھی موجبہ ہی ہوگا یا پہلا اگر سالبہ ہے تو دوسرا بھی سالبہ ہی ہوگا۔

موجبہ کلیہ کا عکس مستوی موجبہ جزئیہ آتا ہے، جیسے "ہر انسان جاندار ہے" کا عکس مستوی ہے "بعض جاندار انسان ہیں"

موجبہ جزئیہ کا عکس مستوی موجبہ جزئیہ ہی آتا ہے، جیسے "بعض انسان جاندار ہیں" کا عکس

مستوی ہے ''بعض جاندار انسان ہیں''

سالبہ کلیہ کا عکس مستوی سالبہ کلیہ آتا ہے، جیسے ''کوئی انسان پتھر نہیں ہے'' کا عکس مستوی ہے ''کوئی پتھر انسان نہیں''

سالبہ جزئیہ کا عکس مستوی ہر جگہ لازمی طور سے نہیں آتا، کیوں کہ ''بعض جاندار انسان نہیں'' سالبہ جزئیہ ہے اور سچا ہے مگر اس کا عکس مستوی ''بعض انسان جاندار نہیں'' غلط ہے۔

عکس نقیض کا بیان

عکس نقیض: عکس نقیض کی تعریف میں دو مذہب ہیں ایک قدماء کا اور دوسرا متاخرین کا۔

مذہب قدماء: طرفین قضیہ کی نقیض کو اس طرح ایک دوسرے کی جگہ رکھ دینا کہ اس کا صدق اور کیف علی حالہ باقی رہے۔

مذہب متأخرین: نقیض ثانی کو اول کی جگہ اور عین اول کو ثانی کی جگہ اس طور پر رکھ دینا کہ وہ ایجاب اور سلب میں مختلف ہو جائیں۔

نوٹ: عکس نقیض میں موجبات کا حکم وہی ہے جو عکس مستوی میں سوالب کا ہے اسی طرح یہاں کے سوالب کا حکم وہی ہے جو وہاں کے موجبات کا ہے۔

موجبه كليه كا عكس نقيض: موجبہ کلیہ کا عکس نقیض موجبہ کلیہ ہی آتا، ہے جیسے ''كل إنسان حيوان'' کا عکس نقیض ''كل لا حيوان لا إنسان'' (ہر غیر جاندار غیر انسان ہے) آتا ہے۔

موجبه جزئيه كا عكس نقيض: موجبہ جزئیہ کا عکس نقیض نہیں آتا۔

سالبه كليه كا عكس نقيض: سالبہ کلیہ کا عکس نقیض سالبہ جزئیہ آتا ہے، جیسے ''لا شيء من الإنسان بفرس'' کا عکس نقیض ''بعض اللافرس ليس بلا إنسان'' (بعض لا فرس انسان ہیں) آتا ہے۔

سالبه جزئيه كا عكس نقيض: سالبہ جزئیہ کا عکس نقیض سالبہ جزئیہ ہی آتا ہے، جیسے

"بعض الحیوان لیس بانسان" کا عکس نقیض "بعض اللاإنسان لیس بلا حیوان" (بعض لا انسان حیوان ہیں) آتا ہے۔

حجت کا بیان

حجت کی تین قسمیں ہیں؛(۱) قیاس (۲)استقراء (۳)تمثیل

استدلال یا تو کلی سے ہوگا یا جزئی سے، پہلی صورت دو حال سے خالی نہیں، یا تو کلی پر ہوگا یا جزئی پر، دونوں صورتوں کا نام قیاس ہے، دوسری صورت میں یا تو کلی پر ہوگا اور وہ استقراء ہے یا جزئی پر ہوگا اور وہ تمثیل ہے۔

قیاس کا بیان

قیاس: دو یا چند قضایا سے مرکب ایسی بات ہے جن کے مان لینے سے خود بخود دوسرا قضیہ ماننا پڑے، جیسے ہر انسان جاندار ہے اور ہر جاندار جسم والا ہے تو ان دونوں قضیوں کو مان لینے سے یہ بھی ماننا پڑے گا کہ ہر انسان جسم والا ہے۔

قیاس کی دو قسمیں ہیں؛(۱)استثنائی (۲)اقترانی

قیاس استثنائی: وہ قیاس ہے جس میں نتیجہ یا نقیض نتیجہ اپنی پوری ہیئت اور اجزاء کے ساتھ مذکور ہو، جیسے إن كان زيد إنسانا كان حيوانا لكنه إنسان فهو حيوان اور إن كان زيد حمارا كان ناهقا لكنه ليس بناهق فإنه ليس بحمار.

قیاس اقترانی: وہ قیاس ہے جس میں نتیجہ یا نقیض نتیجہ اپنی پوری ہیئت اور ترتیب کے ساتھ مذکور نہ ہو بلکہ صرف اجزاء بغیر ترتیب نتیجہ کے مذکور ہوں، جیسے زيد إنسان و كل إنسان حيوان فزيد حيوان.

قیاس اقترانی کی دو قسمیں ہیں؛ (۱)حملی (۲)شرطی

قیاس اقترانی حملی: وہ قیاس ہے جو صرف قضایا حملیہ سے مرکب ہو، جیسے زید انسان ہے، اور انسان جاندار ہے، لہذا زید جاندار ہے۔

قیاس اقترانی شرطی: وہ قیاس ہے جو صرف قضایا حملیہ سے مرکب نہ ہو بلکہ یا تو صرف شرطیات سے مرکب ہو یا شرطیہ اور حملیہ دونوں طرح کے قضیوں سے مرکب ہو، جیسے صرف شرطیہ سے مرکب ہونے کی مثال **کلما کانت الشمس طالعة فالنهار موجود و کلما کان النهار موجودا فالعالم مضيئ فکلما کانت الشمس طالعة فالعالم مضيئ**، شرطیہ اور حملیہ دونوں سے مرکب ہونے کی مثال: **کلما کان هذا الشيء انسانا کان حیوانا و کل حیوان جسم فکلما کان هذا الشيء انسانا کان جسما.**

اصغر: نتیجۂ قیاس کے موضوع کو اصغر کہتے ہیں، جیسے مثال مذکور میں زید۔

اکبر: نتیجۂ قیاس کے محمول کو اکبر کہتے ہیں، جیسے مثال مذکور میں حیوان۔

مقدمہ: وہ قضیہ جو قیاس کا جز بنے اسے مقدمہ کہتے ہیں، جیسے مثال مذکور میں ''زید انسان ہے'' پہلا مقدمہ ہے اور ''ہر انسان جاندار ہے دوسرا مقدمہ ہے۔

صغریٰ: قیاس کے جس مقدمہ میں اصغر مذکور ہوتا ہے اسے صغری کہتے ہیں، جیسے مثال مذکور میں ''زید انسان ہے''۔

کبریٰ: قیاس کے جس مقدمہ میں اکبر مذکور ہوتا ہے اسے کبری کہتے ہیں، جیسے مثال مذکور میں ''ہر انسان جاندار ہے''۔

حد اوسط: قیاس کا وہ جز جو قیاس میں مکرّر رہو اسے حد اوسط کہتے ہیں، جیسے مثال مذکور میں ''انسان''۔

قرینہ اور ضرب: وہ ہیئت ہے جو صغری کبری کے ایجاب وسلب اور کلیت اور جزئیت میں اختلاف کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

شکل: حد اوسط کو اصغر اور اکبر کے ساتھ ملانے سے جو ہیئت حاصل ہوتی ہے اسے شکل کہتے ہیں۔

نتیجہ: وہ بات جو قیاس کے مقدموں کو ملانے سے لازم آتی ہے اسے نتیجہ کہتے ہیں، جیسے

مثال مذکور میں زید حیوان ہے۔

کل شکلیں چار ہیں

شکل اول: اگر حداوسط صغری میں محمول اور کبری میں موضوع ہوتو اسے شکل اول کہتے ہیں، جیسے ہر انسان جان دار ہے (صغری) ہر جان دار جسم والا ہے (کبری) پس ہر انسان جسم والا ہے (نتیجہ)

شکل ثانی: اگر حداوسط صغری اور کبری دونوں میں محمول ہوتو اسے شکل ثانی کہتے ہیں، جیسے ہر انسان جان دار ہے (صغری) کوئی پتھر جان دار نہیں ہے (کبری) پس کوئی انسان پتھر نہیں ہے (نتیجہ)

شکل ثالث: اگر حداوسط صغری اور کبری دونوں میں موضوع ہوتو اسے شکل ثالث کہتے ہیں، جیسے ہر انسان جان دار ہے (صغری) ہر انسان لکھنے والے ہیں (کبری) پس بعض جان دار لکھنے والے ہیں (نتیجہ)

شکل رابع: اگر حداوسط صغری میں موضوع اور کبری میں محمول ہوتو اسے شکل رابع کہتے ہیں، جیسے ہر انسان جان دار ہے (صغری) بعض لکھنے والے انسان ہیں (کبری) پس بعض جان دار لکھنے والے ہیں (نتیجہ)

چاروں شکلوں کے نتیجہ دینے کی شرطیں

پہلی شکل میں: کیف کے اعتبار سے ایجاب صغری اور کم کے اعتبار سے کلیت کبری شرط ہے۔

دوسری شکل میں: کم کے اعتبار سے کبری کا کلیہ ہونا اور کیف کے اعتبار سے دونوں مقدموں کا مختلف ہونا شرط ہے۔

تیسری شکل میں: کم کے اعتبار سے دونوں مقدموں میں سے کسی بھی ایک کا کلیہ ہونا اور کیف کے اعتبار سے صغری کا موجبہ ہونا شرط ہے۔

چوتھی شکل میں: کم اور کیف کے اعتبار سے دو باتوں میں سے ایک کا ہونا ضروری ہے؛
(۱) اگر دونوں مقدمے موجبہ ہوں تو صغریٰ کا کلیہ ہونا ضروری ہے۔
(۲) اگر دونوں مقدمے ایجاب وسلب میں مختلف ہوں تو دونوں میں سے کسی بھی ایک کا کلیہ ہونا ضروری ہے۔

استقراء کا بیان

استقراء: وہ ایسی مرکب بات ہے جس میں بہت سے جزئیات کے احوال دیکھ کر کوئی کلی حکم لگایا جائے، یعنی امر جزئی سے کلی حکم لگانا، جیسے لکھنؤ کے بہت سے لوگوں کو مہذب دیکھ کر آپ نے کہا کہ لکھنؤ کا ہر آدمی مہذب ہے تو اسی کو استقراء کہتے ہیں۔
استقراء کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) استقراء تام (۲) استقراء ناقص

استقراء تام: وہ استقراء ہے جس میں تمام جزئیات کا جائزہ لیا گیا ہو، کوئی ایک بھی جزئی جائزہ سے خارج نہ ہو، جیسے صحابۂ کرام کا جائزہ لے کر محدثین نے حکم لگایا کہ "الصحابة کلھم عدول" (تمام صحابۂ کرامؓ روایت حدیث میں معتبر ہیں)

استقراء تام کا حکم: استقراء تام مفید یقین ہے مگر استقراء تام کی مثالیں بہت کم ہیں کیوں کہ کسی کلی کی تمام جزئیات کا جائزہ لینا بہت مشکل ہے۔

استقراء ناقص: ایسا استقراء ہے جس میں کسی کلی کی اکثر جزئیات کا جائزہ لے کر کوئی کلی حکم لگایا جائے، مثلاً مسلمان امانت دار ہوتا ہے، طالب علم شریف ہوتا ہے وغیرہ۔

استقراء ناقص کا حکم: استقراء ناقص مفید ظن ہوتا ہے اور عام طور پر استقراء ناقص ہی ہوتا ہے پس اگر بعض افراد میں وہ حکم نہ پایا جائے تو اس سے استقراء یا کلی حکم پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

تمثیل کا بیان

تمثیل: کسی ایک جزئی کی دوسری جزئی کے ساتھ حکم کی علت میں باہم شرکت بیان کرنا تا کہ

وہ حکم پہلی جزئی میں بھی ثابت کیا جائے، جیسے افیم (افیون) شراب کی طرح نشہ آور چیز ہے اور شراب حرام ہے پس شراب کی طرح افیم بھی حرام ہے، اس مثال میں پہلی جزئی افیم ہے اور دوسری جزئی شراب ہے اور حرام ہونا حکم ہے اور نشہ آور ہونا اس حکم کی علت ہے۔

تمثیل کا حکم: تمثیل بھی استقراء ناقص کی طرح مفید ظن ہوتی ہے۔

تمثیل کے ارکان

تمثیل کی بنیاد چار چیزوں پر ہے؛

اصل (مقیس علیه): پہلی جزئی جس میں وہ حکم ملا ہے، جیسے شراب.

فرع (مقیس): دوسری جزئی جس پر اصل کا حکم لگایا گیا ہے، جیسے افیم۔

علت: وہ مشترک چیز جس کی بنیاد پر اصل کا حکم فرع پر لگایا گیا ہے، جیسے نشہ آور ہونا۔

حکم: وہ بات جو اصل میں تھی پھر اسے فرع میں منتقل کیا گیا ہے، جیسے حرام ہونا.

علت معلوم کرنے کا طریقہ: کسی حکم کی علت معلوم کرنے کے متعدد طریقے ہیں مگر عمدہ طریقے دو ہیں؛ (۱) دوران (۲) تردید

دوران: وہ کسی حکم کا اپنی علت کے ساتھ رہنا ہے علت کے پائے جانے کی صورت میں بھی اور نہ پائے جانے کی صورت میں بھی، یعنی جب علت پائی جائے تو حکم بھی پایا جائے اور جب علت معدوم ہو تو حکم بھی معدوم ہو، مثلاً شراب جب تک نشہ آور ہے حرام ہے اور جب سرکہ بن جائے اور نشہ ختم ہو جائے تو حرام نہیں ہے اور اس کا دوسرا نام "طرد وعکس" بھی ہے۔

تردید: کسی چیز کے ممکنہ اوصاف کو "او" حرف تردید کے ذریعہ جمع کرنا، پھر جن اوصاف میں علت ہونے کی صلاحیت نہیں ہے ان کو ساقط کرنا، تا آنکہ وہ وصف باقی رہ جائے جو علت ہے، مثلاً مذکورہ مثال میں یہ کہنا کہ شراب حرام ہے یا تو اس کے سیال ہونے کی وجہ سے، یا بدبودار ہونے کی وجہ سے، یا انگور کی بنی ہوئی ہونے کی وجہ سے، یا کھٹی ہونے کی وجہ سے، یا نشہ آور ہونے کی وجہ سے مگر سیال ہونا علت نہیں ہو سکتا کیوں کہ پانی دودھ وغیرہ بھی

سیال ہیں اور حلال ہیں، اسی طرح بد بودار ہونا بھی علت نہیں ہوسکتا کیوں کہ سوکھی مچھلی جو نہایت بد بودار ہوتی ہے حلال ہے، اسی طرح انگور کی بنی ہوئی ہونا بھی حرمت کی علت نہیں ہوسکتا کیوں کہ انگور کا رس نشہ آور ہونے سے پہلے حلال ہے، اسی طرح کھٹا ہونا بھی حرمت کی علت نہیں ہوسکتا کیوں کہ املی کھٹی ہوتی ہے اور حلال ہے، پس ثابت ہوا کہ شراب حرام ہے نشہ آور ہونے کی وجہ سے پس وہی حکم کی علت ہے اور اس قسم کا نام ''سبر و تقسیم'' بھی ہے۔ (مفتاح التہذیب)

تردید کا حکم: تردید یقین کا فائدہ نہیں دیتا ہے۔

قیاس خلف: وہ قیاس ہے جس کے ذریعہ کوئی بات پیش کی جائے اس کی نقیض کو باطل کرکے۔

نوٹ: مثلاً یہ دعوی کہ ''کوئی انسان پتھر نہیں ہے'' یہ دعوی شکل ثانی سے اس طرح ثابت ہے کہ **کل انسان حیوان، ولاشيء من الحجر بحیوان، فلا شيء من الانسان بحجر**، اب اگر کوئی شخص شکل ثانی کے نتیجہ کو صحیح نہیں مانتا تو ضروری ہوگا کہ اس کی نقیض کو صحیح مانے، کیوں کہ نقیضین کا ارتفاع محال ہے اور نقیض کو صحیح ماننے سے خلاف مفروض لازم آتا ہے اور خلاف مفروض محال ہے اور جو چیز محال کو مستلزم ہو وہ خود بھی محال ہوتی ہے، پس نقیض باطل ہوگی اور نتیجہ صحیح ہوگا۔

رہی یہ بات کہ نقیض کو سچا ماننے سے خلاف مفروض کیسے لازم آتا ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس نقیض کو صغری بنایا جائے اور مذکورہ شکل ثانی کے کبری کو کبری بنا کر شکل اول ترتیب دی جائے تو جو نتیجہ آئے گا وہ اصل قیاس کے صغری کی نقیض ہوگا جو خلاف مفروض ہے۔

مثلاً: مذکورہ قیاس کے صغری اور کبری کو سچا مان لیا گیا ہے، پس لامحالہ اس کا نتیجہ یعنی **لاشيء من الانسان بحجر** بھی سچا ہوگا، ورنہ اس کی نقیض یعنی **بعض الانسان حجر** سچی ہوگی، حالاں کہ یہ نقیض سچی نہیں ہے کیوں کہ جب ہم اس نقیض کو صغری بنا کر اور اصل قیاس کے کبری کو کبری بنا کر شکل اول ترتیب دیں گے تو کہیں گے کہ **بعض الانسان حجر و لا شيء من الحجر بحیوان** تو نتیجہ آئے گا **بعض الانسان لیس بحیوان** اور یہ نتیجہ

اصل قیاس کے صغری یعنی کل انسان حیوان کی نقیض ہے اور چوں کہ اصل قیاس کا صغری سچا مانا جاچکا ہے، پس ضرور یہ نتیجہ کاذب ہوگا۔(مفتاح التهذيب)

قیاس کی صورت: وہ ہیئت جو صغری اور کبری کو ترتیب دینے اور حد اوسط کے اصغرو اکبر کے پاس رکھنے سے حاصل ہوتی ہے، اسے قیاس کی صورت کہتے ہیں۔

قیاس کا مادہ: قیاس کے دونوں مقدمے یعنی صغری اور کبری کو قیاس کا مادہ کہتے ہیں، جیسے العالم متغير و كل متغير حادث.

مادہ کے اعتبار سے قیاس کی تقسیم

مادہ کے اعتبار سے قیاس کی پانچ قسمیں ہیں؛(۱) قیاس برھانی (۲) قیاس جدلی (۳) قیاس خطابی (۴) قیاس شعری (۵) قیاس سفسطی

قیاس برھانی: وہ قیاس ہے جو مقدمات یقینیہ سے مرکب ہو، خواہ وہ مقدمات بدیہی ہوں یا نظری ہوں، جیسے محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور ہر اللہ کا رسول واجب الاطاعت ہے تو نتیجہ نکلا کہ محمد ﷺ واجب الاطاعت ہیں۔

قیاس برہانی کے اجزاء

جن قضایا اور مقدمات یقینیہ سے قیاس برہانی مرکب ہوتا ہے وہ چھ اقسام ہیں؛(۱) اولیات (۲) فطریات (۳) حدسیات (۴) مشاہدات (۵) تجربیات (۶) متواترات

اولیات: وہ قضایا ہیں جن کی طرف توجہ کرتے ہی عقل کو موضوع اور محمول اور نسبت کے تصور کا یقین حاصل ہو جائے، یقین کے حصول کے لیے کسی اور واسطہ کی ضرورت نہ ہو، خواہ وہ تصورات بدیہی ہوں یا نظری ہوں یا بعض بدیہی اور بعض نظری ہوں، جیسے دو اور دو چار ہوتے ہیں، خالق کا رتبہ مخلوق سے بڑا ہوتا ہے۔

فطریات: وہ قضایا ہیں جن کے اطراف اور نسبت کا محض تصور سے عقل کو یقین حاصل نہ ہو بلکہ حصول یقین کے لیے واسطہ کی ضرورت ہو، اور وہ واسطہ ایسا ہو جو اطراف کے ساتھ

ساتھ رہتا ہو، کبھی جدا نہ ہوتا ہو، جیسے چار کا جفت ہونا، جو چار اور جفت کا تصور کرنے سے معلوم نہیں ہوسکتا، بلکہ چار کا ''دو برابر حصوں میں تقسیم ہونے کا علم'' کا معلوم ہونا بھی ضروری ہے، مگر یہ (واسطہ) ایسی چیز ہے جو چار سے کبھی جدا نہیں ہوتا۔

ذہن سے بالکل غائب نہ ہوتا ہو، بل کہ اطراف کا تصور کرتے ہی اس کا بھی تصور ہو جائے، جیسے چار کا جفت ہونا اور تین کا طاق ہونا۔

حدسیات :وہ قضایا ہیں جن کے مضمون پر یقین حدس کے ذریعہ حاصل ہوا ہو، جیسے چاند کی روشنی سورج کا عکس ہے۔

حدس :حدس کے معنی ہیں دانائی، اور حدسیات عرف عام میں وہ باتیں کہلاتی ہیں جو دانائی اور سے معلوم کی جاتی ہیں اور اصطلاح میں حدس کہتے ہیں مبادیات سے ایک دم نتیجہ تک پہنچ جانا۔

مشاھدات :وہ قضایا ہیں جن کے مضمون پر یقین حواس ظاہرہ یا حواس باطنہ کے ذریعہ حاصل ہوا ہو۔

مشاہدات کی دو قسمیں ہیں؛(۱) حِسّیات (۲) وجدانیات

حسیات:وہ باتیں جو حواس ظاہرہ سے جانی جاتی ہیں انہیں حسیات کہتے ہیں۔

حواس ظاہرہ کی قسمیں

حواس ظاہر پانچ ہیں؛(۱) باصرہ (۲) سامعہ (۳) شامّہ (۴) ذائقہ (۵) لامسہ

باصرہ :دماغ کے اگلے حصہ میں جوف دار رگیں ہیں جو آپس میں مل کر الگ ہوگئی ہیں، چناں چہ ایک رگ ایک آنکھ کی طرف اور دوسری رگ دوسری آنکھ کی طرف پہنچی ہوئی ہے، ان دونوں جوف دار رگوں میں ایک قوۃ ہوتی ہے جس کے ذریعہ روشنی، رنگ، شکل وغیرہ کا ادراک کیا جاتا ہے یہی قوتِ باصرہ کہلاتی ہے۔

سامعہ :کان کے سوراخ کے گڈھے میں ایک رگ بچھی ہوئی ہے جس میں ایک ایسی قوت

ہوتی ہے کہ اس کے ذریعہ آوازوں کا ادراک کیا جاتا ہے یہی قوتِ سامعہ ہے۔

شامہ : دماغ کے اگلے حصہ میں دو گوشت کے ٹکڑے اُگے ہوئے ہیں جو عورت کی چھاتی کی نوک کے مشابہ ہیں ان میں ایک ایسی قوت رکھی ہوئی ہے جس کے ذریعہ بوؤں کا ادراک کیا جاتا ہے یہی قوتِ شامہ ہے۔

ذائقہ : زبان کی جرم (جسم) پر ایک رگ بچھی ہوئی ہے اس رگ میں ایک ایسی قوت رکھی ہوئی ہے جس کے ذریعہ مزہ کا ادراک کیا جاتا ہے اس طور پر کہ جب کوئی چیز منہ میں رکھی جاتی ہے تو لعاب اس کے ساتھ مل کر اس رگ تک پہنچ جاتا ہے جس سے چکھنے کا تحقق ہوتا ہے یہ قوتِ ذائقہ ہے۔

لامسہ : پورے بدن میں رگیں پھیلی ہوئی ہیں جن کے اندر ایک ایسی قوت سرایت کیے ہوئے ہے جس کے ذریعہ گرمی، سردی، خشکی، تری، سختی، نرمی وغیرہ کا ادراک کیا جاتا ہے یہی قوتِ لامسہ کہلاتی ہے۔

وجدانیات : وہ باتیں جو حواس باطنہ کے ذریعہ جانی جاتی ہیں انہیں وجدانیات کہتے ہیں۔

حواس باطنہ کی قسمیں

حواس باطنہ بھی پانچ ہیں؛ (۱) حسِ مشترک (۲) خیال (۳) وہم (۴) حافظہ (۵) متصرفہ

حس مشترک : وہ قوت ہے جو ظاہری چیزوں کی صورتوں کو حاصل کرتی ہے، جیسے مدرسہ کی صورت، قلم، کتاب وغیرہ، اس کا مقام جوفِ اول (مقدم دماغ) ہے۔

خیال : وہ قوت ہے جو حس مشترک کے واسطے خزانہ ہے یعنی اس میں حس مشترک کے ذریعہ حاصل شدہ صورتیں جمع رہتی ہیں، جیسے آپ کے ذہن میں کسی بچھڑے دوست کی صورت محفوظ ہے، اس کا مقام مقدم دماغ میں حس مشترک کے بعد ہے۔

وہم : وہ قوت ہے جو ظاہری چیزوں کے علاوہ معانی شخصیہ جزئیہ کا ادراک کرتی ہے، لیکن یہ معانی کلیہ کا ادراک نہیں کرتی ہے، جیسے محبت، نفرت وغیرہ، اس کا مقام مؤخر دماغ کے

اندر شروع میں ہے۔

نوٹ: معانی سے وہ معانی مراد ہیں جو حواس ظاہرہ سے نہ جانے جا سکیں۔

حافظہ: وہ قوت ہے جو معانی جزئیہ کے لیے خزانہ ہے، یعنی یہ وہم کے ذریعہ حاصل شدہ معانی جزئیہ کو محفوظ رکھتی ہے، جیسے آپ کو کسی سے محبت ہوئی تھی جو ابھی تک یاد ہے، اس کا مقام مؤخر دماغ میں وہم کے بعد ہے۔

متصرفہ: وہ قوت ہے جو حس مشترک اور وہم سے حاصل شدہ صورتوں اور معانی کے درمیان تفصیل وترکیب کا کام کرے، یعنی اس میں جوڑ توڑ لگاتی رہے جیسے آپ کے ذہن میں حسان کی صورت موجود ہے اور حماد کی صورت موجود ہے اب متصرفہ نے ان دونوں صورتوں کو الگ الگ کر دیا کہ یہ حسان کی صورت ہے اور یہ حماد کی صورت ہے۔

تجربیات: وہ قضایا ہیں جن کے مضمون پر یقین بار بار کے تجربے کی بنا پر حاصل ہوا ہو، جیسے بنفشہ اور اسطوخودوس (دو جڑی بوٹیاں) نزلہ کا رافع ہے۔

متواترات: وہ قضایا ہیں جن کے مضمون پر یقین اتنی بڑی جماعت کے خبر دینے سے حاصل ہو جن کا جھوٹ پر اتفاق کر لینا عقل باور نہ کرے، جیسے محمد ﷺ دنیا میں تشریف لا چکے ہیں۔

دلیل لمی و انی

قیاس برہانی کی دو قسمیں ہیں؛ (۱) برہان لمی (۲) برہان اِنی

برہان لمی: وہ دلیل ہے جس میں حد اوسط نتیجہ کی نسبت (ایجابی یا سلبی) کے لیے جس طرح ذہن میں علت ہے اسی طرح خارج میں بھی علت ہو، بالفاظ دیگر ''علت سے معلول پر استدلال کرنا'' جیسے یہاں آگ موجود ہے اور جہاں آگ موجود ہوتی ہے دھواں ہوتا ہے پس یہاں دھواں ہے۔

برہان انی: وہ دلیل ہے جس میں حد اوسط نتیجہ کی نسبت (ایجابی یا سلبی) کے لیے

صرف ذہن میں علت ہو خارج میں علت نہ ہو، بل کہ اس کے معلول ہوسکتا ہو بالفاظ دیگر ''معلول سے علت پر استدلال کرنا'' جیسے وہاں دھواں موجود ہے اور جہاں دھواں ہوتا ہے آگ بھی ہوتی ہے لہذا وہاں آگ موجود ہے۔

قیاس جدلی :وہ قیاس ہے جو مشہور باتوں (سچی ہوں یا جھوٹی ہوں) یا مسلم باتوں سے مرکب ہو جیسے ہندؤں نے یہ مان رکھا ہے کہ جان دار کو ذبح کرنا برا ہے، اور ہر برا کام واجب الترک ہے، لہذا جان دار کو ذبح کرنا واجب الترک ہے۔

مشھورات :وہ قضایا ہیں جو لوگوں کے درمیان مشہور ہو گئے ہوں اور یہ قضایا زمانے اور جگہ کے اعتبار سے ادلتے بدلتے رہتے ہیں، جیسے ظلم بری چیز ہے، ستر کا کھولنا مذموم ہے۔

مسلمات :وہ قضایا ہیں جو مد مقابل کے درمیان تسلیم شدہ ہوں دشمن کو خاموش کرنے کے لیے جن پر کلام مرتب ہو، جیسے فقہاء کرام کا فقہ کے اصول تسلیم کرنا۔

قیاس جدلی کا مقصد: یہ ہے کہ جو آدمی دلائل سے ناواقف ہے وہ مد مقابل کا مقابلہ کر کے انہیں خاموش کر سکے۔

قیاس خطابی :وہ قیاس ہے جو مقبولات اور مظنونات سے مرکب ہو، جیسے نبیوں، ولیوں اور دانشمندوں کی باتیں لوگوں میں مقبول ہوتی ہیں اور کسی دیوار کی مٹی مسلسل جھڑ رہی ہو تو غالب گمان یہ ہے کہ وہ گرے گی پس کہہ سکتے ہیں کہ **کل حائط ینتشر منه التراب فهو منهدم.**

مقبولات :بلند مرتبہ حضرات کے وہ اقوال جن کو لوگ ان سے حسن ظن کی بنا پر تسلیم کرتے ہیں، جیسے ''الصبر مفتاح الفرج''(صبر خوش حالی کی کنجی ہے)

مظنونات :وہ قضایا ہیں جن سے ذہن میں غالب گمان پیدا ہو جائے جبکہ اس کے خلاف کا بھی احتمال ہو، جیسے زید رات کو پوشیدہ طور پر گلیوں میں پھرتا ہے اور جو پوشیدہ طور پر گلیوں میں پھرتا ہے وہ چور ہوتا ہے لہذا زید چور ہے یہ قضیہ ظن غالب کا فائدہ دیتا ہے۔

قیاس خطابی کا مقصد :سامع کو ان باتوں کی ترغیب دینا جو اخلاق کو سنوارنے اور

دین کے تعلق سے سامع کے لیے نفع بخش ہوں۔

قیاس شعری: وہ قیاس ہے جو محض خیالی قضایا سے مرکب ہو جو واقعۃً صادق ہوں یا کاذب اور محال ہوں یا ان باتوں کے دلوں میں مؤثر ہونے کا امکان ہو، جیسے میرا محبوب چاند ہے اور ہر چاند عالم کو روشن کرتا ہے لہذا میرا محبوب عالم کو روشن کرتا ہے۔

قیاس شعری کا مقصد: یہ ہے کہ سامعین کی طبیعتوں میں کسی چیز کا شوق یا کسی چیز سے نفرت پیدا کی جائے۔

مخیلات: وہ خیالی قضایا ہیں کہ جب ذہن میں آئیں تو دل ان قضایا سے متاثر ہو جائے۔

قیاس سفسطی: وہ قیاس ہے جو محض وہمی باتوں سے یا سچی باتوں سے ملتی جلتی باتوں سے مرکب ہو جیسے تاریکی کا خوف اور مردہ سے ڈرنا محض وہم ہے اور عذابِ قبر کے منکروں کا یہ کہنا کہ مردہ جماد ہے پس اس کو عذاب کیسا؟ یہ وسوسہ ہے۔

وھمیات: وہ قضایا ہیں جو خواہ مخواہ وہم نے گھڑ لیے ہوں، عقل کی کسوٹی پر پرکھنے سے ان کی کوئی واقعیت اور حقیقت سامنے نہ آئی ہو، جیسے جو چیزیں نظر نہیں آتی موجود نہیں ہے اور ہوا نظر نہیں آتی لہذا ہوا موجود نہیں ہے۔

مشبھات: وہ قضایا ہیں جو جھوٹے ہوں لیکن ان کے سچے ہونے کا دھوکہ لگ جائے یعنی یہ کہ وہ قضایا مقبولات میں سے ہیں یا مشہورات میں سے ہیں وغیرہ، اور یہ دھوکہ لفظی غلطی کی وجہ سے بھی ہوتا ہے اور معنوی غلطی کی وجہ سے بھی ہوتا ہے، جیسے ہم گھوڑے کی تصویر دیکھ کر کہہ سکتے ہیں کہ یہ گھوڑا ہے اور ہر گھوڑا ہنہناتا ہے لہذا یہ بھی ہنہناتا ہے یہ لفظی دھوکہ ہے۔

قیاس سفسطی کا مقصد: دشمن کو دھوکہ دینا اور غلطی میں مبتلا کرنا۔

علوم کے اجزاء کا بیان

ہر فن تین چیزوں کا مجموعہ ہوتا ہے؛ (۱) موضوع (۲) مبادی (۳) مسائل

موضوع: ہر فن کا موضوع وہ چیز ہوتی ہے جس کے عوارض ذاتیہ سے اس علم میں بحث کی

جاتی ہے، جیسے نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے اور منطق کا موضوع معلوم تصورات اور تصدیقات ہیں۔

مبادی: وہ بنیادی باتیں جن پر فن کے مسائل کا مدار ہوتا ہے۔

مبادی کی دو قسمیں ہیں؛(۱) مبادیٔ تصوریہ (۲) مبادیٔ تصدیقیہ

مبادیٔ تصوریہ: وہ باتیں ہیں جن میں کوئی حکم نہیں ہوتا، یہ تین چیزیں ہیں؛

(**الف**) **موضوع کی تعریف**؛ جیسے منطق کا موضوع تصور اور تصدیق ہیں۔

(**ب**) **موضوع کے اجزاء کی تعریف**؛ جیسے منطق کا موضوع دو چیزیں ہیں؛ تصور اور تصدیق اسی طرح ہر ایک کی علیحدہ علیحدہ تعریف کی جائے، اور اصول فقہ کا موضوع ادلۂ شرعیہ ہے، اور وہ چار چیزیں ہیں؛ کتاب اللہ، سنت رسول اللہ، اجماع، اور قیاس لہذا ہر ایک کی الگ الگ تعریف کی جائے۔

(**ج**) **موضوع کے عوارض کی تعریف**؛ جیسے کلمہ کے عوارض ہیں رفع نصب اور جر، اس لیے نحو میں ہر ایک کی تعریف بیان کی جاتی ہے، تصور اور تصدیق کے عوارض ہیں بداہت اور نظریت، اس لیے منطق میں ہر ایک کی تعریف بیان کی جاتی ہے۔

مبادیٔ تصدیقیہ: وہ مقدمات ہیں جن میں کوئی حکم ہوتا ہے اور جن پر فن کے دلائل کا دارومدار ہوتا ہے مبادیٔ تصدیقیہ دو قسم کے ہیں؛(۱) مقدمات بدیہیہ (۲) مقدمات نظریہ

مقدمات بدیھیہ: یعنی اولیات جن کے طرفین کا تصور ہی حکم کے لیے کافی ہوتا ہے۔

مقدمات نظریہ: یعنی وہ مقدمات جو دلائل سے ثابت کیے جاتے ہیں پھر خواہ ان کو استاذ کے ساتھ حسن ظن کی بنا پر مان لیا گیا ہو یا چاروناچار مان لیا گیا ہو۔

مسائل: وہ باتیں جو فن میں مقصود بالذات ہوتی ہیں اور جن کی خاطر فن پڑھا جاتا ہے۔

پرانے زمانے میں علماء کتاب کے شروع میں وہ باتیں ذکر کیا کرتے تھے جن کو وہ رؤوس ثمانیہ (آٹھ بنیادی اور اہم باتیں) کہتے تھے، اور وہ مندرجہ ذیل ہیں؛

(**الف**) **فن کی غرض**؛ تاکہ فن کی تحصیل بے فائدہ نہ ہو۔

(ب) :**فن کافائدہ**؛تا کہ طالب علم اس فن کا مشتاق ہوجائے اوراس راہ کی تمام مشقتوں کوخندہ پیشانی سے برداشت کر سکے۔

(ج): **فن کا تسمیہ**؛ کیوں کہ فن کا نام فن کا عنوان ہوتا ہےاور عنوان سمجھ لینے کے بعد سارا معنون (جس تفصیل کووہ پڑھنا چاہتا ہے) بالاجمال سمجھ لیا جاتا ہے۔

(د) : **مصنف کا تذکرہ**؛تا کہ متعلم کے دل کوسکون حاصل ہو۔

(ہ)**فن کا رتبہ** ؛تا کہ متعلم پہلے ان علوم کوحاصل کرے جن کا پہلے حاصل کرنا ضروری ہےاوران علوم کو بعد میں پڑھے جن کو مؤخر کرنا ضروری ہے۔

(و) **فن کی نوعیت** ؛یعنی یہ کہ یہ فن علوم کی کس نوع سے تعلق رکھتا ہے؟ تا کہ اس فن میں وہ باتیں تلاش کی جائیں جواس سے مناسبت رکھتی ہیں۔

(ز)**کتاب کی تقسیم و تبویب** ؛تا کہ طالب علم جومسئلہ جس باب سے متعلق ہو، اسے وہاں تلاش کرے۔

(ح) : **مناھج تعلیم**؛یعنی فن کی تعلیم کے لیے کیا انداز بیان اختیار کرنا چاہئے۔

اور مناہج تعلیم چار ہیں؛

(الف) **تقسیم**:یعنی اوپر سے نیچے کی طرف بات کر کے سمجھانا،مثلاً سب سے پہلے جنس عالی (وجود) کوسمجھایا جائے، پھراس کو دو قسموں (جوہراور عرض) میں تقسیم کیا جائے، پھر جوہر کی دو قسمیں (جسم نامی اور جسم غیر نامی) بیان کی جائیں۔

(ب) **تحلیل** :یہ تقسیم کا برعکس طریقہ ہے مثلاً حیوانات کی تحلیل و تجزیہ کر کے انواع متعین کی جائیں اوران کی جنس بتائی جائے۔

(ج) **تحدید** :یعنی جب کوئی مسئلہ سمجھانا مقصود ہوتو پہلے ضروری اصطلاحات کی تعریف بیان کی جائیں تا کہ متعلم آسانی کے ساتھ مسئلہ سمجھ سکے۔

(د) **دلیل بیان کرنا**:تا کہ متعلم حق بات تک پہنچ سکےاوراس پر عمل پیرا ہو سکے۔

متفرقات کا بیان

آل: ہر متقی پرہیزگار مؤمن کو آل کہتے ہیں۔

آن: زمانے کے اجزاء کے درمیان حد فاصل کو آن کہتے ہیں، اور موجودہ وقت کو بھی آن کہتے ہیں۔

ابد: مستقبل کی جانب غیر متناہی (کبھی ختم نہ ہونے والے) زمانے کو ابد کہتے ہیں۔

ابتدائے حقیقی: وہ ابتداء ہے جس سے پہلے کوئی چیز نہ ہو، یعنی چیز کی ابتداء حقیقتاً اسی سے ہوتی ہو، جیسے عامۃً دینی کتابوں کی ابتدائے حقیقی حمد وصلاۃ سے ہوتی ہے۔

ابتدائے اضافی: ایک چیز کا دوسری (مخصوص) چیز سے پہلے ہونا، خواہ وہ مقدم چیز دوسری چیز کو دیکھتے ہوئے مؤخر ہو یا نہ ہو، جیسے عامۃً کتب نحو میں مرفوعات کی بحث کو منصوبات پر مقدم کیا جاتا ہے، یہ ابتدائے اضافی ہے۔

ابتدائے عرفی: وہ ابتداء ہے جس کے پہلے مقصود بالذات چیزوں میں سے کوئی چیز نہ ہو۔

اجزاء: جزء کی جمع ہے، وہ چیز جس سے ملکر کوئی دوسری چیز بنے اسے جز کہتے ہیں، جیسے لکڑی چارپائی کا جز ہے۔

جزء اور جزئی میں فرق: یہ ہے کہ کل (مثلاً زید) جزء (مثلاً زید کی انگلی) پر صادق نہیں آتا یعنی زید کی انگلی کے بابت یہ نہیں کہا جائے گا کہ یہ زید ہے، ہاں! کلی (مثلاً انسان) جزئی (مثلاً زید) پر صادق آتی ہے، جیسے کہا جاتا ہے کہ زید انسان ہے۔

ان میں دوسرا فرق یہ ہے کہ جزء کے انتفاء سے کل منتفی ہو جاتا ہے (مثلاً واحد من العشرة) کے منتفی ہونے سے عشرہ منتفی ہو جائے گا، برخلاف کلی کے، کہ وہ جزئی کے انتفاء

سے منتفی نہیں ہوتی، مثلا زید کے انتقال کر جانے سے انسان کلی منتفی نہیں ہوتی۔

ادراک: وہ انفعال ہے یعنی کسی چیز کا اثر قبول کرنا اور فعل کی ضد ہے جس کے معنی ہیں دوسری چیز کے اندر اثر ڈالنا۔

ازل: ماضی کی جانب غیر متناہی (کبھی ختم نہ ہونے والے) زمانے کو ازل کہتے ہیں۔

اشتراک لفظی: لفظ کو ابتداء ہی سے متعدد معانی کے لیے وضع کرنا، جیسے لفظ ''عین'' آنکھ، سونا، ذات، پانی کا چشمہ وغیرہ بہت سے معانی کے لیے شروع ہی سے موضوع ہے۔

اشتراک معنوی: لفظ کا ایک ایسے کلی معنی کے لیے موضوع ہونا جس کے تحت بہت سے افراد ہوں جیسے لفظِ قلم، آلۂ کتابت کے لیے وضع کیا گیا ہے اور اس کے کئی افراد ہیں۔

اصطلاح : مخصوص (علمی یا فنی) گروہ کا کسی لفظ کو معنیٰ موضوع لہ کے علاوہ دوسرے معنی (معنی منقول الیہ) کے ساتھ خاص کرنے پر متفق ہو جانا، جیسے اہلِ شرع لفظ ''صلاۃ'' (بمعنی دعاء) کے بارے میں مخصوص رکن کا نام رکھنے پر متفق ہو گئے ہیں۔

اعتباراتِ ثلاثہ

(۱) **بشرطِ شیء**: جب کوئی ماہیت عوارض کے ساتھ مل کر پائی جائے تو اس کا نام ''ماہیتِ مخلوطہ'' ہے، اسی کو محل بھی کہتے ہیں۔

نوٹ: یہ ماہیت یقینی طور پر پائی جاتی ہے۔

(۲) **بشرطِ لا شیء**: جب کوئی ماہیت لاشیء (عدم عوارض) کی شرط سے مشروط ہو تو اس کا نام ''ماہیت مجردہ'' ہے، وہی جوہر کا مقابل یعنی عرض ہے۔

نوٹ: یہ ماہیت تنہا بالکل نہیں پائی جاتی، کیوں کہ عرض محل کے بغیر نہیں پایا جا سکتا، حتی کہ بعض علماء نے اس کے وجود ذہنی کا بھی انکار کیا ہے، لیکن حق اس کا اثبات ہے، اس لیے کہ تصور کرنے سے کوئی چیز مانع نہیں ہے۔

(۳) **لا بشرطِ شیء**: وہ ماہیت ہے جو عوارض و عدمِ عوارض دونوں شرطوں سے خالی ہو، اس کا نام ''ماہیت مطلقہ'' ہے، اس کو عرضی بھی کہتے ہیں۔

نوٹ: ماہیت مطلقہ بذاتِ خود نہ تو موجود ہوتی ہے نہ معدوم اور نہ کلی ہے نہ جزئی۔

عرض: وہ موجود ہے جو اپنے وجود میں کسی کا محتاج ہو، جیسے سیاہی، سفیدی وغیرہ یہ چیزیں جب بھی پائی جائے گی کسی نہ کسی محل میں پائی جائے گی۔

عرضی: وہ مفہوم ہے جو کسی سے مشتق کیا جائے جیسے اسود، ابیض، کاتب وغیرہ سواد، بیاض اور کتابت سے مشتق ہے۔

محل: وہ چیز ہے جس کے ساتھ کوئی عرض قائم ہو جیسے، کپڑا کہ اس کے ساتھ سیاہی و سفیدی وغیرہ قائم ہوتی ہے۔

ان تینوں کی جامع مثال : ذات واجب الوجود ہے اس میں ذات محل ہے، وجود عرض ہے، اور موجود عرضی ہے۔

اعتقاد کی لغوی تعریف: دل کو کسی چیز کے ساتھ باندھ لینا۔

اعتقاد کی اصطلاحی تعریف: ایسا یقینی حکم جو تشکیک کو قبول کرنے والا ہو۔

اعتقاد جازم :اس اعتقاد کو کہتے ہیں جس میں جانب مخالف کا احتمال نہ ہو، جیسے آپ کا یہ اعتقاد کہ آپ آپ ہی ہیں۔

اعتقاد غیر جازم :اس اعتقاد کو کہتے ہیں جس میں جانب مخالف کا احتمال ہو، جیسے آپ کا یہ اعتقاد کہ امتحان میں آپ کا اول نمبر آئے گا۔

اللہ :اللہ ایسی ذات کا نام ہے جس کا وجود ضروری ہو اور وہ ذات تمام صفات کمالیہ کو اپنے اندر لیے ہوئے ہو۔

ایمان :جو باتیں اللہ کے رسول ﷺ اللہ کے پاس سے لے کر آئے ہیں انہیں دل سے ماننے کا نام ایمان ہے۔

ایّ: وہ ایسا لفظ ہے جس کے ذریعہ ایسی چیز کو طلب کیا جائے جس سے شئے اپنے ماسوا سے ممتاز ہو جائے یعنی ان چیزوں سے جو اس کی ذاتیات یا عرضیات میں اس کے ساتھ داخل ہیں۔

براعتِ استھلال: مصنف کا ابتدائے کتاب میں مقصود سے پہلے ایسے الفاظ کو ذکر

کرنا جو سرسری طور پر اصل مضمون کی طرف راہ نمائی کریں جیسے ''صاحب سلم'' نے خطبہ تحریر فرماتے ہوئے لکھا ہے ''سبحانه ما أعظم شانه لا يحد ولا يتصور ولا ينتج ولا يتغير تعالى عن الجنس والجهات جعل الكليات والجزئيات الايمان به نعم التصديق الخ ''مذکورہ عبارۃ میں فن منطق کے اصل مضمون ''حد، تصور، تصدیق، نتیجہ، جنس، کلی اور جزئی وغیرہ دیگر مسائل کی طرف اشارہ ہو رہا ہے۔

بسیط: ہر ایسی چیز جس کا کوئی جز نہ ہو اسے بسیط کہتے ہیں۔

تباین جزئی: یہ ہے کہ دو مفہوموں میں سے ہر ایک دوسرے کے بغیر فی الجملہ صادق آجائے، اس کی دو صورتیں ہیں یا تو عام خاص من وجہ کی شکل میں ہوگا یا پھر تباین کلی کی شکل میں۔

تجنیس: دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مختلف ہونے کو تجنیس کہتے ہیں، جیسے چمن میں کس نے الہی نگاہ ڈالی آج، جو کھلکھلاتی ہے گل کی ہر ایک ڈالی آج، مثال مذکور میں پہلے لفظ ''ڈالی'' سے فعل مراد ہے اور دوسرے لفظ ''ڈالی'' سے اسم یعنی شاخ مراد ہے۔

تخییل: ذہن میں کسی نسبتِ خبری (جملہ خبریہ کی نسبت) کا ایسا تصور آنا کہ ذہن اس نسبت کے بارے میں نہ ہی نفی و اثبات کے درمیان دائر ہو، اور نہ تو کسی ایک نسبت کے پائے جانے کا فیصلہ کرتا ہو۔ (یعنی ابتداء ذہن میں آنے والا خیال)

ترتیب مفید: ایسی ترتیب ہے جس کے وجود میں آنے کے بعد نتیجہ خود بخود حاصل ہو جائے اور اس میں کسی غلطی کا امکان نہ ہو۔

ترتیب طبعی: ایسی ترتیب ہے جو انسانی طبیعت کے موافق ہو، اگر چاہیں تو اس سے نتیجہ نظر و فکر کے بغیر نکال سکیں۔

ترجیح بلا مرجح: دو ہم پلہ چیزوں میں سے ایک کو بلا مرجح (دلیل و قرینہ کے بغیر) دوسرے پر فوقیت دینا، یعنی بلا وجہ فوقیت دینا۔

تسامح: کسی لفظ یا عبارت کو محذوف مانے بغیر کلام کا مقصد سمجھ میں نہ آسکے جیسے صاحب منار کا قول: ''والأداء أنواع: كامل وقاصرٌ، وما هو شبيه بالقضاء؛ قال

الشارح وفي هذا التقسيم مسامحة؛ لأن الأقسام لا تقابل فيما بينها وينبغي أن يقول : والأداء أنواعٌ أداءٌ محض وهو نوعان: كامل وقاصر؛ واداء هو شبيه بالقضاء" مذکورہ بالا مثال میں "أداء محض وهو نوعان" کو ماننا ضروری ہے۔

تساهل فی العبارت: عبارت میں ایسے لفظ کو استعمال کرنا جو مراد پر صراحتاً دلالت نہ کرتا ہو۔

تسلسل: امورواقعیہ غیر متناہیہ (جن کی انتہاء نہ ہو) کا اس طور پر مرتب ہونا کہ وہ تمام وجود میں مجتمع ہوں۔

امورِ اعتباریہ: وہ چیزیں ہیں جن کو مضبوط اور پختہ وجود کے بغیر عقل مان لے، امور اعتباریہ کی دو قسمیں ہیں؛

امورِ اعتباریہ واقعیہ: وہ چیزیں ہیں جن کو خارج میں موجود چیزوں سے عقل نے منتزع کیا ہو، جیسے آسمان سے فوقیت اور زمین سے تحتیت کو منتزع کیا گیا ہے، امور اعتباریہ واقعیہ بہ حکمِ امورِ حقیقیہ ہوتے ہیں۔

امورِ اعتباریہ محضہ: وہ چیزیں ہیں جن کو قوتِ واہمہ نے گھڑ لیا ہو، یعنی نہ وہ خود موجود ہوں نہ ان کا منشأ انتزاع موجود ہو، جیسے چڑیل کے دانت اور دوسرا انسان (معین الفلسفہ)

تشخص: ایسے معنی جس کی وجہ سے کوئی چیز اپنے ماسواء سے ممتاز ہو جائے اسے تشخص کہتے ہیں۔

تصور بالکنہ: کسی چیز کی تعریف اس کی ذاتیات سے کی جائے اور ذاتیات کو اس کے لیے ذریعۂ معرفت بنایا جائے، جیسے انسان کی تعریف حیوان ناطق سے کی جائے اور حیوان ناطق اس کے لیے ذریعۂ معرفت بھی ہو۔

تصور بکنهه: کسی چیز کی تعریف اس کی ذاتیات سے کی جائے اور ذاتیات کو اس کے لیے ذریعۂ معرفت نہ بنایا جائے، جیسے انسان کی تعریف حیوان ناطق سے کی جائے اور حیوان ناطق بذاتِ خود مقصود ہو ذریعۂ معرفت نہ ہو۔

تصور بالوجه : کسی چیز کی تعریف اس کی عرضیات سے کی جائے اور عرضیات کو اس کے لیے ذریعۂ معرفت بنایا جائے، جیسے انسان کی تعریف ماش مستقیم القامة سے کی جائے اور اس کو معرّف کے لیے ذریعۂ معرفت بھی بنایا جائے۔

تصور بوجھہ : کسی چیز کی تعریف اس کی عرضیات سے کی جائے اور عرضیات کو اس کے لیے ذریعۂ معرفت نہ بنایا جائے، جیسے انسان کی تعریف ماش مستقیم القامة سے کی جائے اور یہ بذات خود مقصود ہو ذریعۂ معرفت نہ ہو۔

تضایف: دو چیزوں کا اس طور پر ہونا کہ ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف ہو، جیسے ابوۃ اور بنوت۔

تعریف جامع: وہ پر مغز تعریف جو معرّف کے تمام افراد کا احاطہ کیے ہوئے ہو، (اسی کو عکس وانعکاس سے بھی تعبیر کرتے ہیں)

تعریف مانع: وہ تعریف ہے جس میں افرادِ معرّف کے ماسواء میں سے کوئی بھی فرد داخل نہ ہو، (اسی کو طرد یا اطراد سے بھی تعبیر کرتے ہیں)

تعقل: شیء کے مادہ سے قطع نظر کسی شیء کا ادراک کرنے کو تعقل کہتے ہیں۔

تقدم: کسی چیز کا دوسرے سے پہلے ہونا۔

تقدم ذاتی : ایسا تقدم ہے جس میں مقدم محتاج الیہ ہو اور مؤخر محتاج ہو، اور مقدم مؤخر کے لیے علت تامہ ہو، جیسے سورج کا تقدم دھوپ پر، یہ تقدم ذاتی ہے سورج محتاج الیہ ہے اور دھوپ محتاج ہے یعنی جب بھی سورج پایا جائے گا دھوپ بھی پائی جائے گی۔

تقدم زمانی : ایسا تقدم ہے جس میں مقدم کا زمانہ پہلے ہو اور مؤخر کا زمانہ بعد میں ہو، جیسے سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا تقدم سیدنا عیسیٰ علیہ السلام پر۔

تقدم طبعی : ایسا تقدم ہے جس میں مقدم محتاج الیہ ہو اور مؤخر محتاج ہو، لیکن مقدم مؤخر کے لیے علت تامہ نہ ہو، جیسے کلمہ کلام پر مقدم ہے تقدم طبعی کے طور پر اور تصور تصدیق پر مقدم ہے تقدم طبعی کے طور پر۔

تقدم وضعی : ایسا تقدم ہے جس میں مقدم کسی متعین مبدأ کے قریب ہو، جیسے پہلی صف

کا تقدم دوسری صف پر، متعین مبدأ یعنی محراب یا امام کی طرف نسبت کرتے ہوئے، کیوں کہ اگر متعین مبدأ کا اعتبار نہ کیا جائے تو دوسری صف بھی پہلی صف پر مقدم ہوگی دروازہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے۔

دوسری تعریف :مقدم کو پہلے ذکر کیا جائے اور مؤخر کو بعد میں ذکر کیا جائے، جیسے کتاب الطہارت کو کتاب الصلاۃ پر تقدم وضعی حاصل ہے۔

تقدم شرفی :ایسا تقدم ہے جس میں مقدم کے اندر ایسی فضیلت اور کمال ہو جو مؤخر کے اندر نہ ہو، جیسے حضور ﷺ کو تمام انبیاء پر تقدم شرفی حاصل ہے۔

تمام جزء مشترک :ایسی چیز کو کہتے ہیں جو چند حقیقتوں کے تمام مشترکہ اجزاء کو گھیرے ہوئے ہو، جیسے حیوان انسان، فرس، غنم وغیرہ کے تمام مشترکہ اجزاء جسم نامی، حساس متحرک بالارادہ کو گھیرے ہوئے ہیں، اسی طرح کلمہ اسم، فعل، اور حرف کے لیے تمام جزء مشترک ہے۔

تقلید :اس اعتقاد جازم کو کہتے ہیں جو واقع کے مطابق ہو مگر زوال کا احتمال رکھتا ہو، جیسے وہ اجتہادی مسائل جن میں ہم کسی امام کی تحقیق کی پیروی کرتے ہیں، یہ واقع کے مطابق تو ہیں، مگر یہ احتمال ہے کہ ہماری تقلید بدل جائے اور دوسرے امام کی تحقیق کی پیروی کرنے لگیں۔

توفیق:اللہ تعالی کا اپنے بندوں کے افعال واعمال کو اپنی رضاء کے موافق بنا دینے کو توفیق کہتے ہیں۔

جسم :وہ چیز جو ابعاد ثلاثہ یعنی طول، عرض، اور عمق کو قبول کرے اسے جسم کہتے ہیں۔

جمع (انعکاس) :کسی چیز کے تمام افراد کو جمع کرنا اور اصطلاح میں انعکاس کا مطلب یہ کہ جب معرِّف (تعریف) صادق نہ آئے تو معرَّف (جس کی تعریف کی جارہی ہے) بھی صادق نہ آئے۔

جہل بسیط:ایسے شخص کا کسی چیز کو نا جاننا جو کسی چیز کو جاننے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

جہل مرکب: خلافِ واقع کسی نسبتِ خبری کا پختہ علم، خواہ پختگی وہم کی پیداوار ہو یا کسی کی (اندھی) تقلید کا نتیجہ ہو (جیسے :بدعتی لوگ اندھی تقلید کے نتیجہ میں اپنے سنی ہونے کا

اعتقاد رکھے ہوئے ہیں) اور جیسے یہ اعتقاد کہ خواجہ صاحب بیٹا دیتے ہیں۔

جهت: جہت کا اطلاق دو چیزوں پر ہوتا ہے؛

(۱) وہ جگہ جہاں پر اشارہ حسیہ کی انتہاء ہو جائے۔

(۲) وہ جگہ جہاں پر حرکات مستقیمہ کی انتہاء ہو جائے۔

مشہور جہتیں چھ ہیں اوپر، نیچے، دائیں، بائیں، آگے، پیچھے

جن کو ایک شعر میں بھی جمع کیا گیا ہے؛

شش جہت ہیں چھ طرف کچھ کم نہ بیش

زیر و بالا، راست وچپ و پس و پیش

حادث: حدوث (بہ معنی نیا ہونا، پیدا ہونا) کا اسم فاعل ہے معلوم ہونا چاہئے کہ فلاسفہ کے نزدیک حادث کا اطلاق دو معنوں پر ہوتا ہے حدوثِ زمانی حدوث ذاتی

حدوث زمانی: چیز کا بہ اعتبار زمانہ عدم کے بعد وجود میں آنا (نیست کے بعد ہست ہونا) اس کا مقابل قدم زمانی ہے۔

حدوث ذاتی: چیز کا اپنے وجود میں کسی علتِ تامہ یا ناقصہ کا محتاج ہونا۔

نوٹ: متکلمین کے نزدیک ''العالم حادث'' میں حدوث سے حدوث زمانی مراد ہے نہ کہ حدوث ذاتی جیسا کہ فلاسفہ مانتے ہیں۔

قِدَم: (بہ معنی پہلے زمانے ہی سے پرانا پن) کی بھی دو قسمیں ہیں؛

قدم ذاتی: چیز کا اپنے وجود میں غیر (علت تامہ یا علت ناقصہ) کا محتاج نہ ہونا، قدمِ ذاتی صرف حق سبحانہ وتقدس میں منحصر ہے، اس کا مقابل حدوثِ ذاتی (محتاج الی الغیر) ہے۔

قدم زمانی: چیز کا مسبوق بالعدم نہ ہونا، (یعنی وجود پر عدم سبقت کئے ہوئے نہ ہو) اس کا مقابل حدوثِ زمانی (نیست کے بعد ہست) ہے۔

الحاصل: ''قدیم بالذات'' وہ ہے جس کا وجود بوجہِ واجب ہونے کے لذاتہ ہو، یعنی غیر کا محتاج نہ ہو یہ قسم قدیم صرف ایک ہی ذات الہی میں منحصر ہے، اور ''قدیم بالزمان'' جس

کے زمانہ موجود سے پہلے زمانہ نہ ہو، جیسے افلاک، عقول عشرہ وغیرہ (علی زعم الفلاسفۃ) اور ''حادث بالذات'' جس کا وجود بوجہِ امکان ذاتی نہ ہو، بلکہ غیر کا محتاج ہو جیسے جملہ ممکنات اور ''حادث بالزمان'' جس کے زمانہ موجود سے پہلے بھی زمانہ موجود ہو جیسے اجسام مرکبہ۔

حروف مبانی: اس کا اطلاق ان حروف ہجائیہ پر ہوتا ہے جن سے مل کر کلمہ بنتا ہے، (یعنی وہ حروف جو کلمات کی ترکیب کے لیے موضوع ہیں) جیسے ا، ب، ت، اس کا اطلاق الف، باء، تاء پر نہیں ہوتا، کیوں کہ الف وغیرہ ان حروف کے اسماء ہیں، مسمیات نہیں۔

فائدہ: ان حروف (ا، ب، ت) کو حروف تہجی، حروف ہجائیہ، اور حروف مبانی بھی کہتے ہیں۔

حروفِ معانی: ہر وہ حرف یا شبہ حرف ہے جس کا نحوی، صرفی، یا صوت پر دلالت کرنے والا کوئی فائدہ ہو۔

ملحوظہ: شبہِ حرف سے مراد کلم المجازات، ادوات شرط و جزاء اور ادواتِ استفہام ہیں، جیسے ''مَنْ، کُلَّمَا'' وغیرہ، جو اگر چہ اسماء ہیں لیکن ان کے معانی دوسرے کلمے کو ملائے بغیر معلوم نہیں ہوتے، لہذا ان کو شبہِ حرف کہا جاتا ہے۔

حق: اس اعتقاد جازم کو کہتے ہیں جو واقع کے مطابق ہو، پھر اگر وہ زوال کا احتمال رکھے تو اس کا نام تقلید ہے اور اگر زوال کا احتمال نہ رکھے تو اس کا نام یقین ہے۔

حقیقت و ماهیت: شی ء کی حقیقت و ماہیت وہ چیز کہلاتی ہے جس کی وجہ سے وہ چیز چیز ہوتی ہے، جیسے حیوانِ ناطق انسان کے لیے، بر خلاف ضاحک اور کاتب جیسی چیزیں جن کے بغیر بھی انسان کا تصور ممکن ہے کہ وہ عوارض ہیں۔

کبھی حقیقت و ماہیت کے درمیان اعتباری فرق بیان کیا جاتا ہے کہ ''ما به الشيء هو هو'' اپنے متحقق اور موجود ہونے کے اعتبار سے حقیقت ہے اور متشخص اور معین ہونے کے اعتبار سے ھویت ہے، اور ان دونوں سے صرف نظر کرتے ہوئے ماہیت کہلاتی ہے۔

ماهیت: (فلاسفہ کے نزدیک) وہ حقیقت کلیہ ہے جو ما ہو کے سوال کے جواب میں واقع ہو۔

بسا اوقات ماہیت کا اطلاق ما به الشيء هو هو، (وہ عقلی مفہوم جس سے چیز کا

قوام ہو) پر بھی ہوتا ہے جیسے ڈیسک کی ماہیت لکڑی اور کیل ہے۔

فائدہ: پہلی تعریف کے مطابق ماہیت کا اطلاق حقیقتِ کلیہ پر ہوگا، اور دوسری تعریف کے مطابق ماہیت کا اطلاق حقیقتِ کلیہ وجزئیہ دونوں پر ہوگا۔

ماهیت: دراصل "ماهويةٌ" تھا یاء برائے نسبت اور تاء برائے مصدریت ہے، واو کو یاء سے بدلا گیا، اور یاء کا یاء میں ادغام کر دیا گیا، اور یاء کی مناسبت سے ہاء کو کسرہ دیا گیا تو "ماهيةٌ" ہو گیا۔

هویت: پهلی تعریف: حقیقتِ جزئیہ (غیر سے ممتاز کرنے والے تشخص) کو کہتے ہیں یعنی جب ماہیت کا لحاظ تشخص (ما بہ الامتیاز) کے ساتھ کیا جائے تو اسے ہویت کہتے ہیں، مثلاً: ماہیتِ انسانیہ کے ساتھ زید کے رنگ روپ، اس کی پیشانی کا چوڑا ہونا، ناک کا بلند ہونا، وغیرہ کا لحاظ کیا جائے تو حقیقتِ جزئیہ (یعنی ذات زید) ہی متصور ہوگی۔

دوسری تعریف: (بہ قول بعض) ہویت "هو هو" سے ماخوذ ہے اور غیریت کا مقابل ہے (هو هو: دو چیزوں میں اتحاد بتانے کا محاورہ ہے)

جوابِ ماهو: (مناطقہ کی اصطلاح میں) "ماهو" کے سوال میں ذکر کردہ امور کا وہ جواب ہے جو مسئول عنہ کی ماہیت پر مکمل طور پر دلالت کرے، جیسے جب انسان کے بابت "ماهو؟" سے دریافت کریں تو "حیوان ناطق" سے جواب دیا جاتا ہے، جو "حیوان ناطق" ماہیت انسانیہ کے تمام افراد پر برابری کے ساتھ دلالت کرتا ہے، کہ جہاں ماہیت انسانیہ پائی جائے گی حیوان ناطق ہونا پایا جائے گا۔

من حیث: اس سے مراد کبھی تو "اطلاق" ہوتا ہے یعنی یہاں پر کوئی قید نہیں ہے جیسے: الإنسان من حيث هو، (اسے حیثیتِ اطلاقیہ کہا جاتا ہے) اور کبھی من حیث سے تقیید مراد ہوتی ہے (اسے حیثیت تقییدیہ کہا جاتا ہے) جیسے: النار من حيث أنها حارةٌ تُسخِّنُ (آگ اس حیثیت سے کہ وہ گرم ہوتی ہے چیز کو گرما دیتی ہے)

حاسه: ایسی قوت جس کے ذریعہ جسم کے اجزاء معلوم ہوں اسے حاسہ کہتے ہیں، حاسہ کی

دو قسمیں ہیں؛ ظاہرہ اور باطنہ، دونوں میں سے ہر ایک کی پانچ قسمیں ہیں۔

حواس ظاہرہ :حواس ظاہرہ پانچ ہیں؛(۱) باصرہ، دیکھنے کی قوت (۲) سامعہ، سننے والی قوت (۳) شامہ، سونگھنے والی قوت (۴) ذائقہ، چکھنے والی قوت (۵) لامسہ، چھونے والی قوت

حواس باطنہ : حواس باطنہ پانچ ہیں؛(۱) حس مشترک (۲) خیال (۳) وہم (۴) حافظہ (۵) متصرفہ

(ہر ایک کی تعریف صفحہ نمبر ۱۵۲، ۱۵۳ پر گزر چکی ہے)

حصر :کسی چیز کو متعین عدد پر لانے کو حصر کہتے ہیں۔

کل کا اپنے اجزاء میں حصر :یہ ہے کہ اسم کل کا اپنے اجزاء میں سے ہر ایک پر علیحدہ علیحدہ اطلاق درست نہ ہو، مثلاً یہ رسالہ پانچ ابواب میں منحصر ہے، اس مثال میں ہر باب کو علیحدہ طریقے پر رسالہ نہیں کہا جا سکتا بلکہ رسالہ کا جز کہا جائے گا۔

کلی کا اپنی جزئیات میں حصر :یہ ہے کہ اسم کلی کا اپنی جزئیات میں سے ہر ایک پر علیحدہ طریقہ پر اطلاق درست ہو، مثلاً یہ کتاب، ایک مقدمہ، فن کی تعریف، اس کی حاجت کے بیان، اور اس کے موضوع کی تعریف کے بیان میں منحصر ہے، مذکورہ مثال میں ہر ایک کو علیحدہ طور سے مقدمہ کہا جا سکتا ہے۔

حکم :حکم کا اطلاق چند معانی پر ہوتا ہے؛

(۱) ایک چیز کو دوسری چیز کی طرف ایجاباً یا سلباً منسوب کرنا۔

(۲) کسی چیز کو اپنی جگہ پر رکھنا۔

(۳) وہ اثر جو کسی چیز پر مرتب ہوتا ہے۔

(۴) نسبتِ تامہ خبریہ

(۵) محمول

(۶) قضیہ

حمد: کسی کی اختیاری خوبی پر زبان سے تعریف کرنا حمد کہلاتا ہے عام ازیں حمد مقابلہ نعمت کے ہو یا نہ ہو، تو یہ تعریف حمد کہلائے گی۔

خارج: لفظ خارج کا اطلاق تین چیزوں پر ہوتا ہے، عین (خارج میں پائی جانے والی چیز) کے معنی پر جیسے زید کی آنکھوں کا وجود خارج میں ہے لیکن بینائی کا وجود خارج میں نہیں ہے، نسبت ذہنیہ کے خارج یعنی نسبت خارجیہ پر اور نفس الامر (بہ معنی واقعی بات، درحقیقت) کے معنی میں۔

خط: وہ ایسا عرض ہے جو صرف لمبائی میں تقسیم کو قبول کرے اور وہ سطح کا کنارہ ہے۔

خطبۂ الحاقیۂ: وہ خطبہ ہے جو کتاب کو تصنیف وتالیف کے بعد کتاب کے ساتھ لاحق کیا گیا ہو، بہ ایں طور کہ مؤلف اولا کتاب کو تصنیف کر لے، پھر خطبہ کو اصل مضمون سے ملا دے (شامل کر دے) تو اس کو خطبہ الحاقیہ کہتے ہیں۔

خطبۂ ابتدائیہ: وہ خطبہ ہے جو کتاب کو تصنیف وتالیف سے پہلے لکھا گیا ہو، بہ ایں طور کہ مؤلف اولا خطبہ کو تحریر کر لے، پھر کتاب کو تصنیف کرے، تو اس کو خطبہ ابتدائیہ کہتے ہیں۔

دعوی: وہ قضیہ ہے جو ایسے فیصلے پر مشتمل ہو جس کو یا دلیل سے ثابت کرنا (پایہ ثبوت کو پہنچانا) مقصود ہو یا تنبیہ (یاد دہانی) سے اظہارِ حق مقصود ہو۔

دلیل: وہ چیز جس سے کسی دوسری چیز کا علم حاصل ہو، اسے دلیل کہتے ہیں۔

دلیل افتراض: قضیہ کے موضوع کو کوئی متعین چیز فرض کرنا، پھر اس کے لیے وصف موضوع اور وصف محمول کو ثابت کرنا اور ان دو شکلوں سے شکل ثالث بنا کر مدعی ثابت کرنا۔

مثلاً کل انسان حیوان کا عکس نقیض ہے **کل لا حیوان لا انسان**، اس عکس نقیض کو ثابت کرنے کے لیے ہم عکس کے موضوع کو ''درخت'' فرض کرتے ہیں اور اس کے لیے دونوں وصف ثابت کرتے ہیں تو دو قضیے حاصل ہوں گے (۱) **کل الأشجار لا حیوان** (۲) **کل الأشجار لا انسان**، پس شکل ثالث سے نتیجہ نکلے گا **کل لا حیوان لا انسان** اور یہی عکس نقیض تھا۔ (مفتاح التہذیب)

دلیل الزامی: وہ دلیل ہے جو فریق مخالف کے نزدیک مسلم ہو خواہ اس کا مستدل ہو یا نہ ہو، بنابریں جواب الزامی میں یوں کہا جاتا ہے (اے مخالفین!) یہ جواب تمہارے خیال کے مطابق ہے نہ کہ ہمارے خیال کے مطابق۔

یعنی جو اعتراض فریق مخالف نے ہم پر کیا تھا ہم نے ویسا ہی اعتراض اس کے مذہب پر کر دیا، کہ جو جواب ہمیں دو گے بعینہ وہی جواب ہماری طرف سے تمہارے اعتراض کا ہوگا۔

دلیل تحقیقی: وہ دلیل ہے جو حقائق پر مبنی ہو، اور خصمین کے نزدیک مسلم ہو۔

دلیل حصر: ایسی دلیل جس میں مقسم کے مذکورہ اقسام میں منحصر ہونے کی وجہ بیان کی جائے، اسے دلیل حصر کہتے ہیں۔

دلیل خلف: ایسی دلیل جس میں مقصود کو ثابت کیا جائے اس کی نقیض کو باطل کر کے، اسے دلیل خلف کہتے ہیں۔

دوسری تعریف: عکس کی نقیض کو اصل قضیہ کے ساتھ ملا کر شکل اول بنا کر نتیجہ نکالنا۔

دلیل سمعی: (نقلی دلیل) وہ دلیل وثبوت ہے جس کا مدار سماع یعنی کتاب اللہ، وسنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، اجماع امت اور اقوال سلف پر ہو۔

دلیل عقلی: وہ دلیل وثبوت ہے جس میں عقلی استدلال سے توانائی حاصل کی جائے، (یعنی مدعا کو از روئے عقل دلیل سے ثابت کرنا)

دور: مناطقہ کی اصطلاح میں دو چیزوں میں سے ہر ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف ہونا، یعنی دونوں میں سے ہر ایک موقوف بھی ہو اور موقوف علیہ بھی اور اس سے شی ء کا اپنے موقوف علیہ پر موقوف ہونا لازم آئے گا، جیسے مکہ کی جہت کا سمجھنا موقوف ہو مدینہ کی جہت پر اور مدینہ کی جہت کا سمجھنا موقوف ہو مکہ کی جہت کے سمجھنے پر۔

دور مصرح: وہ دور ہے جس میں شی ء اپنے موقوف علیہ پر (بیک درجہ) موقوف ہو، یعنی ایک ہی مرتبہ میں بات پلٹ جائے جیسے مثلاً الف کا سمجھنا باء کے سمجھنے پر موقوف ہو اور باء کا الف پر۔

دور مضمر: وہ دور ہے جس میں توقف چند مرتبوں پر ہو، جیسے الف کا سمجھنا باء کے سمجھنے پر موقوف ہو اور باء کا سمجھنا جیم پر اور جیم کا الف پر۔

توقف الشیء علی نفسہ: ایک شیء کا سمجھنا خود اسی پر موقوف ہو، جیسے مثلا خاصہ کی تعریف ما یختص بہ سے کریں تو یہ دور کو مستلزم ہے اور دور باطل ہے لہذا ایسی جگہ کچھ نہ کچھ فرق نکالنا ضروری ہوگا چاہے اعتباری ہی فرق کیوں نہ ہو مثلا یوں کہا جائے کہ خاصہ سے اصطلاحی تعریف مراد ہے اور "ما یختص بہ" سے لغوی تعریف۔

دین: وہ ایسا قانون الٰہی ہے جو عقل مندوں کو ان کے پسندیدہ اختیار سے خیر بالذات کی طرف لے جائے۔

دین اور ملت میں فرق: یہ دونوں ذات کے اعتبار سے متحد ہیں البتہ ان کے درمیان اعتباری فرق ہے، وہ اعتباری فرق یہ ہے کہ اس اعتبار سے کہ شریعت پر عمل کیا جائے تو اس کو دین کہتے ہیں، اور اس اعتبار سے اس کو لکھا جائے اسے ملت کہتے ہیں اور اس اعتبار سے کہ اس کی طرف رجوع کیا جائے اسے مذہب کہتے ہیں۔

ذہن: نفس کی وہ قوت ہے جس کو منعم حقیقی نے علوم تصوریہ وتصدیقیہ کے حصول کے لیے بنایا ہے۔

رسول: وہ ایسا انسان ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کی طرف نئی کتاب اور شریعت دے کر اپنے احکام کی تبلیغ کے لیے بھیجا ہو۔

رکن: شیء میں داخل ہونے والی چیز شیء کا جزء ہے تو اس کو رکن کہا جاتا ہے، جیسے رکوع کرنا نماز کا رکن (جزء) ہے۔

سجع: کلامِ منثور میں دو فاصلوں کے آخرِ الفاظ کا آخری حرفوں کی شکل (حرکت وسکون) میں یکساں اور موافق ہونا، جیسے صاحب تہذیب المنطق کا فرمان "لا زال لہ من التوفیق قوامٌ، ومن التأیید عصامٌ وعلی اللہ التوکل وبہ الاعتصام" ہمیشہ رہے اس (بیٹے) کے لیے توفیقِ خداوندی کا سہارا اور تائید الٰہی کی پناہ اور اللہ ہی پر اعتماد اور بھروسہ ہے اور ان ہی کا دامن تھامنا ہے اس مثال میں فعال کا وزن ہے اور اخیر میں الف اور میم

آرہے ہیں۔

سلب عموم: ایجاب کلی کی نفی کرنا جیسے ہر جاندار انسان ہوایسا نہیں ہے بلکہ بعض جاندار انسان ہیں (موجبہ جزیہ) گویا سلب عموم کے موقع پر موجبہ جزئیہ صادق آئے گا۔

فائدہ: عمومِ سلب اور سلب عموم کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے جس میں سلب عموم عام ہے اور عمومِ سلب خاص ہے، گویا جہاں جہاں عمومِ سلب (نفی میں عموم) پایا جائے گا وہاں سلب عموم (عموم کی نفی کا ہونا) بھی پایا جائے گا لیکن جہاں کہیں سلبِ عموم (عموم کی نفی) ہو وہاں عمومِ سلب (نفی میں عمومیت) ہونا ضروری نہیں ہے۔

عمومِ سلب اور سلب عموم کی تعیین؛

عمومِ سلب: ادات عموم کو اداتِ نفی پر مقدم کرنے سے حاصل ہوتا ہے جیسے کل الدارھم لم آخذ (میں نے ایک بھی درہم نہیں لیا)

سلبِ عموم: اداتِ نفی کو اداتِ عموم پر مقدم کرنے سے حاصل ہوتا ہے جیسے لم یکن کل ذلک (یہ سارا معاملہ نہیں ہوا، دوسری مثال لم یقم کل إنسانٍ (جملہ افراد انسان کھڑے نہیں ہوئے)

خلاصۂ کلام: عمومِ سلب میں مسندالیہ کے ہر ہر فرد سے حکم کی نفی ہوتی ہے اور سلب عموم میں افرادِ مسندالیہ کے مجموعے سے حکم کی نفی ہوتی ہے۔

شخص: ماہیت میں صرف قید (تشخصات) ملحوظ ہوں تو اس کو شخص کہا جاتا ہے، مثلا ماہیت انسانیہ یعنی حیوان ناطق جب زید کے تشخصات مثلا موٹی آنکھوں۔ چپٹی ناک، اور چوڑی پیشانی والا ہونا، پیش نظر ہو تو وہ شخص کہلاتا ہے۔

ماہیت کو جب کسی قید کے ساتھ لیا جات ہے تو تین صورتیں ہوتی ہیں؛ حصہ، فرد اور شخص۔

شخص: اس کی تعریف گذر چکی۔

حصہ: ماہیت میں صرف تقیید (تشخصات کے ساتھ ہونا) ملحوظ ہو تو اس کا نام حصہ ہے مثلا زید نام ہے انسان مع تشخصات کا، پس اگر ذات زید کا لحاظ کرتے ہوئے اس کے مخصوص

تشخصات ملحوظ نہ ہوں البتہ تشخصات کے ساتھ مقید ہونا ملحوظ ہوتو اس کا نام حصہ ہے۔

فرد : ماہیت میں جب قید وتقیید دونوں ہوں تو اس کو فرد کہتے ہیں جیسے ماہیتِ انسانیہ یعنی حیوان ناطق جب زید، عمر، بکر کے تشخصات (جن سے انسان کے افراد ماہیت کے دیگر افراد سے ممتاز ہوتے ہیں) سے ملے گی تو وہی زید، عمر، بکر کی ماہیت کے افراد ہوں گے)

تشخص: ان عوارض کو کہتے ہیں جن کے ذریعہ ایک حقیقت کے افراد کے درمیان ایک دوسرے سے امتیاز ہوتا ہے، جیسے گورا، کالا ،موٹا، پتلا وغیرہ کے ذریعے افرادِ انسان مثلاً زید، عمر، بکر وغیرہ میں امتیاز ہو جاتا ہے جن کی بنا پر ایک دوسرے کے درمیان اشتباہ نہیں ہوتا۔(توضیح المنطق)

شرط :وہ چیز جس پر کسی دوسری چیز کا وجود موقوف ہو، جبکہ اسکی ماہیت میں داخل نہ ہو اور نہ اس کے وجود میں مؤثر ہو، جیسے وضوء کا نماز کے لیے شرط ہونا۔

شطر : کسی چیز کا وہ جز جو اس کی حقیقت میں داخل ہو اسے شطر کہتے ہیں، جیسے رکوع اور سجدہ نماز کے لیے۔

شک: نسبتِ خبری کا وہ علم جس میں ذہن نفی و اثبات میں دائر ہو، یعنی دونوں پہلو برابر ہوں (کہ ذہن کسی ایک طرف فیصلہ نہ کر پائے) جیسے ایک نمازی کو تعداد رکعت میں شبہ ہو گیا کہ دو رکعت ہوئی یا تین، اور بالکل کچھ فیصلہ نہیں کر پا رہا ہے، دونوں احتمال برابر ہیں، تو اس کو شک کہیں گے۔

شکر کی لغوی تعریف :محسن کے ساتھ اس کے احسان کی بنا پر ایسا فعل اختیار کرنا جس سے اس کی تعظیم ظاہر ہو۔

شکر کی اصطلاحی تعریف :محسن کے احسان کا تذکرہ کر کے اس کی تعریف کرنا۔

شیء: شی ء سے مراد وجود ہے اور وہ تمام موجودات کا نام ہے خواہ وہ عرض ہوں یا جوہر، بہ شرطیکہ اس کی بابت اطلاع واخبار درست ہو۔

اصطلاحی معنی :وہ جوہر جو خارج میں پختہ ثبوت کے ساتھ پایا جائے۔

صحابی رسول :وہ انسان جنہوں نے بحالت ایمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا

ہو یا آپ کی صحبت اختیار کی ہو اور حالت ایمان ہی میں دنیا سے رخصت ہوا ہو۔

صدق کی لغوی تعریف: حکم کا واقع کے مطابق ہونا۔

صدق کی اصطلاحی تعریف: مخبر عنہ کی اس حالت کو ظاہر کرنا جس پر وہ پہلے تھا۔

صدق: مفہوم ذہنی کا کسی چیز پر فٹ ہو جانا صدق کہلاتا ہے۔

مصداق: جس چیز پر (چاہے وہ چیز ذہنی ہو یا خارجی) مفہومِ ذہنی فٹ ہو جائے اس کو مصداق یا فرد کہتے ہیں (توضیح المنطق)

نسبت کلامیہ: مبتداء خبر کے درمیان اس باہمی ربط اور تعلق کو کہتے ہیں جو متکلم کے کلام سے سمجھا جاتا ہے۔

نسبت ذھینہ: اس نسبت کو کہتے ہیں جو متکلم کے ذہن کے اندر متصور اور حاضر ہو۔

نسبت خارجیہ: مبتداء اور خبر کے درمیان خارجی تعلق کو کہتے ہیں جیسے "زیدٌ قائمٌ" کے اندر ثبوتِ قیام جو کلام سے سمجھا جاتا ہے نسبتِ کلامیہ ہے اور بہ ایں حیثیت کہ وہ متکلم کے ذہن میں مرتسم ہے نسبتِ ذہنیہ ہے اور بہ ایں اعتبار کہ وہ خارج میں حاصل ہے نسبتِ خارجیہ ہے۔

نوٹ: نسبتِ خارجیہ، نسبتِ واقعیہ اور نفس الأمر یہ الفاظِ مترادفہ میں سے ہیں۔

معلوم ہونا چاہئے کہ جب نسبتِ کلامیہ نسبتِ خارجیہ کے مطابق ہو تو اسے صدق کہا جاتا ہے اور اگر نسبتِ کلامیہ نسبتِ خارجیہ کے مطابق نہ ہو تو اسے کذب کہا جاتا ہے۔

صفة حقیقیة محضه: وہ صفات ہیں جو موصوف میں پائی جائیں اور ان کا تعقل (وجود ذہنی) اور تحقق (وجود خارجی) غیر پر موقوف نہ ہوں جیسے کسی جسم (مثلاً قلم) کی سیاہی و سفیدی کو سمجھنا یا اس کا پایا جانا غیر (دوسرے جسم) پر موقوف نہیں۔

حقیقیہ ذات اضافت: وہ صفات ہیں جو موصوف میں پائی جائیں اور (ان کا تعقل غیر پر موقوف نہ ہو البتہ) ان کا تحقق غیر پر موقوف ہو جیسے عالم ہونا، آکل ہونا، کہ صفت علم اور اکل کا تعقل غیر پر موقوف نہیں البتہ علم کا تحقق معلوم پر اور اکل کا تحقق مأکول پر موقوف ہے۔

اضافیہ محضہ: وہ صفات ہیں جو موصوف میں نہ پائی جائیں اور ان کا تعقل و تحقق غیر پر موقوف ہو جیسے کسی جگہ مسجد دائیں طرف ہے اور مہمان خانہ بائیں طرف ہے تو یہاں مسجد کا دائیں طرف ہونا اپنے بائیں طرف مہمان خانے کا تقاضہ کرتا ہے۔

ضم ضمیمہ: کہتے ہیں کسی کلمہ کے ساتھ دوسرے کلمہ کے ملانے کو جیسے حرف کسی دوسرے کلمہ کے ملائے بغیر مفیدِ معنی نہیں ہوتا۔

فی نفسہ: کی نسبت اس شیٔ کی طرف کی جاتی ہے جو شیٔ اپنے وجود میں فارض کے فرض (تسلیم کرنے والے کا تسلیم کرنے) کی طرف محتاج نہ ہو، اگر چہ محل کی طرف محتاج ہو، جیسے سفید کپڑا کہ اس میں سفیدی کا وجود فارض کے فرض کرنے کی طرف محتاج نہیں ہے لیکن اس کا وجود محل یعنی کپڑے کی طرف محتاج ہے بہ ایں معنی کہ کپڑے کا وجود منتفی ہوتے ہی سفیدی بھی ختم ہو جائے گی جو بہ واسطۂ کپڑا نمودار ہوا ہے۔

بنفسہ: کی نسبت اس شیٔ کی طرف کی جاتی ہے جو نہ فارض کے فرض کی طرف محتاج ہو نہ محل کی طرف محتاج ہو (ہاں! فاعل یعنی موجد کا محتاج ہو) جیسے حیوان۔

لنفسہ: کی نسبت اس شیٔ کی طرف کی جاتی ہے جو نہ فارض کے فرض کی طرف محتاج ہو نہ محل کی طرف اور نہ فاعل کی طرف جیسے وجودِ باری تعالی نہ فارض نہ محل اور نہ فاعل کی طرف محتاج ہے۔

صنف: ایسی نوع ہے جو صفات عرضی کے ساتھ مقید ہو، جیسے ترکی، مصری، ہندوستانی وغیرہ۔

صورۃ نوعیہ: وہ ایسا جوہر ہے جس کی وجہ سے جسم کی انواع بدل جائے، جیسے حیوان ہونا، نبات ہونا، جماد ہونا وغیرہ۔

صورۃ جسمیہ: وہ ایسا جوہر متصل ہے جو ابعاد ثلاثہ کو قبول کرنے والا ہو اور جسم میں ظاہری نظر سے معلوم ہو جائے۔

ظن: نسبتِ خبری کا وہ علم جس میں دل کسی ایک حکم (نفی یا اثبات) کو ترجیح کے ساتھ قبول کرے، جانب مرجوح کو وہم کہا جاتا ہے، جیسے ایک نمازی کو تعداد رکعت میں شبہ ہو گیا کہ دو

رکعت ہوئی یا تین، اس صورت میں اگر اسے تین رکعت کا احتمال ہو تو یہ ظن ہے۔

عقل: وہ ایسا جوہر ہے جو اپنی ذات اور اپنے فعل میں مادہ کا محتاج نہ ہو، اس تعریف کے اعتبار سے حکماء کے نزدیک عقل موجود ہے برخلاف متکلمین کے۔ اور عقول دس ہیں۔

علاقہ: ایسی چیز جس کی وجہ سے ایک چیز کا تعلق دوسری چیز سے ہو جائے، اسے علاقہ کہتے ہیں۔

مجاز مرسل کے علاقوں کا مدار تتبع اور تلاش پر ہے جو علماء کے ذکر کے مطابق چوبیس سے زائد ہیں؛

معنیٰ حقیقی اور مجازی کے درمیان سببیت کا علاقہ ہو یعنی

(۱) سبب بول کر مسبب مراد لینا، جیسے "والسماء بنینٰھا باید" (اور ہم نے آسمان کو قدرت سے بنایا) میں ید بول کر قدرت مراد لینا۔

(۲) مسبب بول کر سبب مراد لینا، جیسے "وینزل لکم من السماء رزقا" (اور وہ آسمان سے تمہارے لیے رزق بھیجتا ہے) میں رزق بول کر بارش کو مراد لینا۔

معنیٰ حقیقی اور مجازی کے درمیان کلیت اور جزئیت کا علاقہ ہو یعنی

(۳) کل بول کر جز مراد لینا، جیسے "یجعلون أصابعهم في آذانهم" (وہ ٹھونس لیتے ہیں اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں) میں انگلی بول کر انگلی کا پوروا مراد لینا۔

(۴) جز بول کر کل مراد لینا، جیسے "فتحریر رقبة" (ایک غلام آزاد کرنا) میں گردن بول کر گردن والا یعنی ذات انسان مراد لینا۔

معنیٰ حقیقی اور مجازی کے درمیان لزوم کا علاقہ ہو یعنی

(۵) ملزوم بول کر لازم مراد لینا، جیسے "طلع الضوء أي الشمس" (روشنی نکلی) میں روشنی بول کر سورج مراد لینا۔

(۶) لازم بول کر ملزوم مراد لینا، جیسے "دخلت الشمس المكان" (سورج گھر میں داخل ہوا) میں سورج بول روشنی مراد لینا۔

(۷) شیء بول کر متعلق شیء مراد لینا جیسے "جری المیزاب" میں میزاب بول کر بارش

مراد لینا۔

معنیٰ حقیقی اور مجازی کے درمیان اطلاق اور تقیید کا علاقہ ہو یعنی

(۸) مطلق بول کر مقید مراد لینا، جیسے"فتحریر رقبة" (تو ایک غلام یا لونڈی آزاد کرنا) میں مطلق غلام بول کر مؤمن غلام مراد لینا۔

(۹) مقید بول کر مطلق مراد لینا، جیسے"لکل فرعونٍ موسی" (ہر ظالم کی سرکوبی کے لیے کوئی نیک بندہ پیدا ہو جاتا ہے) میں لفظ فرعون اور لفظ موسیٰ سے مطلق ظالم اور نیک بندہ مراد لینا۔

معنیٰ حقیقی اور مجازی کے درمیان عموم وخصوص کا علاقہ ہو یعنی

(۱۰) خاص بول کر عام مراد لینا، جیسے"جاء ني رجل أي زيد" (میرے پاس ایک مرد آیا) میں زید بول کر مطلق انسان مراد لینا۔

(۱۱) عام بول کر خاص مراد لینا، جیسے"الذین قال لهم الناس" (یہ ایسے لوگ ہیں کہ لوگوں نے اُن سے کہا) میں لوگ بول کر نعیم بن مسعود مراد لینا۔

(۱۲) مضاف کو حذف کر کے فعل کا تعلق مضاف الیہ سے کرنا، جیسے"واسئل القرية" میں قریہ بول کر اہل قریہ مراد لینا۔

(۱۳) مضاف الیہ کو حذف کرنا، جیسے"یومئذ" اور "حینئذ" جو کہ اصل میں"یوم اذ کان کذا" اور "حین اذ کان کذا" تھے۔

(۱۴) چیز کا ما یکون (مستقبل کی حالت) کے اعتبار سے نام رکھنا، جیسے"اني أراني أعصر خمرا" (میں اپنے خواب میں دیکھتا ہوں کہ شراب نچوڑ رہا ہوں) میں مستقبل میں شراب ہونے والی انگور پر شراب کا اطلاق کیا گیا ہے۔

(۱۵) چیز کا ما کان (ماضی کی حالت) کے اعتبار سے نام رکھنا، جیسے" واٰتوا الیتمیٰ أموالهم" (اور تم یتیموں کو ان کے اموال سپرد کر دو) میں بالغ ہونے کے بعد بھی یتیم ہی کہنا جو کہ پہلے یتیم تھے۔

معنیٔ حقیقی اور مجازی کے درمیان حال اور محل کا علاقہ ہو یعنی

(۱۶) محل کا حال پر اطلاق کرنا، جیسے "**فلیدع نادیہ**" (چاہئے کہ وہ اپنی مجلس کو بلالے) میں مجلس بول کر اہل مجلس مراد لینا کیوں کہ مجلس محل ہے اور اہل مجلس (عوام) حال ہیں۔

(۱۷) حال کا محل پر اطلاق کرنا، جیسے "**فأما الذین ابیضت وجوههم ففي رحمة من الله**" (اور جن کے چہرے سفید ہوگئے ہوں گے وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے) میں رحمت بول کر جنت مراد لینا، کیوں کہ رحمت حال ہے اور جنت محل ہے۔

(۱۸) کسی چیز کا آلہ بول کر وہی چیز مراد لینا، جیسے "**واجعل لي لسان صدق في الآخرین**" (اور میرا ذکر آئندہ آنے والوں میں جاری رکھ) میں لسان بول کر ذکرِ حسن مراد لیا گیا ہے۔

(۱۹) احدالبدلین بول کر دوسرا مراد لینا، جیسے دم (خون) بول کر دیت مراد لینا۔

(۲۰) معرفہ سے نکرہ مراد لینا، جیسے "**فأخاف أن یأکله الذئب**" (مجھے ڈر ہے کہ اسے کوئی بھیڑیا کھالے گا) میں "الذئب" معرف بالف لام بول کر نکرہ غیرہ معینہ مراد لینا۔

(۲۱) احدالضدین کا اطلاق دوسرے پر کرنا، جیسے "**وجزاء سیئةٍ سیئةٌ مثلها**" (کسی برائی کا بدلہ اسی جیسی برائی ہے) میں "سَیِّئَة" کا اطلاق دو معنوں پر کیا گیا ہے، اول "سَیِّئَة" سے ظلم کرنا مراد ہے، اور ثانی سے ظلم کا بدلہ لینا مراد ہے، جن دونوں میں سے اول ناجائز ہے جب کہ ثانی یعنی ظلم کے برابر بدلہ لینا جائز اور مباح ہے، اس پر مجازاً "سَیِّئَة" کا اطلاق کیا گیا ہے۔

(۲۲) کسی حرف وکلمہ کو حذف کرنا، جیسے "**یُبَیِّنُ الله لکم أن تضلُّوا**" (اللہ تعالیٰ تم سے اس لیے بیان کرتے ہیں کہ تم گمراہی میں نہ پڑو) میں "لا" حرف نفی کو حذف کیا گیا ہے۔

(۲۳) کسی حرف وکلمہ کو زیادہ کرنا، جیسے "**لیس کمثله شيء**" (کوئی چیز اس کا مثل نہیں ہے) میں مذکور تشبیہ کے معنی کے لیے دو کلمے ہیں جن میں ایک زائد ہے۔

(۲۴) نکرہ تحت الاثبات کا عموم کا فائدہ دینا، جیسے **علمت نفس ما قدمت**" (ہر شخص

اپنے اگلے اعمال کو جان لے گا) میں "نفسٌ" بول کر "کلُّ نفسٍ" مراد لینا۔

علاقۂ عرفیہ :وہ ایسا علاقہ ہے جس کی وجہ سے ملزوم کا تصور لازم کے بغیر عرف عام میں محال ہو، جیسے حاتم طائی کا تصور بغیر سخاوت کے۔

علاقۂ عقلیہ:ایسا علاقہ ہے جس کی وجہ سے ملزوم کا تصور لازم کے بغیر عقلاً محال ہو۔

علاقۂ مصحّحہ :(اسم فاعل کے صیغے کے ساتھ) ایسا علاقہ ہے کہ جس کی وجہ سے ذہن معنیٰ موضوع لہ سے معنیٰ لازم کی طرف منتقل ہو جائے۔

علت :وہ چیز ہے جس پر دوسری چیز کا وجود موقوف ہو اور اس کی حقیقت سے خارج ہو لیکن اس کے وجود میں مؤثر ہو۔

علت کی دو قسمیں ہیں؛ علت تامہ اور علت ناقصہ

علت تامہ :ایسی علت ہے جس کے پائے جانے کے بعد معلول کا وجود ضروری ہو، جیسے طلوع شمس وجود نہار کے لیے علۃ تامہ ہے۔

علت ناقصہ :ایسی علت ہے جس کے پائے جانے کے بعد معلول کا وجود ضروری نہ ہو، جیسے چارپائی کے لیے علت مادی یعنی لکڑی وغیرہ۔

فائدہ :علت تامہ کے پائے جانے کے بعد معلول کا وجود ضروری طور پر ہو جاتا ہے اور کسی ایک چیز کی دو علت تامہ ہونا محال ہے۔

علت صوری:وہ چیز ہے جس کی وجہ سے کوئی چیز بالفعل موجود ہو، جیسے چارپائی کی صورت۔

علت غائی :وہ مقصد ہے جس کی وجہ سے معلول کا وجود ہوا ہو، جیسے بیٹھنا چارپائی کے لیے علت غائی ہے۔

علت فاعلی :ایسی علت جس سے معلول کا وجود ہوا ہو، جیسے بڑھئی چارپائی کے لیے علت تامہ ہے۔

علت مادی:وہ چیز جس کی وجہ سے شئے بالقوۃ موجود ہو جیسے لکڑی۔

فاصلہ:اس کی جمع فواصل آتی ہے، قرآن کریم کی آیات کریمہ کے آخری الفاظ کے ہم وزن

ہونے کو فاصلہ کہتے ہیں جس طرح نثر میں سجع ہے اور یہ دونوں نظم میں قافیہ کی طرح ہیں۔

فعل: کسی چیز کا تینوں زمانوں میں سے کسی ایک میں موجود ہونا۔

قاعدہ :اس کی جمع قواعد آتی ہے، ہر ایسا کلی ضابطہ جو اپنی تمام جزئیات پر منطبق ہو جائے اسے قاعدہ کہتے ہیں۔

قافیہ :شعر کے آخری حرف کو قافیہ کہتے ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ شعر کے آخری کلمہ کو قافیہ کہتے ہیں۔

قانون:ایسا کلی ضابطہ ہے جو اپنی ان تمام جزئیات پر منطبق ہو جن کے احکام اس ضابطہ سے معلوم ہوں، جیسے نحویوں کا قول فاعل مرفوع ہوتا ہے، مفعول منصوب ہوتا ہے اور مضاف الیہ مجرور ہوتا ہے۔

قرینہ: وہ (لفظی یا معنوی) مناسبت اور انداز ہے جو بلا وضع ملفوظ کے منشا اور مطلب کو مقرر کرنے یا محذوف کی تخصیص پر دلالت کرے، (لفظی قرینہ) جیسے "ضَرَبَتْ حبلی موسی" میں "ضَرَبَتْ" کا فاعل "حبلی" ہے جو فعل کی تانیث سے معلوم ہوا معنوی قرینہ جیسے "أكل الكمثرى يحيىٰ" میں "أكل" کا فاعل یحیی ہے۔

قسم شیء: مقسم کا ایک فرد جو مقسم کے تحت میں آئے جیسے اسم کلمہ کے تحت میں آتا ہے۔

قسیم شیء: کسی مقسم کے تحت آنے والے افراد جو باہم ایک دوسرے کے مقابل ہوں جیسے اسم فعل اور حرف تینوں آپس میں قسیم ہیں اور یہ تینوں اپنے مقسم (کلمہ) کے تحت داخل ہیں اسی طرح تصور اور تصدیق آپس میں قسیم ہیں جو دونوں علم مقسم کے تحت داخل ہیں۔

قوت :تینوں زمانوں (ماضی، حال، مستقبل) میں کسی چیز کے حاصل ہونے کا امکان ہو تو اسے قوت کہتے ہیں، جیسے جو انسان فی الحال کاتب نہیں ہے، اس کے اندر کتابت کی استعداد کا ہونا۔

قید اتفاقی: وہ قید ہے جس کے منتفی ہونے سے حکم مذکور منتفی نہ ہو یعنی جو در حقیقت وضاحت کے لیے ہو۔

قید احترازی: وہ قید ہے جس کے منتفی ہونے سے مذکورہ حکم منتفی ہو جائے۔

تعریفات اور مثالوں کے مواقع میں جہاں لفظ کل کا استعمال ہوتا ہے وہ تین معانی میں مستعمل ہوتا ہے۔

کذب: حکم کے واقع کے مطابق نہ ہونے کو کذب کہتے ہیں، جیسے زید پتھر ہے۔

کلام لفظی: مراد متکلم پر دلالت کرنے والے الفاظ اور حروف کا مجموعہ۔

کلام نفسی: متکلم کے دل کا وہ مفہوم جس پر الفاظ تحریر یا اشارہ دلالت کرتا ہو۔

نوٹ: کلام کرنے سے پہلے ہر متکلم اپنے دل و دماغ میں معانی کا ایک مجموعہ تیار کرتا ہے اس ذہنی خاکہ کو ''کلام نفسی'' کہا جاتا ہے پھر ان معانی کو جن الفاظ سے تعبیر کرتا ہے اس کو کلام لفظی کہا جاتا ہے۔

کل: جو مجموعہ جو چند اجزاء سے مرکب ہو اسے کل کہتے ہیں۔

کل بہ معنی کلی: (یعنی وہ لفظ کل جس میں موضوع کی ماہیت پر حکم لگایا گیا ہو نہ کہ موضوع کے افراد کے لیے، جیسے کل إنسان نوعٌ (انسان ایک کلی ہے جو نوع ہے)

کل مجموعی: وہ کل ہے جس میں موضوع کے جملہ افراد پر محمول کے اثبات یا نفی کا حکم لگایا گیا ہو جیسے کل إنسان لا یشبعه هذا الرغیف (یہ چپاتی جملہ افرادِ انسان کو سیر نہیں کرسکتی)

کل افرادی: وہ کل ہے جس میں موضوع کے تمام افراد پر محمول کے اثبات کا حکم انفرادی طور پر (ہر ہر فرد پر) لگایا گیا ہو، جیسے کل انسان حیوان (انسان کا ہر ہر فرد حیوان ہے)

کلیات فرضیہ: وہ مفہوم جس کا خارج اور ذہن میں کوئی مصداق نہ ہو اسے کلی فرضی کہتے ہیں، جیسے شریک باری تعالی اور لاموجود وغیرہ۔

کواکب سبع سیارة: ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں؛ شمش، قمر، مریخ، زہرۃ، زحل، عطارد، اور مشتری۔

لزوم: کسی شئے سے جدا ہونے کے محال ہونے کو لزوم کہتے ہیں۔

لزوم خارجی: وہ ایسا لزوم ہے کہ اگر موضوع لہ کا خارج میں تصور کریں تو وہ لازم پایا جائے گا اور اگر ذہن میں تصور کریں تو وہ لازم نہ پایا جائے گا جیسے **احراق النار** (کیوں کہ اگر خارج میں اس کا تصور کریں تو نار کو احراق لازم ہوتا ہے لیکن اگر ذہن میں تصور کریں تو یہ نہیں ہوتا کہ ذہن جل جائے) تو معلوم ہوا کہ ذہن کی صورت میں اس کو احراق لازم نہیں ہوگا۔

لزوم ذہنی عرفی: ایسا لزوم ہے کہ ذہن میں موضوع لہ کا تصور اس معنیٰ خارجی (لازم) کے بغیر عرف عام کے میں محال ہو یعنی یہ کہ جب بھی لفظ بولا جائے تو ذہن عرف کی وجہ سے معنیٰ موضوع لہ سے اس لازم کی طرف منتقل ہو جائے، جیسے حاتم کا سخاوت پر دلالت کرنا۔

لزوم ذہنی عقلی: ایسا لزوم ہے کہ عقل اس بات کو ممکن نہ سمجھے کہ موضوع لہ ذہن میں آئے اور معنیٰ خارج (لازم) ذہن میں نہ آئے جیسے عمی کی دلالت بصر پر۔

مادہ: وہ ایسا مفہوم بسیط ہے جس کا وجود اس شئے کے بغیر مکمل نہ ہو جو اس میں حلول کرے۔

مباین: ایسے دو الفاظ جن کے معنی اور لفظ ایک دوسرے کے مخالف ہوں انہیں مباین کہتے ہیں۔

متن: کتاب کی وہ اصل عبارت جو اختصار کا لحاظ رکھتے ہوئے فن کے صرف بہ قدرِ ضرورت مسائل پر مشتمل ہو۔

وجہ تسمیہ: متن کے لغوی معنی ہیں، سخت، مضبوط، ٹھوس اور پختہ چیز، اور متن کو متن اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ شروح وحواشی کے لیے بنیاد اور اصل کی حیثیت رکھتا ہے (کہ اس پر حاشیہ چڑھایا جاتا ہے، یا اس کی شرح کی جاتی ہے)۔

شرح: وہ کتاب ہے جس میں کسی متن کو آسان کرنا مقصود ہو اور متن پر مشتمل ہو، جیسے شرح وقایہ، شرح مواقف، شرح مقاصد اور بنایہ شرح ہدایہ وغیرہ۔

تعلیق و حاشیہ: وہ کتاب ہے جس میں کسی متن کو آسان کرنا مقصود ہو لیکن متن کی عبارت پر مشتمل نہ ہو جیسے حاشیۂ ہدایہ فتح القدیر۔

مجعولیت ذاتی : یہ ہے کہ ذاتیات کا ثبوت ذات کے لیے کسی واسطے کا محتاج ہو۔

مجہول مطلق : یہ ہے کہ کوئی شئے ہر اعتبار سے نامعلوم ہو کسی بھی طریقہ سے اس پر حکم لگانا ممکن نہ ہو۔

مدح: تعریف کرنا ہے زبان کے ساتھ کسی اچھی خوبی پر خواہ اختیاری ہو یا غیر اختیاری نعمت کے مقابلہ میں ہو یا نہ ہو۔

مدلول: کسی دوسری چیز کے جاننے سے جس چیز کا علم حاصل ہو جائے اسے مدلول کہتے ہیں۔

مصادرہ : ایسے قضیہ کو جزء قیاس بنانا جو نتیجے کو مستلزم ہو مصادرہ کہلاتا ہے، مثلاً انسان بشر ہے (صغری) ہر بشر ہنسنے والا ہے (کبری) انسان ہنسنے والا ہے (نتیجہ) مذکورہ مثال میں کبری اور نتیجہ اور ایک ہی چیز ہے کیوں کہ بشر اور انسان الفاظ مترادفہ میں سے ہیں۔

مطلَب : وہ لفظ جس کے ذریعہ تصور یا تصدیق کو طلب کیا جائے اسے مطلب کہتے ہیں اور یہ چار الفاظ ہیں؛ ما، اَیٌّ، ہل، اور لِمَ۔

معارضہ کی لغوی تعریف :ممانعت کے طور پر مقابلہ کرنا۔

اصطلاحی تعریف:فریقِ مخالف کی پیش کردہ دلیل کے مقابلے میں اپنی دلیل قائم کرنے کو معارضہ کہتے ہیں۔

معانی : وہ ان ذہنی صورتوں کا نام ہے جن کے مقابلے میں الفاظ کو وضع کیا گیا ہو، اگر ان معانی ذہنیہ کو الفاظ مفردہ سے تعبیر کیا جائے تو ان معانی کو معانی مفردہ کہتے ہیں اور اگر الفاظ مرکبہ سے تعبیر کیا جائے تو ان معانی کو معانی مرکبہ کہتے ہیں.

معقولات: وہ امور کلی جو عقل میں آئیں، انہیں معقولات کہتے ہیں.

معقولات اولی:ایسی کلی ہے جس کا خارج میں کوئی مصداق ہو، جیسے انسان، حیوان وغیرہ۔

معقولات ثانیہ :ایسی کلی ہے جس کا ذہن میں تو وجود ہو لیکن خارج میں وجود نہ ہو، جیسے حیوان کا جنس ہونا، انسان کا نوع ہونا وغیرہ۔

مغالطۂ عامۃ الورود: اس کو مغالطۂ عامۃ الورود اس لیے کہا جاتا ہے کہ یہ ہر جگہ جاری

ہوسکتا ہے جیسے فرض کیجئے کہ تمہارے ہاتھ میں پنسل ہے تو زید یوں کہے کہ مان لو! یہ قلم ہے ورنہ اس کی نقیض لاقلم صادق ہوگی کیوں کہ اگر لاقلم ہونا بھی تسلیم نہیں کروں گے تو ارتفاع نقیضین لازم آئے گا جو محال ہے اور جب اس کی نقیض (لاقلم ہونا) صادق آئے گی تو "شيءٌ من الأشياء" ہونا صادق آئے گا جس سے یوں شکل بن جائے گی المدعی ثابت وإلا (أي وإن لم يكن المدعى ثابتا) فنقيضه ثابتٌ وكلما كان نقيضه ثابتا كان شيء من الأشياء ثابتا اس میں سے جب حداوسط کو جو نقيضه ثابتٌ ہے گرادیا جائے تو نتیجہ نکلے گا كلما لم يكن المدعى ثابتا كان شيء من الأشياء ثابتا اور چوں کہ ہر قضیہ کو اس کی عکس نقیض لازم ہوتی ہے اس لیے جب اس کی نقیض نکالی جائے گی تو اس کی صورت یوں ہوگی کہ كلما لم يكن شيء من الأشياء ثابتا كان المدعى ثابتا اور یہ بالبداہت باطل اور محال ہے کیوں کہ جب "شيء من الأشياء" یعنی کوئی بھی چیز ثابت نہ ہو تو مدعی کیوں کر صادق آئے گا کیوں کہ مدعی بھی تو "شيء من الأشياء" ہے اب اگر آپ کا مدعی صادق آئے گا تو پھر ایسے مدعی کو ثابت کرنا لازم آئے گا جس کی نفی "شيء من الأشياء" کے ضمن میں پہلے کر چکے ہو اور یہ محال ہے بوجہ عدمِ تسلیمِ مدعی لازم آیا اس سے ہمارا مدعی ثابت ہوا کہ تمہارے ہاتھ میں پنسل نہیں ہے بلکہ قلم ہے۔

اس مغالطہ کا جواب یہ ہے کہ عدمِ ثبوتِ "شيءٌ من الأشياء" محال ہے اور عدمِ ثبوت "شيءٌ من الأشياء" کی تقدیر پر ثبوت مدعی بھی محال ہے تو یہاں ایک محال دوسرے محال کو مستلزم ہوا اور یہ (ایک محال کا دوسرے محال کو مستلزم ہونا) محال نہیں ہے کیوں کہ کتب منطق میں ہے "جوزوا استلزام المحال للمحال" یہ ہے مغالطۂ عامۃ الورود کی تقریر اور اس کا جواب۔

مفہومات شاملہ: وہ ایسی کلی ہے جس کے خارج میں افراد موجود ہوں، مفہومات شاملہ دو طرح کے ہوتے ہیں؛ (۱) وجودی جیسے شیء اور ممکن (۲) عدمی یعنی سلبی جیسے لاشریک باری اور لااجتماع النقیضین وغیرہ۔

مفهوم موافق: وہ مفہوم ہے جس کے بابت (نص میں) سکوت اختیار کیا گیا ہو لیکن اس کا حکم نص میں مذکورہ صورت کے موافق ہو۔

مفہوم مخالف: وہ مفہوم ہے جس میں مسکوت عنہ مذکور کی ضد ہو، اس کو دلیلِ خطاب بھی کہتے ہیں جیسے باری تعالی کے فرمان ''اور جو لوگ (زنا کی) تہمت لگائیں پاکدامن عورتوں کو (جن کا زانیہ ہونا کسی دلیل یا قرینۂ شرعیہ سے ثابت نہیں) اور پھر چار گواہ (اپنے دعوے پر) نہ لاسکیں تو ایسے لوگوں کو اسّی درّے لگاؤ اور ان کی کوئی گواہی کبھی قبول مت کرو''، اس حکم مذکور کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ پاکدامن عورتوں پر تہمت لگانے والے کو اسی سے زائد لگانے نہ لگانے کا تذکرہ نص میں مذکور نہ ہونے کی بناپر زائد کوڑے لگانا واجب نہیں۔

مقدمہ: کتاب کا وہ حصہ جس پر کتاب میں آنے والی بحث موقوف ہو، اسے مقدمہ کہتے ہیں۔

مقدمۃ العلم: وہ چیزیں جن پر علم کا آغاز موقوف ہو، اسے مقدمۃ العلم کہتے ہیں جیسے فن کی تعریف، فن کا موضوع اور فن کی غرض وغایت وغیرہ۔

مقدمۃ الکتاب: کتاب کا وہ حصہ جو مقصود کتاب سے پہلے مذکور ہو، اور مقصود میں نافع ہو۔

ممکن: جس کا نہ عدم ضروری ہو نہ وجود، اسی لیے ممکن اپنے وجود میں اور اپنی بقاء میں ہمیشہ غیر یعنی موجِد کا محتاج ہوتا ہے۔

واجب: وہ ہستی ہے جس کا عدم ممتنع ہو یعنی اس کا وجود ضروری ہو۔

واجب لذاتہ: وہ ہستی ہے جس کا وجود ذاتی ہو یعنی وہ اپنے وجود میں غیر کا محتاج نہ ہو (ایسی ہستی صرف اللہ تعالی کی ہے)

واجب لغیرہ: وہ ممکن ہستی ہے جس کو غیر (یعنی اللہ تعالی) کی طرف سے وجود ملا ہو اور وہ کبھی معدوم نہ ہو، جیسے ''عقول عشرہ'' فلاسفہ کے مطابق واجب لغیرہ ہیں اور تعلیماتِ اسلامی کی رو سے کوئی چیز واجب لغیرہ نہیں ہے۔

ممتنع: وہ ہے جس کا خارج میں نہ ہونا ضروری ہو یعنی کسی چیز کا موجود نہ ہوسکنا جیسے شریک باری تعالی اجتماع ضدین اور ارتفاع ضدین وغیرہ۔

منع (اطراد): دخول غیر سے مانع ہونا یعنی جب معرِّف (تعریف) صادق آئے تو معرَّف (جس کی تعریف کی جائے) بھی صادق آئے۔

موجود خارجی: وہ موجود ہے جو خارج از ذہن وجود سے متصف ہو (یعنی صرف ذہنی وجود نہیں، بلکہ خارج میں بھی اس کا وجود ہو جیسے زید، عمر، آسمان وغیرہ۔

موجود ذھنی : وہ موجود ہے جو محض عقلی طور پر پایا جائے، یعنی صرف ذہن میں موجود ہو، جیسے چار کے عدد کا جفت یعنی قابلِ تقسیم ہونا۔

موجودذھنی حقیقی :وہ چیز جو ذہن میں حقیقۃً موجود ہو یعنی کسی فرض کرنے والے کے فرض کرنے پر اس کا وجود موقوف نہ ہو، جیسے چار کا جفت ہونا۔

موجود ذھنی فرضی :وہ چیز جس کو ذہن میں خلاف واقع فرض کیا گیا ہو، اسے موجود ذہنی کہتے ہیں، جیسے پانچ کا جفت ہونا۔

موجود نفس الامری :وہ چیز جو حقیقۃً موجود ہو کسی فرض کرنے والے کے فرض کرنے پر موقوف نہ ہو جیسے طلوع شمس اور وجود نہار کے درمیان ملازمت، یہ ہر صورت میں پائی جاتی ہے خواہ کوئی فرض کرے یا نہ کرے یا کوئی فرض کرنے والا موجود ہو یا نہ ہو۔

ناطق: معقولات (کلیات) کا ادراک کرنے والا ''یہ انسان کا فصلِ قریب ہے'' یہاں نطق سے نطقِ باطنی مراد ہے نہ کہ نطق ظاہری (بولنا)

نبی :وہ ایسا انسان ہے جسے اللہ تعالی اپنے بندوں کی طرف مبعوث فرماتے ہیں اپنے احکام پہنچانے کے لیے۔

نتیجه: دلیل اور حجت کو مکمل کرنے کے بعد حاصل ہونے والا اور دلیل و حجت سے لازم آنے والا قول۔

نوٹ: اسی نتیجے کو دلیل قائم کرنے سے قبل ''مدعیٰ'' کہا جاتا ہے اور دلیل قائم کرنے کے بعد ''نتیجہ'' کہا جاتا ہے،

خلاصۂ کلام: مدعی اور نتیجہ ذات کے اعتبار سے ایک ہیں حیثیت کے اعتبار سے مختلف

ہیں جیسے عالم حادث ہے، یہ ایک مدعی ہے اس کو ثابت کرنے کے لیے دلیل دی کہ عالم تغیر پذیر ہے، ہر تغیر پذیر چیز حادث ہے، اس کا نتیجہ یہ نکلے گا، عالم حادث ہے۔

نزاعِ لفظی: وہ اختلاف اور جھگڑا جو عرف ولغت اور اصطلاح سے متعلق ہو معنی سے متعلق نہ ہو جیسے مبتداء اور خبر کے درمیان جب کہ دونوں معرفہ ہوں ایک ضمیر لاتے ہیں جیسے "زید هو القائم" اس ضمیر کو بصریین "ضمیر فصل" کہتے ہیں اور کوفیین "عماد" سے تعبیر کرتے ہیں یہ نزاع لفظی کے قبیل سے ہے۔

نزاعِ معنوی: وہ اختلاف ہے جو لفظ کے معنی ومطلب سے متعلق ہو (الحاصل نزاعِ معنوی پر کوئی ثمرہ مرتب ہوتا ہے جب کہ نزاعِ لفظی پر کوئی ثمرہ مرتب نہیں ہوتا۔

نفس الامري اور واقع: یہ ہے کہ کوئی چیز اس طور پر موجود ہو کہ اس پر حکم لگانا صحیح ہو یعنی کسی فرض کرنے والے کے فرض کرنے پر موقوف نہ ہو، اور موجود فی نفس الامر اور موجود فی نفسہ دونوں ایک ہی چیز ہے۔

نقض کی لغوی تعریف: ٹوٹنا یا توڑنا۔

اصطلاحی تعریف: کسی حکم کا اپنی علت سے خالی ہونا یعنی ایسا ہو کہ علت تو پائی جارہی ہے لیکن اس کا حکم نہیں ہے، یا اس کے برعکس کہ حکم تو پایا جارہا ہے لیکن اس کی علت نہیں پائی جارہی ہے۔

نقض اجمالی: یہ ہے کہ دلیل کا انکار کردیا جائے یعنی پوری دلیل ہی کو تسلیم نہ کیا جائے۔

نقض تفصیلی: یہ ہے کہ دلیل کے کسی ایک مقدمے کو تسلیم نہ کیا جائے یا علی التعیین دونوں مقدموں کا انکار کردیا جائے۔

نقطه: خط کے کنارے کو کہتے ہیں وہ ایسا عرض ہے جو طول عرض عمق میں عقلا ووہماً، قطعاً وکسراً (کاٹ کر اور توڑ کر) کسی بھی طرح تقسیم کو قبول نہ کرتا ہو۔

خط: اس کی تعریف اوپر گزر چکی ہے۔

سطح: جسم کے کنارے کو کہتے ہیں، اور وہ ایسا عرض ہے جس میں صرف طول وعرض ہوتا

ہے عمق نہیں ہوتا، اس لیے وہ صرف طول وعرض میں تقسیم کو قبول کرتا ہے۔

نقوش : لکھے ہوئے حروف کو نقوش کہتے ہیں، جیسے ''ا، ب، ت'' وغیرہ۔

نکتہ: وہ دقیق (غامض) علمی مسئلہ ہے جو بڑے غور وفکر سے حاصل ہو، یعنی وہ بلیغ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے۔

وجہ تسمیہ: نکتہ کے لغوی معنی ہیں ''داغ، زمین کریدنے کا اثر''، اور نکتہ بھی دلوں میں اثر کرتا ہے۔

لطیفہ: مراد کو واضح کرنے والی باریک وغامض علامت جو ذہن میں آئے لیکن سمجھانے کے موقع پر الفاظ کے دائرے میں نہ آئے، جیسے ذائقہ دار چیزوں کے مزے، کہ ان کا تعلق سمجھانے سے نہیں ہے بلکہ چکھنے سے ہے۔

وجود :ایک بدیہی چیز ہے، جس کی صرف تعریف لفظی ہی ہوسکتی ہے، اور ہر وہ چیز جو عدم سے وجود میں آئے اسے موجود کہتے ہیں۔

وجود حقیقی: چیز کا خارج میں اپنی ذات (حقیقت) کے ساتھ پایا جانا جیسے ذات زید کا وجود۔

وجود ذہنی :چیز کا ابتدائی درجے میں بہ طور نمونے کے صرف ذہن وخیال میں پایا جانا، جیسے کوئی مضمون تحریر کرنے سے پہلے ایک ذہنی خاکہ تیار کیا جاتا ہے جس کو بعد میں لفظوں یا تحریر سے تعبیر کیا جاتا ہے یہاں پر ذہنی خاکے کو ''وجودِ ذہنی'' کہا جاتا ہے اور لفظوں سے تعبیر کو ''وجود لفظی'' اور تحریر سے تعبیر کرنے کو ''وجود کتابی'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

وجود لفظی: چیز کے وجودِ حقیقی اور وجودِ ذہنی پر دلالت کرنے والے لفظ کا پایا جانا۔

وجود کتابی: چیز کے وجود حقیقی و وجود ذہنی پر دلالت کرنے والے نقوش کا پایا جانا۔

وھم: نسبتِ خبری میں جانب راجح کے بالمقابل دل میں آنے والا (مرجوح) خیال اور احتمال، جیسے ایک نمازی کو تعداد رکعت میں شبہ ہو گیا کہ دو رکعت ہوئی یا تین، اس صورت میں اگر اسے دو رکعت کا شبہ ہو تو یہ وہم ہے۔

ھدایت: اشاعرہ کے نزدیک یقینی طور پر مقصود تک پہنچانے والے راستے کی راہ نُمائی کرنا؛ معتزلہ کے نزدیک مقصود تک پہنچا دینا (جیسے: جامع مسجد جانے والے کو راستے کی راہ نُمائی کرنا، یا جامع مسجد تک پہنچا دینا)۔

ھلم جراً: وہ محاورہ ہے جس سے کسی فعل کے دوام اور تسلسل کا قصد کیا جاتا ہے، یعنی علی ہذا القیاس اس پر دوسروں کو بھی قیاس کرو۔

ھویت: تشخص یعنی ایسی چیز جس کے ذریعہ شئے اپنے ماسوا سے ممتاز ہو جائے اسے ہویت کہتے ہیں۔

ھیولیٰ کی لغوی تعریف: یونانی لفظ ہے بمعنی اصل شئے اور مادۂ شئے۔

اصطلاحی تعریف: وہ جسم کے اندر ایسا جوہر ہے جو جسم کو پیش آنے والے اتصال و انفصال کو قبول کرتا ہے اور صورت جسمیہ اور صورت نوعیہ کا محل ہے۔

یقین: کسی نسبت خبری (کے پائے جانے یا نہ پائے جانے) کا پختہ علم جو واقع کے مطابق ہو اور تشکیکِ مشکک سے زائل نہ ہو۔

اہم مراجع ومصادر

- سلم العلوم
- شرح تہذیب
- کتاب التعریفات
- مفتاح التہذیب
- شرح العقائد
- ملا مبین
- قطبی (شرح شمسیہ)
- مرقات
- کشاف فی اصطلاحات الفنون
- دستور الطلباء
- مبادی الفلسفہ

ترجمہ اور ترکیب سیکھیں

دعائیہ کلمات

حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی دامت برکاتہم

مہتمم دارالعلوم دیوبند

مؤلف

واصف احمد مالیگانوی

متعلم دارالعلوم دیوبند

علوم عقلیہ میں علم منطق کو جو اہمیت حاصل ہے اس کی بنا پر ہر دور میں درس نظامی کے نصاب میں کتب منطق کو خاص مقام حاصل رہا ہے، یہ الگ بات ہے کہ ایک دور تھا جب منطق و فلسفہ اور دیگر علوم عقلیہ میں مہارت ہی کو معیارِ کمال سمجھا جاتا تھا، لیکن آہستہ آہستہ ان علوم سے متعلق کتابوں کی تعداد نصاب تعلیم میں کم ہوتی گئی، مگر اس امر سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ کم از کم منطق کی بنیادی اصطلاحات اور اہم ضوابط سے واقفیت کے بغیر بہت سی خالص دینی کتابوں کا بھی کما حقہ سمجھنا مشکل ہو جاتا ہے، وجہ یہ ہے کہ ان کتابوں میں خالص منطقی اصطلاحات کا جگہ جگہ استعمال کیا گیا ہے۔

اس وقت مولوی محمد اسجد سلّمہٗ کی مرتب کردہ کتاب ''معین المنطق'' پیش نظر ہے جس میں موصوف نے منطق کی مصطلاحات کو امہات کتب سے اخذ کر کے سلیقہ سے جمع کر دیا ہے، پہلا حصہ عربی زبان میں اور دوسرا حصہ اردو زبان میں ہے، امید ہے کہ سہولت پسندی کے اس ماحول میں یہ کتاب منطق سے شغف رکھنے والوں کے لیے فن سے مناسبت پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

(حضرت مولانا مفتی ابو القاسم نعمانی صاحب دامت برکاتہم، مہتمم دار العلوم دیوبند)

سوغاتِ قلبی

علم منطق کا خزانہ آ گیا — جو قلوبِ اہلِ فن کو بھا گیا

کلی اور جزئی کا ہے اس میں بیاں — ہو گیا اس سے معرف بھی عیاں

ہے تباین اور تساوی، عام بھی — خاص بھی ہے ناقصہ اور تام بھی

اس میں حجت اور کاسب، مکتسب — اصطلاحیں اس میں ہیں منطق کی سب

حشو، زائد کا نہیں اس میں گذر — اور کجی کا کچھ نہیں اس میں اثر

اصطلاحیں اس میں ہیں لکھی ہوئی — فنِ منطق کی کتابوں کی سبھی

نیز ہے مطلوب اس میں اختصار — تا کہ نہ ہو طالبِ منطق پہ بار

مولوی اسجدؔ نے جو لکھی کتاب — حق تعالیٰ اس پہ دے ان کو ثواب

علم منطق میں ہے یہ بے حد معین — اور غبی ہو جائے گا اس سے ذہین

نور کرتا ہے یہ مولیٰ سے دعاء — کر دے وہ مقبولیت اس کو عطاء

از: نور محمد سہارنپوری

DARUL MA'ARIF
DEOBAND-247554